

تاریخ مدینہ منورہ

مصوّر

ڈاکٹر محمد الیاس عبدالغنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تاریخ
مدینہ منورہ

پہلا ایڈیشن : ۱۴۲۴ھ/۲۰۰۳ء

کتاب اور اسکی تمام تصاویر ونقشوں کے جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں
دنیا کے کسی بھی علاقے میں مؤلف کی تحریری اجازت
کے بغیر اشاعت کی اجازت نہیں۔

ⓗ محمد إلياس عبدالغني ، ١٤٢٤هـ

عبدالغني ، محمد إلياس

تاريخ مدينة منورة./محمد إلياس عبدالغني .- المدينة المنورة،

١٤٢٤هـ

١٦٠ ص ؛ ٢٤سم

ردمك : ١-٧١٩-١٠-٩٩٦٠

١- المدينة المنورة - تاريخ ٢- المدينة المنورة - آثار أ- العنوان

ديوي : ٩٥٣,١٢٢ ١٤٢٤/٤٦٧٥

☆ ڈاکٹر محمد الیاس عبدالغنی - ص.ب: 447 - مدینہ منورہ K.S.A.
فون: 8389047 موبائل: 052506454 ای میل: ilyas_faisal@yahoo.com
☆ E-16 ڈیفنس سوسائٹی، لاہور، پاکستان

تاریخ
مدینہ منورہ

ڈاکٹر محمد الیاس عبدالغنی



بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین، والصلاۃ والسلام علی خاتم الانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ وأصحابہ ومن تبعہم إلی یوم الدین، رضی اللہ عنہم أجمعین، اما بعد: نبی رحمت ﷺ نے مدینہ منورہ کو ہجرت کیلئے منتخب فرمایا، اپنی دعوت کا مرکز بنایا، اسے اپنا حرم قرار دیا، اس کیلئے برکت کی دعا مانگی، زندگی کے آخری دس سال یہاں گذارے، آپ ﷺ کی قبر مبارک یہیں ہے۔ اِس شہر میں فوت ہونے والے کو اپنی شفاعت کی خوشخبری دی، ایمان سمٹ کر یہیں آئیگا، دجال یہاں داخل نہ ہوسکیگا اور طاعون کی بیماری اسمیں نہ پھیلے گی، یہ شہر آنکھوں کا نور ہے، دلوں کا سرور ہے، جہاں ہر قدم جائے عبرت ہے، اسکے اہم مقامات میں سے مسجد نبوی شریف مسجد قباء مسجد جمعہ اور تمام وہ مسجدیں ہیں جہاں آپ ﷺ کے پیارے صحابہ رضی اللہ عنہم نے نمازیں ادا کیں، اِن مقامات سے اسلامی یادیں وابستہ ہیں، اہل نظر کو یہاں آیات واحادیث کی تشریح، غزوات کی تاریخ اور معجزات کی تفصیل ملتی ہے، انصاری قبائل کی جگہوں کا تعین ہوتا ہے۔ یہاں فکری معلومات اور مشاہداتی مطالعہ کا باہمی ربط چودہ صدیوں سے جاری ہے۔

یہی وجہ ہے کہ خادم حرمین شریفین شاہ فہد نے مدینہ منورہ میں تاریخی اہمیت کی حامل مساجد کی نئی تعمیر وتوسیع اور مرمت کا خصوصی حکم دیا، تاکہ امت اسلامیہ میں موجودہ دور کی عظمت اور اسکے تابناک ماضی کی یاد تازہ ہوسکے۔

خالقِ کائنات نے فرشتوں کے سردار کو ایک مقدس پیغام دے کر اپنے آخری نبی ﷺ کے پاس بھیجا جس میں انصار صحابہ رضی اللہ عنہم کی عظمتوں کا اعتراف ہے۔ ارشاد ربانی ہے: اور جو لوگ اِن مہاجرین کی آمد سے پہلے ہی ایمان لا کر دار الہجرت میں مقیم تھے یہ اُن لوگوں سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کرکے ان کے پاس آئے ہیں اور جو کچھ بھی ان کو دے دیا

جائے اس سے اپنے دلوں میں تنگی محسوس نہیں کرتے اور اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں خواہ اپنی جگہ خود محتاج ہوں۔

اس کتاب میں مدینہ منورہ کے فضائل، اُسکی حدود، تاریخی مساجد، بعض تاریخی پہاڑ، کنووں اور وادیوں کا تذکرہ ہے، نیز غزوات کے محل وقوع اور قبائل انصار کے مقامات کو متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مزید وضاحت کیلئے تصاویر اور نقشوں کو شامل کتاب کر دیا ہے جنہیں کمپیوٹر ڈیزائننگ کے اعلیٰ معیار پر تیار کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس کتاب میں مندرجہ بالا تاریخی مقامات کا مختصر تعارف اور اُن کے بارے میں وارد شدہ آیات و احادیث میں سے بعض کا مختصر تذکرہ کیا گیا ہے جس سے ہر مضمون کا اجمالی خاکہ سامنے آیگا، اور تفصیلات کے لئے بڑی کتابوں کی طرف رجوع کرنا آسان ہوگا اور مطالعہ کا شوق بڑھے گا۔ نیز اس مضمون سے متعلقہ آیات و احادیث کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

میں نے یہ معلومات عام فہم انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔

یہ علمی گلدستہ اُن حضرات کی خدمت میں پیش ہے جو مدینہ منورہ کی تاریخ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ جسے میں نے تفسیر، حدیث، تاریخ، انساب اور قبائل کے باغیچوں سے چُن کر گلہائے رنگارنگ سے مزین کیا ہے۔ یہ میری عاجزانہ کاوش ہے۔ اسمیں جو کچھ صحیح ہے وہ اللہ کا فضل ہے اور اگر کوئی غلطی ہو تو میری کم علمی ہے۔ جو اس پر مطلع ہو وہ میری رہنمائی کر دے۔

مدینہ منورہ کے نام أسماءُ المدينةِ المنوّرةِ The Names of Madinah

- أرض الله
- الإيمان
- البَارّة
- البرّة
- البُحَيرة
- البَحِيرة
- الجابرة
- الجُنّة الحصينة
- الحبيبة
- الحرم
- حرم رسول الله
- حسنة
- الخيّرة
- الدار
- دار الأبرار
- دار الإيمان
- دار السنة
- دار السلام
- دار الفتح
- دار الهجرة
- الدرع الحصينة
- ذات الحرار
- ذات النخل
- سيدة البلدان
- الشافية
- طابة
- طائب
- طيبة
- ظبابا
- العاصمة
- العذراء
- الغرّاء
- غلبة
- الفاضحة
- القاصمة
- قبة الإسلام
- قرية الأنصار
- قلب الإيمان
- المؤمنة
- المباركة
- المجبورة
- المحبّبة
- المُحِبّة
- المحبوبة
- المحبورة
- المحرمة
- المحروسة
- المحفوفة
- المختارة
- مُدخل صدق
- المدينة
- المرحومة
- المرزوقة
- المسكينة
- المسلمة
- المطيبة
- المقدسة
- المقرّ
- المكينة
- الموفّية
- الناجية
- نبلاء
- النحر
- يندد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حدودِ مدینہ منورہ

ارشاد نبوی ہے: ''جبل عیر اور ثور کا درمیانی علاقہ حرم مدینہ ہے۔ جو شخص یہاں بدعات اور خلاف شریعت کام کا ارتکاب کرے یا کسی بدعتی اور بے دین شخص کو پناہ دے تو اس پر لعنت ہے اللہ کی، فرشتوں کی، اور تمام لوگوں کی، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے اعمال قبول نہیں کرے گا۔'' (صحیح مسلم حدیث نمبر ۱۳۷۰)

جبل عیر اور ثور کے درمیان تقریباً پندرہ کیلومیٹر کا فاصلہ ہے۔ یہ دونوں پہاڑ جنوب وشمال میں مدینہ منورہ کی حد ہیں۔ مشرق ومغرب کی جانب حدود حرم کا تعین کرتے ہوئے نبی خاتم ﷺ نے فرمایا: میں مدینہ منورہ کے دونوں محلوں (حرہ شرقیہ اور حرہ غربیہ) کے درمیانی علاقے کو حرم قرار دیتا ہوں۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر ۱۳۶۳)۔

حافظ ابن حجرؒ کہتے ہیں: فرشتوں اور لوگوں کی لعنت کا مقصد رحمت الٰہی سے دوری کے مفہوم کی تاکید ہے۔ اور یہاں لعنت سے مراد اِس گناہ کی سزا ہے جو کافر پر لعنت سے مختلف ہے۔ اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ گناہ کرنا اور گنہگار کو پناہ دینا برابر ہے۔ (فتح الباری ۴/۸۴)۔

واضح رہے کہ سعودی وزارت داخلہ کی ایک کمیٹی نے حرم مدینہ منورہ کی حدود کی نشاندہی کا کام مکمل کرلیا ہے اور مختلف مقامات پر ۱۶۱ برج نصب کیے گئے ہیں، جسکے بعد فضائی اور برّی راستوں سے حدودِ حرم کا تعین آسان ہوگیا ہے۔


القبلة
S
N
جبل عير (الحد الجنوبي لحرم المدينة المنورة)
Ayr Mountain
الطريق الدائري الثاني
4.5 km
دوسری دائری سڑک
الى مكة المكرمة
مسجد قباء
طريق الهجرة
Hijra Road
شارع عمر (طريق مكة القديم)
Quba Road
شارع قباء
Qurban Road
شارع الأمير عبدالمحسن
Awali Road
شارع سيدنا علي (العوالي)
Abdul Majid Road(Hizam)
شارع الأمير عبد المجيد (الحزام)
شارع العنبرية
Anbarin Road
شارع باب السلام
Al-Salaam Road
شارع خالد بن الوليد
Khalid Bin Walid Road
شارع أبي بكر (سلطانة)
Sultana Road
شارع الملك عبد العزيز
Abdul Aziz Road
SECOND RING ROAD
شارع المطار
Airport Road (Matar)
شارع أبي ذر
شارع الملك فهد
شارع سيد الشهداء
Sayyed Al-Shuhada Road
شارع عثمان (العيون)
Al-Oyun Road
الى الرياض و القصيم
جبل أحد
Uhud Mountain
Ahmad

حرہ شرقیہ: (قدیم نام حرہ واقم) حرہ اس زمین کو کہتے ہیں جس میں کالے نوکیلے پتھر ہوں، وہ دیکھنے میں یوں محسوس ہوتے ہیں کہ آگ میں جلے ہوئے ہیں۔ حرہ شرقیہ (مشرقی محلّہ) حرمِ مدینہ منورہ کی مشرقی حد ہے اس میں پانچ قبائل آباد تھے۔ قباء کی مشرقی جانب زہرہ مقام پر بنو نضیر یہودی آباد تھے۔ اُنکی شمالی جانب بنو قریظہ یہودیوں کی بستی تھی اُنکی شمالی طرف بنو ظفر کا علاقہ تھا اور اُن کے شمال مشرق میں بنو عبدالاشہل کا قبیلہ آباد تھا۔ اور اُن کے شمال میں بنو حارثہ کی بستی تھی۔

حرہ غربیہ: (قدیم نام حرہ وبرہ) حرم مدینہ منورہ کی مغربی حد ہے جیسا کہ حدیث نبوی میں وارد ہے۔ اس کے شمال مشرقی حصے میں بنو سلمہ کی بستی تھی، اس میں مسجد قبلتین ہے اور اس کے مغربی حصہ میں حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کا قلعہ نما محل، اُنکا مشہور کنواں اور زرعی زمین تھی۔ اور اس کے جنوبی علاقہ میں کھجوروں کے باغات ہیں اور قبا کا قلعہ ہے۔ یہودیوں کا قبیلہ بنو قنیقاع اسی قلعہ کے قرب وجوار میں آباد تھا۔

جبلِ عیر: یہ پہاڑ حرم مدینہ کی جنوبی حد ہے۔ مدینہ منورہ میں جبل احد کے بعد یہ دوسرا بڑا پہاڑ ہے۔ مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہوں تو یہ پہاڑ واضح نظر آتا ہے۔ مزید معلومات درج ذیل ہیں۔

مسجد نبوی سے فاصلہ	پہاڑ کی لمبائی	چوڑائی	سطح زمین سے بلندی	سطح سمندر سے بلندی	جبل احد سے فاصلہ
۸,۵ کیلومیٹر	۵,۴ - ۶ کیلومیٹر	۲ - ۳,۵ کیلومیٹر	۳۰۰ میٹر	۱ کیلومیٹر	۱۵ کیلومیٹر

[illegible]

جبل عير

جبل عیر

الجهات الأربع للمدينة المنورة

مدینہ منورہ کے چار محلے


Awali العـوالي
Eastern Harra الحرة الشرقية
Shameia الشامية
Al

جبل ثور: سرخ پتھر کا چھوٹا سا گول پہاڑ ہے اور جبل احد کی شمالی جانب واقع ہے۔ یہ حرم مدینہ منورہ کی شمالی حد ہے اور جبل عیر سے تقریباً پندرہ کیلومیٹر دور ہے۔ جبل عیر اور جبل ثور کا درمیانی علاقہ حرمِ مدینہ منورہ ہے۔ (واللہ اعلم)

مدینے کے لئے سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا

ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب ہم ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے تو یہاں بہت وبائیں پھیلی ہوئی تھیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ ہمارے لئے مدینے کو مکّے سے زیادہ محبوب بنا دے اور اس کو ہر لحاظ سے صحیح کر دے، اس کے صاع و مد (پیمانوں) میں برکت ڈال دے اور اِسکی بیماری کو جحفہ میں منتقل کر دے۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر ۱۸۸۹).

خلیفۂ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ منورہ میں مہنگائی ہو گئی اور لوگ مشقت میں پڑ گئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صبر و تحمل سے کام لو، میں تمہیں بشارت دیتا ہوں کہ میں نے تمہارے صاع و مد (پیمانوں) میں برکت کی دعا مانگی ہے۔ تم مِل جُل کر کھانا کھایا کرو، ایک آدمی کا کھانا دو کو کفایت کر جائے گا، اور دو کا کھانا چار کو، اور چار کا کھانا پانچ چھ آدمیوں کے لئے کافی ہے۔ اکٹھے رہنے میں برکت ہے، جو مدینے کی مشکل اور سختی پر صبر کرے گا میں قیامت کے دن اس کی گواہی دوں گا اور شفاعت کروں گا۔ اور جو اس سے اعراض کر کے چلا جائے گا اللہ تعالیٰ اُس سے بہتر شخص اِسمیں بھیج دے گا۔ اور جو کوئی مدینے کے ساتھ سازش کرنا چاہے گا اللہ تعالیٰ اس کو پانی میں نمک کی طرح پگھلا دے گا۔ (مجمع الزوائد ۳/۳۰۶)



رسم البقيع بعد التوسعة في عهد خادم الحرمين الشريفين حفظه الله

Baqe'e after extensions

شاہ فہد کی توسیع کے بعد بقیع کا نقشہ

شارع الملك فيصل (الستين)
480 m متر
التوسعة السعودية الثانية للبقيع
2nd Saudi Extension
شارع الملك عبدالعزيز
585 m متر
التوسعة السعودية الأولى للبقيع
1st Saudi Extension
8
7
1
9
البقيع قبل التوسعة
Baqe'e before Extension
6
5
4
3
2
1
10
شارع سيدنا علي بن أبي طالب
419 m متر
إدارة التجهيز والخدمات
240 m متر
جانب من توسعة المسجد النبوي الشريف
① فاطمة الزهراء، حسن بن علي، العباس، جعفر ﵃
② زينب، رقية، أم كلثوم رضي الله عنهن (بنات النبي ﷺ)
③ أزواج النبي ﷺ
④ عقيل، عبدالله
⑤ الإمام مالك، نافع رحمهما الله
⑥ ابراهيم ابن النبي ﷺ
⑦ عثمان بن عفان ﵁
⑧ ابو سعيد الخدري ﵁
⑨ شهداء الحرة ﵃
⑩ عاتكة، صفية (عمتي المصطفى)

کے لئے آج ہی وزٹ کریں : kalmati.blogspot.com



منظر جوي للبقيع بعد التوسعة — توسیع کے بعد بقیع کا فضائی منظر

إدارة تجهيز الموتى بجانب البقيع — بقیع سے متصل تجہیز وتکفین کا شعبہ



تھا۔ کل تم اٹھائے جاؤ گے، اور ہم بھی ان شاء اللہ تم سے آملینگے۔ اے اللہ بقیع غرقد والوں کی مغفرت فرما۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر ۱۱: ۹۷۴) لہٰذا انکی زیارت کرنا سنت ہے۔

اِس قبرستان کی آخری توسیع شاہ فہد کے زمانہ میں ہوئی، اب اسکا رقبہ ۱۷۴۹۶۲ مربع میٹر ہے جس کے گرد چار میٹر اونچی اور ۱۷۲۶ میٹر لمبی دیوار ہے۔

طیبہ اور طابہ: مدینہ منورہ کے مختلف نام ہیں۔ ان میں سے طیبہ اور طابہ بھی ہے جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک یہ طیبہ ہے۔ یہ گندگی کو نکال پھینکتا ہے جیسے آگ چاندی کی میل کچیل کو نکال دیتی ہے۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر ۱۳۸۴)

☆ نیز ارشاد نبوی ہے: جو مدینے کو یثرب کہے وہ اللہ تعالیٰ سے توبہ و استغفار کرے۔ یہ طابہ ہے، یہ طابہ ہے۔ (مجمع الزوائد ۳/۳۰۰)

حافظ ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ یثرب کے لفظ میں ملامت اور فساد کا معنی موجود ہے۔ اور آقائے مدنی ﷺ اچھے نام کو پسند کرتے اور بُرے نام کو ناپسند کرتے تھے۔ اور طیبہ اور طابہ کے الفاظ میں پاکیزگی کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ اور یہ مدینے کا نام ہے چونکہ یہ شہر اپنے باسیوں کے لئے پاکیزہ ہے، اور اِسکی مٹی اور ہوا میں اِس کا واضح اثر محسوس ہوتا ہے۔ یہاں رہنے والے اِسکے در و دیوار میں ایک پاکیزہ خوشبو محسوس کرتے ہیں جو کہیں اور نہیں ہوتی۔

مدنی کھجور کی فضیلت: نبی رحمت ﷺ نے فرمایا: جس نے مدینہ منورہ کی سات کھجوریں نہار منہ کھائیں اُسے شام تک کوئی زہر نقصان نہیں دے گا۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر ۲۰۴۷) اِس حدیث میں کسی خاص قسم کا تعین نہیں۔ البتہ بعض احادیث میں عجوہ کا تعین کیا گیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد نبوی ہے: جس نے صبح سویرے سات عجوہ کھجوریں کھائیں

مزید کتب پڑھنے کے لیے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

اُسے اِس روز کوئی زہر یا جادو نقصان نہیں دے گا۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر۵۷۶۹) نیز ارشاد نبوی ہے: (مدینہ منورہ کے جنوبی محلّے) عوالی کی عجوہ کھجور میں شفا ہے۔ اُسے صبح سویرے کھانا تریاق ہے (صحیح مسلم حدیث نمبر۲۰۴۸) صبح سویرے کھانے سے مراد نہار منہ کھانا ہے۔

مدینہ منورہ کی مٹی: (خاکِ شفاء) اگر کسی شخص کو کوئی تکلیف ہوتی یا اُسے پھوڑا پھنسی یا زخم ہوتا تو رسول رحمت ﷺ اپنی شہادت کی انگلی کو زمین پر لگا کر اُٹھاتے اور پڑھتے: اللہ کے نام کے ساتھ ہماری زمین کی مٹی ہمارے لعابِ دہن کے ساتھ بیماری سے شفا کا سبب ہے ہمارے رب کے حکم سے۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر۲۱۹۴)

واضح رہے کہ اِس حدیث میں مدینہ منورہ کی کسی خاص جگہ کا تعین نہیں۔ اور بطحان کی مٹی کے تعین والی روایت ضعیف ہے۔ نیز مدنی مٹی کو جلد پر لگانا ثابت ہے اسکو کھانا جائز نہیں۔

اہل مدینہ پر ظلم کرنے کی سخت سزا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ جو مدینہ میں رہنے والوں پر ظلم کرے اور انہیں ڈرائے دھمکائے تو اُسے ڈرا، دھمکا۔ اور اس پر اللہ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہو۔ اور اُس کا کوئی عمل قبول نہیں کیا جائے گا۔ (مجمع الزوائد۳/۳۰۶)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اہلِ مدینہ کو خوف و ہراس میں مبتلا کیا تو اُس نے میرے دل کو خوف و ہراس میں مبتلا کیا۔ (مجمع الزوائد۳/۳۰۶)

ایمان سمٹ کر مدینے آئے گا: نبی خاتم ﷺ نے فرمایا: (قیامت کے قریب) ایمان سمٹ کر مدینہ منورہ کی طرف آجائے گا جیسے سانپ اپنے سوراخ کی طرف سمٹ کر پناہ لیتا ہے۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر۱۸۷۶)


الشمال
N
S
جبل سلع
مسجد الفتح
مسجد سلمان الفارسي رض
مسجد سيدنا علي رض
مسجد سيدنا عمر رض
مسجد سعد بن معاذ رض
مسجد سيدنا ابوبكر رض
مسجد الراية
مسجد السبق
الفاروزية
باب قباء
زراعة
بئر
نخيل

المدينة المنورة

في سنة ١٩٤٧م

دجّال مدینے میں داخل نہ ہو سکے گا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر شہر میں دجّال آئے گا سوائے مکہ اور مدینہ کے کہ اِس کے ہر درّے پر فرشتے صف باندھے ہوئے حفاظت کر رہے ہوں گے۔ پھر مدینے میں زلزلہ کے تین جھٹکے محسوس ہوں گے اور اللہ تعالیٰ ہر کافر و منافق کو مدینے سے نکال دے گا۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر ۱۸۸۱).

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دجّال مشرق کی طرف سے آئے گا، وہ مدینہ پر قبضہ کرنا چاہے گا، اور جبل احد کے عقب میں پڑاؤ ڈالے گا اور ایک روایت میں ہے کہ جرف میں آ کر ٹھہرے گا تو فرشتے اُس کا رُخ شام کی طرف پھیر دیں گے اور وہ وہیں ہلاک ہو گا۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر ۱۳۷۹، ۲۹۴۳)

اور مسند احمد میں صحیح سند کے ساتھ منقول ہے کہ دجّال اِس شور زمین میں وادی قناۃ کی گذرگاہ تک آئے گا۔ (مسند احمد، حدیث نمبر ۵۳۵۳).

دجّال کی بابت حدیث: حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ نماز پڑھی، میں عورتوں کی صف میں تھی کہ رسول اللہ ﷺ نماز کے بعد مسکراتے ہوئے منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور فرمایا: تمہیں معلوم ہے کہ میں نے تمہیں کیوں جمع کیا ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ”اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم میں نے تمہیں کسی ترغیب یا ڈرانے کیلئے جمع نہیں کیا، البتہ اسلئے جمع کیا ہے کہ ایک عیسائی شخص تمیم داری نے آ کر اسلام قبول کیا ہے اور اُس نے دجّال کی بابت وہی بات بتائی ہے جو میں تمہیں بتایا کرتا تھا۔ اس نے مجھے بتایا کہ وہ تیس آدمیوں کے ہمراہ ایک کشتی میں سوار تھا جو ایک مہینہ

تک سمندری موجوں میں گھری رہی پھر مغربی جانب ایک جزیرہ پر جا رکی، وہ اِس میں داخل ہوئے تو ایک جاندار کو دیکھا جسکے جسم پر اتنے بال تھے کہ اسکے آگے پیچھے کی تمیز نہ ہوتی تھی، انہوں نے پوچھا کہ تم کون ہو؟ اس نے بتایا کہ میں جساسہ ہوں، انہوں نے پوچھا کہ جساسہ کا کیا مطلب؟ اس نے کہا کہ تم لوگ دیر میں بیٹھے ہوئے شخص کے پاس جاؤ وہ تم جیسے لوگوں سے ملنے کا مشتاق ہے۔ حضرت تمیم کہتے ہیں کہ جب اِس نے دوسرے شخص کا ذکر کیا تو ہمیں خطرہ محسوس ہوا کہ یہ شیطان ہے۔ بہر حال ہم جلدی سے دیر میں داخل ہوئے تو وہاں ایک عظیم الجثہ انسان ہے جسکے ہاتھ گردن کے ساتھ مضبوطی سے بندھے ہوئے ہیں اور وہ زنجیروں سے جکڑا ہوا ہے۔ ہم نے پوچھا کہ تو کون ہے؟ اُس نے کہا کہ تمہیں میری خبر تو ہوگئی ذرہ یہ تو بتاؤ کہ تم کون لوگ ہو؟ انہوں نے بتایا کہ ہم عرب ہیں کشتی میں سوار تھے ایک ماہ کی مسلسل سمندری موجوں نے ہمیں اِس جزیرہ میں لا پھینکا، ہم جزیرہ میں داخل ہوئے تو ہمیں بہت بالوں والا ایک جاندار ملا جس نے ہمیں اپنا نام جساسہ بتایا اور تیری طرف بھیج دیا، ہم جلدی سے تیری طرف آئے اور گھبرائے کہ وہ شیطان ہے۔ اس نے پوچھا کہ بیسان (اردنی شہر) کی کھجوروں کی کیا خبر ہے؟ ہم نے کہا کہ اُنکی کونسی بات پوچھنا چاہتا ہے، اس نے کہا کہ وہاں کی کھجوریں پھل دیتی ہیں؟ ہم نے اثبات میں جواب دیا تو اُس نے کہا ایک وقت آئے گا کہ وہ پھل نہیں دیں گی۔ پھر اُس نے کہا کہ بحیرہ طبریہ کی خبر دو۔ ہم نے کہا کہ اُسکی کونسی خبر؟ اُس نے کہا کہ کیا اُس میں پانی ہے تو لوگوں نے بتایا کہ اسمیں بہت پانی ہے؟ اُس نے کہا کہ ایک وقت آئے گا کہ یہ پانی خشک ہو جائے گا، پھر اُس نے چشمۂ زغر کی بابت پوچھا، لوگوں نے کہا کہ اُسکی کیا بات پوچھنا چاہتا ہے؟ اس نے

پوچھا کہ اس میں پانی ہے اور کیا لوگ اسے زراعت کیلئے استعمال کرتے ہیں؟ ہم نے بتایا کہ چشمہ میں پانی ہے اور زراعت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اُس نے کہا کہ امانت دار نبی کی کیا خبر ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ وہ مکہ میں ظاہر ہوئے ہیں اور یثرب منتقل ہوگئے ہیں، اُس نے پوچھا کہ کیا عربوں نے اُن سے جنگ کی؟ ہم نے اثبات میں جواب دیا۔ اس نے کہا کہ اس نبی نے اُن سے کیا معاملہ کیا؟ ہم نے بتایا کہ وہ اپنے قریب والے عربوں پر غالب آئے ہیں اور ان سب نے آپکی اطاعت قبول کرلی ہے۔ اس نے پوچھا کہ کیا واقعی ایسے ہو چکا ہے؟ ہم نے اثبات میں جواب دیا۔ اس نے کہا کہ یقیناً انکے لئے بہتر یہی تھا کہ وہ آپکی اطاعت قبول کرتے۔ اور اب میں تمہیں اپنی خبر بتاتا ہوں میں مسیح (دجّال) ہوں، عنقریب مجھے نمودار ہونے کی اجازت ملے گی پھر میں نکلوں گا اور زمین کا دورہ کروں گا اور چالیس دنوں کے اندر ہر بستی میں جاؤں گا سوائے مکہ اور مدینہ کے کہ میں انمیں داخلہ سے محروم کردیا گیا ہوں، اور جب بھی میں کسی ایک میں داخل ہونے کی کوشش کروں گا تو ایک فرشتہ تلوار سونت کر مجھے روک دے گا اور اُنکی ہر گھاٹی پر فرشتے محافظ بن کر کھڑے ہونگے۔

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے اپنے عصائے مبارک کو منبر پر مارا اور فرمایا: یہ طیبہ ہے یہ طیبہ ہے یہ طیبہ ہے۔ یعنی مدینہ۔ کیا میں نے تمہیں یہ سب کچھ بتایا تھا؟ لوگوں نے عرض کیا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے تمیم کی یہ بات پسند آئی کہ یہ اس بات کے مطابق ہے جو میں نے تم کو دجّال کے بارے میں اور مکہ و مدینہ کے بارے میں بتائی تھی... (صحیح مسلم، کتاب الفتن و اشراط الساعۃ)


AHMAD
مسجد نبوی شریف کی ابتدائی تعمیر ۱ھ
دور نبوی میں پہلی توسیع ۷ھ
حضرت عمرؓ کے دور میں دوسری توسیع ۱۷ھ
حضرت عثمانؓ کے دور میں تیسری توسیع ۲۹ھ
ولید اموی کے دور میں چوتھی توسیع ۹۱ھ
مہدی عباسی کے دور میں پانچویں توسیع ۱۶۵ھ
قایتبائی کے دور میں چھٹی توسیع ۸۸۸ھ
عبدالمجید ترکی کے دور میں ساتویں توسیع ۱۲۷۷ھ
ملک عبدالعزیز کے دور میں آٹھویں توسیع
ملک فہد کے دور میں نویں توسیع ۱۴۱۴ھ

مسجد نبوی شریف کے فضائل و آداب

نبی خاتم ﷺ نے اسکی بنیاد رکھی اور فرمایا: میری اِس مسجد میں ایک نماز ایک ہزار نمازوں سے افضل ہے سوائے مسجد حرام کے (صحیح بخاری حدیث نمبر: ۱۱۹۰)

زائرِ مسجد کو چاہیے کہ اس کے آداب کا خیال رکھے، دایاں پاؤں پہلے داخل کرے اور یہ دعا پڑھے: "بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰه ﷺ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ" اور مسجد میں سکون و ادب سے چلے، لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے، دروازوں اور گذرگاہوں میں نہ بیٹھے، ریاض الجنہ میں یا جہاں بھی جگہ ملے دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھے، پھر رسولِ رحمت ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہو کر صلاۃ و سلام عرض کرے، مسجد میں داخل ہوتے، نکلتے وقت اور صلاۃ و سلام پیش کرتے ہوئے خیال رکھے کہ دوسروں کو دھکا نہ لگے، رش کے دنوں میں سلام عرض کرنے کے لئے مناسب وقت کا انتخاب کرے، سلام کے بعد قبلہ رو ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دعائیں مانگے۔

واضح رہے کہ حجرہ شریفہ کی جالیوں کو چومنا، ان سے چمٹنا قبور شریفہ کو سجدہ کرنا یا اُنکے گرد طواف کرنا ہرگز جائز نہیں چونکہ شریعتِ اسلامیہ اسکی اجازت نہیں دیتی۔

مسجد نبوی شریف کی تعمیر و توسیع: جب آنحضور ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپنے یہ مسجد بنائی پھر مختلف اوقات میں اِسکی تعمیر و توسیع ہوتی رہی، ذیل میں اِن توسیعات کے اہم خدوخال کا بیان ہے۔

۱	توسیع نبوی ـہ ھ	اس توسیع کے بعد مسجد کا رقبہ ۵۰×۵۰ میٹر اور چھت کی بلندی ۳,۵ میٹر ہوگئی


إن الله وملائكته يصلون على النبي
يا أيها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما

۲	عہد فاروقی میں توسیع ۱۷ھ	جنوبی طرف ایک رو = ۵ میٹر، مغربی جانب دو رو = ۱۰ میٹر اور شمالی جانب ۱۵ میٹر توسیع کی اور باب السلام و باب النساء کا اضافہ کیا اور چھت کی بلندی ۵,۵ میٹر ہوگئی۔
۳	عہد عثمانی میں توسیع ۲۹ھ	جنوبی طرف ایک رو = ۵ میٹر، مغربی جانب ایک رو = ۵ میٹر اور شمالی طرف ۵ میٹر کا اضافہ کیا، اور تعمیر میں بذات خود شرکت کی۔
۴	عہد اموی میں توسیع ۹۱ھ	مغربی جانب دو رو = ۱۰ میٹر اور مشرقی جانب تین رو = ۱۵ میٹر اور شمالی جانب کچھ توسیع کی، مسجد پر ڈبل چھت بنوائی، مسجد کے ۲۰ دروازے، چار مینار اور محراب کا اضافہ کیا۔
۵	عہد عباسی میں توسیع ۱۶۵ھ	صرف شمالی جانب توسیع کی. مسجد کے بیس دروازوں کو باقی رکھا.اور صف اول پر چھت ڈال کر بند چبوترہ بنوایا۔
۶	قایتبائی کی توسیع ۸۸۸ھ	حجرہ شریفہ کی جالیوں کی مشرقی جانب ۱۲,۱ میٹر کا اضافہ کیا، ۱۱ میٹر بلند مسجد کی ایک ہی چھت بنائی اور حجرہ شریفہ پر دو گنبد بنائے۔
۷	عہد ترکی میں توسیع ۱۲۷۷ھ	حجرہ شریفہ کی جالیوں کی مشرقی جانب ۲,۶۲ میٹر توسیع کی، چھت کو گنبدوں کی شکل میں بنایا جن پر سیسہ کی تختیاں نصب کیں۔
۸	ملک عبدالعزیز کی توسیع ۱۳۷۲ھ	مشرقی مغربی اور شمالی جانب ۶۰۲۴ مربع میٹر توسیع کی جسکی چھت کی بلندی ۱۲,۵۵ میٹر ہے، اور تعمیر کا خرچہ ۷۰ ملین ریال ہے۔
۹	شاہ فہد کی توسیع ۱۴۱۴ھ	۸۲,۰۰۰ مربع میٹر توسیع کی اور مسجد میں نمازیوں کے گنجائش ۹ گنا بڑھ گئی. مسجد نبوی شریف کی تاریخ میں یہ سب سے بڑی توسیع ہے جس پر ۷۲,۲ ملیار ریال لاگت آئی۔



1st Saudi Extension سعودی توسیع I التوسعة السعودية I

2nd Saudi Extension سعودی توسیع II التوسعة السعودية II



مسجد نبوی شریف کا رقبہ اور گنجائش

پہلی توسیع مع ترکی عمارت	دوسری سعودی توسیع گراؤنڈ فلور	دوسری سعودی توسیع کی چھت	نمازیوں کے لئے تیار شدہ صحن	کل تعداد
۱۶۳۲۶ مربع میٹر، ۲۸,۰۰۰ نمازیوں کی گنجائش	۸۲۰۰۰ مربع میٹر، ۱۶۷,۰۰۰ نمازیوں کی گنجائش	۶۷,۰۰۰ مربع میٹر، ۹۰,۰۰۰ نمازیوں کی گنجائش	۱۳۵,۰۰۰ مربع میٹر، ۹۰,۰۰۰ نمازیوں کی گنجائش	۵۳۵,۰۰۰ نمازیوں کی گنجائش

مسجد نبوی شریف کے مینار: رسولِ رحمت ﷺ اور خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں مسجد نبوی شریف کے مینار نہ تھے، ۹۳ھ میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے تعمیر مسجد کے دوران چار مینار بنوائے جنکی بلندی تقریباً ۲۷,۵ میٹر تھی پھر نویں صدی ہجری میں قایتبائی نے باب رحمت کے باہر پانچواں مینار بنوایا، پہلی سعودی توسیع کے دوران تین مینار گرا کر شمالی جانب دو مینار بنوائے گئے جنکی بلندی ۷۲ میٹر ہے، دوسری سعودی توسیع کے دوران مزید چھ میناروں کا اضافہ کیا گیا جنکی بلندی ۱۰۴ میٹر ہے، انکے چاند کی بلندی ۶ میٹر اور وزن ۴,۵ ٹن ہے۔ اِس طرح مسجد نبوی شریف کے کل دس مینار ہیں واضح رہے کہ مینارِ گنبد خضراء کی بلندی ۴۴,۵۳ میٹر اور مینار باب السلام کی بلندی ۳۸,۸۵ میٹر ہے۔

گاڑیوں کی پارکنگ: مسجد نبوی شریف کی جنوبی شمالی اور مغربی جانب زیر زمین دو منزلوں پر مشتمل پارکنگ کا رقبہ ۲۹۰,۰۰۰ مربع میٹر ہے جسمیں ۴,۴۴۴ گاڑیاں کھڑی کرنے کی گنجائش ہے۔ یہاں چار منزلہ وضو خانوں میں ۶,۰۰۰ وضو کی ٹوٹیاں نصب ہیں اور ۲,۰۰۰ بیت الخلاء ہیں۔ واضح رہے کہ مشرقی جانب بھی اِسی انداز کی پارکنگ اور وضو خانے بنانے کی تجویز زیرِ غور ہے۔







دوسری سعودی توسیع کی بابت مختصر معلومات

متحرک گنبدوں کی تعداد	۲۷ گنبد
گنبدوں کی تزیین میں استعمال شدہ سونا	۶۸ کلوگرام
گراؤنڈ فلور کے ستون	۲,۱۷۴ عدد
ستونوں کی تزیین میں استعمال شدہ پیتل	۱,۶۰۰ ٹن
تہہ خانہ کے ستون	۲,۵۵۴ عدد
تہہ خانہ کا رقبہ	۷۹,۰۰۰ مربع میٹر
چھت کے ستون	۵۵۰ عدد
متحرک سیڑھیاں	۴ عدد
عام سیڑھیاں	۱۸ عدد
ایک دروازہ کا وزن	۲,۵ ٹن
نگران کیمروں کی تعداد	۵۴۳
مسجد کے گرد صحن کا رقبہ	۲۳۵,۰۰۰ مربع میٹر
گرینائیٹ پتھر سے مزین رقبہ	۴۵,۰۰۰ مربع میٹر
سفید ٹھنڈے پتھر والا رقبہ	۱۹۰,۰۰۰ مربع میٹر
بنیادوں کی گہرائی	۵,۴ میٹر
جنوبی ہال کا رقبہ	۱۰۰ x ۵ میٹر
ائر کنڈیشننگ کیلئے سرنگ کی لمبائی	۷ کیلومیٹر
سرنگ کی چوڑائی	۶,۱۰ میٹر
سرنگ کی بلندی	۴,۱۰ میٹر
بجلی گھر اور ائر کنڈیشننگ پلانٹ کا رقبہ	۷۰,۰۰۰ مربع میٹر



قصورة الجنوبية جنوبی ہال

باب المتحركة والأبواب دروازے اور متحرک گنبد

ریاض الجنۃ: نبی اکرم ﷺ کے حجرہ شریفہ اور منبر کی درمیانی جگہ ریاض الجنۃ کہلاتی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ ؓ نبی اکرم ﷺ کا ارشادِ گرامی نقل کرتے ہیں کہ میرے گھر اور منبر کے درمیان والی جگہ جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ہے اور میرا منبر قیامت کے دن حوض کوثر پر ہوگا۔ (صحیح بخاری:۱۸۸۸)

اس حدیث کی شرح میں علماء نے لکھا ہے کہ یہ جگہ جنت کے ایک باغیچہ کے عین نیچے ہے، یا یہ کہ یہاں ذکر واذکار سے جو نزولِ رحمت اور سعادت حاصل ہوتی ہے وہ ایسے ہی ہے جیسے جنت کے باغیچہ میں ہوں، یا یہ جگہ جنت کا حقیقی باغیچہ ہے اور قیامت کے روز یہ جنت میں منتقل ہو جائے گی۔

دنیا کی بہاریں صدقے ہیں جنت کی شگفتہ کیاری پر
کیا عطر میں ڈوبی روح فضا پُر کیف بہاریں ہوتی ہیں

منبر شریف کی فضیلت: ارشادِ نبوی ہے: میرا منبر جنت کے ایک اونچے دروازے کی سیڑھی ہوگا۔ (مجمع الزوائد ۴/۹)

☆ ارشادِ نبوی ہے: میرے منبر کے پائے بہشت کی سیڑھی ہوں گے۔ (سنن نسائی)

☆ ارشادِ نبوی ہے: جو شخص میرے منبر کے پاس جھوٹی قسم کھائے گا، خواہ سبز مسواک سے متعلق ہی ہو اُسکا ٹھکانہ دوزخ میں بن گیا۔ (سنن ابن ماجہ، ۲۳۲۵)

کہاں میں اور کہاں اِس منبر اقدس کا نظارہ
نظر اس سمت اُٹھتی ہے مگر دزدیدہ دزدیدہ

ستون حنانہ کی فضیلت: یہ ستون اس کھجور کے تنے کی جگہ پر ہے جسکے پاس رسول خاتم ﷺ نماز ادا کیا کرتے اور منبر بنائے جانے سے پہلے خطبہ کے دوران اِسکا سہارا لیتے تھے۔ ایک صحابیؓ نے عرض کیا کہ آقا پسند فرمائیں تو آپکے لئے منبر بنا دیں جسپر آنجناب جمعہ کے دن کھڑے ہوکر خطبہ دیا کریں تا کہ سب لوگ آپ کو دیکھ سکیں اور



Minber & Sacred Garden منبر وریاض الجنہ المنبر والروضة الشريفة

Mehrab Tahajjud محراب تہجد محراب التهجد



آپ کی آواز سنیں؟ آپ ﷺ نے اثبات میں جواب دیا تو تین سیڑھیاں بنادی گئیں اور انہیں اس جگہ رکھا گیا جہاں آج منبر ہے، جمعہ کے روز جب آپ ﷺ اُس تنے سے آگے بڑھے کہ منبر پر کھڑے ہوں تو اُس تنے نے چلاّنا شروع کردیا تا آنکہ وہ پھٹ گیا، اُسکی آواز سن کر نبی اکرم ﷺ منبر سے اُترے اور اُس پر ہاتھ پھیرا تو اسمیں سکون آ گیا پھر آپ ﷺ منبر کی طرف تشریف لائے، لیکن نماز اسی ستون کے پاس ادا فرماتے۔ بخاری کی روایت میں ہے کہ جب آنجناب ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے تو ہم نے اس تنے سے دس ماہ کی حاملہ اونٹنی جیسی آواز سنی۔ (سنن ابن ماجہ: ۱۴۱۴۔ صحیح بخاری ۳۵۸۵)

حضرت حسن بصریؒ جب یہ حدیث بیان کرتے تو رو پڑتے اور فرماتے: اللہ کے بندو یہ سوکھی لکڑی نبی اکرم ﷺ کی محبت میں تڑپتی تھی تم کو آپ ﷺ کی زیارت اور آخرت میں ملاقات کا شوق اس سے زیادہ ہونا چاہئے۔ (شرح الشفا ۳/۶۳)

ستون عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت: اس کا یہ نام اسلئے ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسکی جگہ متعین کر کے بتلائی جبکہ رسول خاتم ﷺ نے صرف اتنا بتایا تھا کہ مسجد میں ایک جگہ ایسی ہے کہ لوگوں کو اِسکی فضیلت معلوم ہو جائے تو وہاں نماز کی ادائیگی کے لئے آپس میں قرعہ اندازی کریں، صحابہ کرامؓ کے بچوں کی ایک جماعت نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کیا کہ ام المؤمنین وہ جگہ کونسی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہا خاموش رہیں، چنداں بیٹھنے کے بعد وہ چلے گئے، صرف انکے بھانجے عبداللہ بن زبیرؓ بیٹھے رہے، اِن حضرات نے آپس میں کہا کہ ہوسکتا ہے ام المؤمنین عبداللہ کو بتا دیں، خیال رکھو کہ وہ آج نماز کہاں ادا کرتے ہیں، کچھ دیر بعد وہ نکلے اور اِس ستون کے پاس نماز ادا کی، اُنکے ساتھی سمجھ گئے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اُنہیں یہ جگہ متعین کر کے بتادی ہے۔ یوں ستون قرعہ کی جگہ متعین ہوگئی۔ (مجمع الزوائد ۴/۱۰) اور وہ ستون عائشہؓ کے نام سے متعارف ہوا۔

ستون ابی لبابہ رضی اللہ عنہ: یہ منبر سے چوتھا ستون ہے اِس نام کا قصہ یہ ہے کہ

Mehrab Nabavi & Uthmani محراب نبوی وعثمانی المحراب النبوي والعثماني

Plate for Moazin چبوترہ موذن دكة المؤذن



جب نبی اکرم ﷺ نے بنو قریظہ یہودیوں کی غداری کی وجہ سے اُنکا محاصرہ کیا تو یہودیوں نے آنحضور ﷺ کو عرض کیا کہ ابولبابہ ؓ کو ہمارے پاس بھیج دیں ہم اُن سے مشورہ کرنا چاہتے ہیں۔ جب وہ گئے تو یہودیوں نے پوچھا: ابولبابہ تمہارا کیا خیال ہے کہ ہم محمد۔ ﷺ۔ کا فیصلہ تسلیم کرلیں حضرت ابولبابہ ؓ نے فرمایا: قبول کرلو اور ساتھ ہی گلے پر انگلی رکھ کر اشارہ کیا کہ ذبح کیے جاؤ گے۔ یہ کہتے ہی ابولبابہ ؓ کو احساس ہوا کہ بخدا اِس راز کو فاش کر کے میں تو اللہ اور اُسکے رسول ﷺ کیساتھ خیانت کا مرتکب ہوگیا ہوں، یہ سوچ کر آقا ﷺ کی خدمت اقدس میں آنے کی ہمت نہ ہوئی اور سیدھے آکر اپنے آپ کو مسجد نبوی شریف کے اِس ستون سے باندھ لیا اور فیصلہ کیا کہ اب اس جگہ سے نہیں ہٹوں گا اور کھانا نہیں کھاؤں گا تا آنکہ یہیں مر جاؤں یا اللہ تعالیٰ میری توبہ قبول کرلیں، وہ نو دن اسی حالت میں رہے اور بار بار بیہوش ہو جاتے تا آنکہ اللہ تعالیٰ نے نبی رحمت ﷺ پر اُنکی توبہ قبول ہو جانے کی وحی نازل کی تو آپ ﷺ مسکرائے، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ آپکو ہنستا مسکراتا رکھے آپ کس بات پر مسکرا رہے ہیں؟ آقا ﷺ نے فرمایا: ابولبابہ ؓ کی توبہ قبول ہوگئی۔ ام المومنین ؓ نے عرض کیا کہ ابو لبابہ رضی اللہ عنہ کو خوشخبری سنا دوں؟ ارشاد ہوا کہ جی چاہے تو سنا دو۔ جب انہوں نے خوشخبری سنائی تو لوگ انہیں کھولنے کے لئے آگے بڑھے، حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا تم نہیں بلکہ اللہ کے رسول ﷺ اپنے دستِ مبارک سے مجھے کھولینگے پھر جب آپ ﷺ آئے تو انہیں کھولا، حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: آقا میں نے نذر مانی ہوئی ہے کہ اپنا سارا مال صدقہ کردوں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تیسرا حصہ صدقہ کردو۔

حجرہ شریفہ: ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ حجرہ نو حجروں میں سے ایک ہے جہاں رحمت دو عالم ﷺ اور آپ کے دو جاں نثار، خلیفۂ اول حضرت ابوبکر صدیق وخلیفۂ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما آرام فرما ہیں۔ وہیں چوتھی قبر کی جگہ باقی ہے جہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام دفن ہوں گے۔



Metalic Screens جالیاں شبابيك المقصورة

Masjid's Boundary in 17 H عہد نبوی میں مسجد کی حد حد مسجد النبي ﷺ

تدفین کا قصہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے خواب دیکھا کہ تین چاند میری گود میں آ کر گرے ہیں۔ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو یہ خواب سنائی، جب اللہ کے رسول ﷺ میرے حجرہ میں دفن ہوئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ اُن تین چاندوں میں سے ایک ہے اور سب سے افضل ہے۔

آنحضور ﷺ کی وفات پیر کے دن ہوئی اور منگل کے دن تدفین ہوئی حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے اکیلے اکیلے حاضر خدمت ہو کر نماز جنازہ ادا کی۔ کچھ لوگوں کی رائے تھی کہ آقا ﷺ کو منبر کے قریب دفن کیا جائے دیگر کا خیال یہ تھا کہ بقیع میں تدفین ہو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے ارشادِ نبوی سنا ہے کہ نبی جہاں بھی اپنی جان جانِ آفریں کے سپرد کرے اُسے وہیں دفن کیا جاتا ہے۔ لہٰذا حجرہ عائشہ میں ہی آپکی تدفین ہوئی۔ غسل کے لئے جب قمیص اتارنے کی کوشش کی گئی تو ایک آواز سنی گئی کہ قمیص نہ اتارو، لہٰذا قمیص پہنے ہی آپ ﷺ کو غسل دیا گیا۔

☆ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو وصیت کے مطابق انہیں حجرۂ عائشہؓ میں آنحضور ﷺ کے پہلو میں دفن کیا گیا۔ اور یہ ان تین چاندوں میں سے دوسرا تھا۔

☆ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر قاتلانہ حملہ ہوا تو آپؓ نے اپنے صاحبزادہ عبداللہ بن عمرؓ کو فرمایا: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو کر میرا سلام عرض کرو اور اپنے ساتھیوں کے قریب دفن کی اجازت مانگو۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: یہ جگہ میں نے اپنے لئے رکھی ہوئی تھی لیکن آج میں انہیں اپنی ذات پر ترجیح دیتی ہوں۔ حضرت عمرؓ کو اطلاع ملی تو فرمایا: اس پڑوس سے بہتر میرے لئے اور کوئی چیز نہیں۔ (صحیح بخاری: ۱۳۹۲)

☆ حضرت عبداللہ بن سلامؓ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ کی صفت توراۃ میں موجود ہے اسمیں یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ساتھ دفن ہوں گے۔ حضرت ابومودود کہتے ہیں کہ حجرۂ شریفہ میں چوتھی قبر کی جگہ باقی ہے۔ (ترمذی: ۳۶۹۶)


16.5 m
المواجهة الشريفة
سيدنا رسول الله ﷺ
سيدنا أبو بكر رضي الله عنه
سيدنا عمر رضي الله عنه
16 m
اسطوانة السرير
اسطوانة الوفود
اسطوانة الحرس
بيت فاطمة
رضي الله عنها
حضرت فاطمہؓ کا مکان
باب فاطمة
7.5 m
Mehrab Tahajjud
محراب التهجد
Platform Tahajjud
چبوترہ تہجد
دكة التهجد
13 m
إعداد: [illegible]



Southern Wall جنوبی دیوار الجدار الجنوبي

Wall of 2nd Extension توسیعی دیوار جدار التوسعة















Marfat.com



☐	المواقف ودورات المياه / للرجال	مردانہ راستہ برائے پارکنگ، وضوخانہ	Entrance Parking & W.C for Male
☐	مدخل إلى المواقف / للعائلات	راستہ برائے فیملی	Entrance Parkingfor Family
☐	مدخل دورات المياه / للنساء	زنانہ راستہ برائے وضوخانہ	Entrance W.C for Female
┊	البلاط العازل للحرارة	ٹھنڈے پتھر والا صحن	White cold Marble Yard

الساحات حول المسجد النبوي الشريف ، زخرفة البلاط ومداخل المواقف ودورات المياه

مسجد نبوی شریف کے گرد صحن ، فرش کا ڈیزائن ، پارکنگ اور وضوخانہ کے راستے

Yard around the Holy Mosque, Design pattern,
Entrance for parking & W.C

Marfat.com



ساتھ خیانت کی ہے۔ تو قسم کھالی کہ اب کچھ نہ کھاؤں گا۔ مرجاؤں گا یا توبہ قبول ہو جائے گی، اور مسجد نبوی شریف میں آ کے اپنے آپ کو ایک ستون سے باندھ لیا اِس دوران بے ہوش ہو کر گر جاتے، نو دن بعد توبہ قبول ہو گئی۔ سورۂ انفال کی آیت نمبر ۲۷ انہیں کی بابت نازل ہوئی۔ مسجد نبوی میں ستون ابی لبابہؓ اِسی واقعہ کی یاد تازہ کرتا ہے۔

مسجد دار سعد بن خیثمہ رضی اللہ عنہ

حضرت سعد بن خیثمہ رضی اللہ عنہما کا یہ گھر آنحضور ﷺ کی ہجرت سے قبل ہی اسلام کا مرکز بن گیا. حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کبھی کبھی اِس میں نماز جمعہ بھی پڑھ لیتے تھے. جب آپ ﷺ ہجرت کر کے آئے تو حضرت کلثوم رضی اللہ عنہ کے مکان میں قیام فرمایا، اور اس دوران آپ ﷺ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے گھر میں بھی تشریف لاتے جو مسجد قبا کے جنوب مغربی کونے میں تھا، اِسی نسبت سے وہاں بعد میں مسجد بنادی گئی جو خادم حرمین شریفین شاہ فہد کے زمانہ میں مسجد قبا کی توسیع میں شامل ہو گئی۔

قوت ایمانی کا حسین مظاہرہ: غزوہ بدر کے موقعہ پر حضرت سعد اور اُنکے والد حضرت خیثمہ رضی اللہ عنہما میں قرعہ اندازی کی گئی کہ دونوں میں سے کون جہاد پر جائیگا؟ صاحبزادہ سعد رضی اللہ عنہ کا نام نکلا تو والد محترم کہنے لگے: بیٹا اپنی جگہ مجھے جانے دو۔ بیٹے نے عرض کیا: ابا محترم! اگر جنت کے علاوہ کسی اور چیز کا معاملہ ہوتا تو میں ایسا کر لیتا۔ الغرض حضرت سعد رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر میں شریک ہوئے اور مقام شہادت سے سرفراز ہوئے۔ اور اُنکے والد حضرت خیثمہ رضی اللہ عنہ غزوۂ احد میں شریک ہوئے اور مقام شہادت پر سرفراز ہو کر اُنکی تمنا پوری ہوئی۔ (الاصابہ ۲/۲۳)

Marfat.com


التوسعة السعودية الأولى
المسجد قبل التوسعة السعودية
حصوة
المسجد عند بناء النبي ﷺ
موقع دار كلثوم ابن الهدم ؓ
موقع دار سعد بن خيثمة ؓ
بجانب مسجد قباء قبل التوسعة السعودية الثانية

Ahmad

موقع داري سعد بن خيثمة ؓ و كلثوم بن الهدم ؓ مسجد قباء دوسری توسیع سے قبل حضرت سعد بن خیثمہ ؓ وکلثوم ؓ کے مکانات کامحل وقوع

دار سعد بن خيثمة ؓ حضرت سعد بن خیثمہ ؓ کا مکان



مسجد جمعہ

حضرت مصعب بن عمیر ؓ اور حضرت اسعد بن زرارۃ ؓ مدینہ منورہ میں نماز جمعہ پڑھاتے تھے، جب نبی مصطفیٰ ﷺ ہجرت کر کے آئے تو قباء میں قیام فرمایا، جمعہ کے دن وہاں سے مدینہ منورہ کیلئے روانگی ہوئی، مسجد قباء سے تقریباً ایک کیلومیٹر کے فاصلہ پر بنوسالم کی بستی میں نماز جمعہ ادا فرمائی، بنوسالم نے اُس جگہ مسجد بنالی، جو مسجد جمعہ اور مسجد بنی سالم کہلائی، اِس تاریخی اہمیت کے پیش نظر خادم حرمین شریفین شاہ فہد کے زمانہ میں اِسکی تعمیر وتوسیع کا اہتمام کیا گیا، اسمیں ۶۵۰ نمازیوں کی گنجائش ہے، مینار کی بلندی ۲۵ میٹر ہے۔

بنوسالم: (خزرجی) ان کی آبادی مسجد قبا کی شمالی جانب تقریباً ۸۰۰ میٹر کے فاصلہ پر اور مسجد نبوی شریف سے تقریباً اڑھائی کیلومیٹر دور تھی۔

☆ نبی خاتم ﷺ قباء سے مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوئے تو بنوسالم نے عرض کیا: آقا آپنے ہمارے چچازاد بنوعمرو بن عوف کو چند روزہ قیام کے شرف سے نوازا، ہمیں بھی کچھ شرف بخشیے! آپ ﷺ اُنکی بستی میں جلوہ افروز ہوئے اور جمعہ کی نماز ادا کی۔ وہاں جو مسجد بنی وہ مسجد جمعہ کہلائی۔

☆ اسی قبیلہ میں حضرت ابوحصین ؓ کے دو بیٹے عیسائی تھے۔ آپؐ نے انہیں اسلام پر مجبور کیا تو آیت ﴿لا اکراہ فی الدین...﴾ (سورۃ بقرہ:۲۵۶) نازل ہوئی۔

☆ اِسی قبیلے کے حضرت ابوخیثمہ ؓ غزوۂ تبوک سے رہ گئے۔ ایک دن سخت گرمی تھی، گھر پہنچے تو چھڑکاؤ کیا ہوا تھا۔ پانی ٹھنڈا اور کھانا تیار تھا۔ کہنے لگے: اللہ کے



مسجد الجمعة قديماً — مسجد جمعہ قدیم

مسجد الجمعة — مسجد جمعہ



Marfat.com

رسول ﷺ سخت دھوپ، لُو اور گرمی میں ہوں اور ابوخیثمہ ان نعمتوں میں! یہ انصاف نہیں ہے، اللہ کی قسم میں گھر میں داخل نہیں ہوں گا۔ پھر تیاری کی اور سامانِ سفر لیکر روانہ ہو گئے۔ تبوک میں آنحضور ﷺ کے قریب پہنچے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کرے یہ ابوخیثمہ ہو۔ صحابہؓ نے عرض کیا: آقا! وہی ہیں۔ حاضر خدمت ہو کر سلام عرض کر کے آپ بیتی سنائی۔ آپ ﷺ نے دعا دی۔

مسجد عتبان

انصار کے ایک سردار حضرت مالک بن عجلان رضی اللہ عنہ کا تعلق اِسی قبیلے سے تھا۔ اور انہی کے صاحبزادے حضرت عتبان رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے درخواست کی کہ آپؐ میرے گھر میں تشریف لا کر نماز پڑھیں تاکہ میں اس جگہ کو گھر کی مسجد بنالوں تو رسول رحمت ﷺ نے فرمایا کہ ان شاء اللہ میں ایسا کروں گا، ایک روز آنحضور ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور فرمایا کہ ہم تمہارے گھر میں کہاں نماز پڑھیں؟ حضرت عتبان رضی اللہ عنہ نے گھر میں ایک طرف اشارہ کیا، آپ ﷺ نے اللہ اکبر کہکر نماز شروع کر دی ہم نے بھی آپؐ کے پیچھے صف بنالی، آپنے دو رکعتیں پڑھکر سلام پھیر دیا۔ (تفصیل کیلئے: صحیح بخاری: ۴۲۵) یہ مسجد مسجد عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ کہلائی۔ اس کی جگہ اب مسجد جمعہ کی شمالی جانب چار دیواری کے اندر ہے اور مسجد منہدم ہو چکی ہے۔

مسجد بنی اُنَیف

مسجد قباء کے جنوب مغرب میں محلّہ کے اندر واقع ہے، حضرت طلحہ البراء رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے تو رحمتِ کائنات ﷺ اپنے اِس جاں نثار صحابی کی عیادت کیلئے تشریف لاتے رہے، اِسی دوران جہاں آپ ﷺ نے نمازیں ادا کیں وہاں بنواُنیف نے مسجد بنالی،



مسجد عتبان بن مالك ؓ مسجد عتبان بن مالک ؓ

مسجد بني أنيف مسجد بنی انیف



حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فوت ہوئے تو رحمتِ کائنات ﷺ نے ان کیلئے دعا کی:
''اے اللہ تو طلحہ کو مسکراتے ہوئے مل اور وہ تجھے مسکراتا ہوا ملے''۔

مسجد سقیا

عنبریہ میں ایک جگہ کا نام سقیا ہے جو قدیم ترکی ریلوے اسٹیشن کے اندر اور باہر ہے یہ جگہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی ملکیت تھی، یہاں مسجد سقیا ہے جو ریلوے اسٹیشن کی چار دیواری میں واقع ہے، اسکی تین گنبد والی موجودہ تعمیر ترکی دور کی ہے، اسکا رقبہ ۱۳×۵م = ۶۵ مربع میٹر ہے، سنہ ۱۴۲۳ھ/۱۴۲۴ھ میں اسکی ترمیم وتجدید ہوئی۔

☆ جب آنحضور ﷺ غزوہ بدر کیلئے روانہ ہوئے تو اِسی میدان میں ٹھہرے، وضوء کر کے نماز ادا کی. اہل مدینہ کیلئے برکت کی دعا مانگی اور لشکر کی تنظیم نو کی. حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں یہاں آنحضور ﷺ کے محترم چچا حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے دعاء استسقاء کرائی گئی.

☆ واضح رہے کہ اِس ریلوے اسٹیشن کو مدینہ منورہ کا عجائب گھر بنانے کا فیصلہ ہو چکا ہے، اور اس مقصد کے لئے اس کی ترمیم وتجدید کا کام جاری ہے۔

بئرِ سقیا: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا یہ کنواں سقیا مقام پر واقع تھا جو چودھویں صدی ہجری کے دوران سڑک کی توسیع کے پیش نظر دفن کر دیا گیا، اس کا تقریبی محل وقوع مسجد سقیا کی جنوبی طرف ریلوے اسٹیشن کی چار دیواری سے باہر ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ بدر جاتے ہوئے اس کے پانی سے وضو کیا نیز آپ ﷺ اسکا پانی نوش فرمایا کرتے تھے۔



مسجد السقيا وخلفه أمانة المدينة المنورة مسجد سقیا اور پس منظر میں بلدیہ مدینہ منورہ کا دفتر

مسجد العنبرية ومنطقة السقيا مسجد عنبریہ اور سقیا کا علاقہ

عیدگاہ

یہ میدان مسجد نبوی شریف کے جنوب مغرب میں ہے، رسول اکرم ﷺ نے اِس میدان میں مختلف جگہوں پر عیدالفطر وعیدالاضحیٰ کی نماز ادا فرمائی۔ نیز نجاشی کی نماز جنازہ اور بعض اوقات نمازِ استسقاء بھی یہیں ادا فرمائی۔

☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول رحمت ﷺ عیدالفطر وعیدالاضحیٰ کے دن اِس میدان میں تشریف لاتے، نماز عید ادا کر کے لوگوں کو وعظ ونصیحت فرماتے، اگر کوئی لشکر روانہ کرنا ہوتا تو روانہ فرماتے، کسی اور چیز کا حکم دینا ہوتا تو اس کا حکم دیتے۔ (صحیح بخاری:۹۵۶)

☆ حضرت عباد بن تمیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے اس میدان میں نماز استسقاء ادا فرمائی اور دعا کے بعد اپنی چادر کا رخ بدلا۔ (صحیح مسلم،۹:۸۹۴)

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے لوگوں کو نجاشی کی وفات کی خبر اسی روز سنائی اور اس میدان میں آ کر چار تکبیر سے نماز جنازہ ادا کی۔ (صحیح مسلم،۱۱:۹۵۱)

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ سفر سے واپسی پر اس عیدگاہ سے گذرتے تو قبلہ رو کھڑے ہو کر دعا فرماتے۔ (تاریخ مدینہ، ابن شبہ ۱/۳۳۸)

☆ مدینہ منورہ میں یہودیوں کا اپنا بازار تھا۔ رسول خاتم ﷺ نے میدان عیدگاہ کو مسلمانوں کا بازار قرار دیا تا کہ اسلامی تشخص قائم ہو اور مسلمان عزت نفس کے ساتھ اپنا کاروبار کریں، اسی پس منظر میں یہ جگہ مناخہ کہلائی کہ یہاں اونٹوں کے تجارتی قافلے پڑاؤ ڈالتے تھے۔

☆ تاریخی روایات سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ سنہ ۸۷ تا ۹۳ھ میں مدینہ منورہ کے گورنر بنے تو انہوں نے اِن تاریخی جگہوں پر مسجدیں بنوا دیں۔ ذیل میں اِن مساجد کا مختصر تعارف ہے:

مسجد غمامہ

مسجد نبوی شریف کے جنوب مغرب میں ۳۰۵ میٹر کے فاصلہ پر واقع ہے. نبی اسلام ﷺ آخری سالوں میں یہاں عید کی نماز ادا فرماتے تھے، اسی لئے تاریخی کتب میں اِس کا نام مسجد مصلّٰی (عیدگاہ والی مسجد) ہے. اندازہ ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے یہ مسجد بنوائی۔ موجودہ عمارت سلطان عبدالمجید ترکیؒ کے زمانہ کی ہے۔ خادم حرمین شریفین شاہ فہد کے زمانہ میں اِس کی ترمیم وتجدید کی گئی۔ آجکل یہ مسجد غمامہ کے نام سے متعارف ہے۔ قدیم تاریخی کتب میں یہ نام مذکور نہیں ہے۔

مسجد ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ

مسجد غمامہ سے ۴۰ میٹر اور مسجد نبوی شریف سے ۳۳۵ میٹر کے فاصلہ پر واقع ہے. خاتم النبیین ﷺ نے بعض اوقات عید کی نماز یہاں ادا فرمائی. پھر آپ ﷺ کے خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عید کی نمازیں یہاں پڑھائیں، لہذا غالباً حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے دور میں اِس جگہ بننے والی مسجد اُنہی کی طرف منسوب ہوگئی. اسکی موجودہ عمارت سلطان محمود خاں ترکی نے بنوائی، جسکی مرمت شاہ فہد نے ۱۴۱۱ھ میں کرائی. اسکی پیمائش 19,5×۱۵م = ۲۹۲,۵ مربع میٹر ہے۔

مسجد عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

مسجد نبوی شریف سے ۴۵۵ میٹر اور مسجد غمامہ سے ۱۳۲ میٹر کے فاصلہ پر واقع ہے. نویں صدی ہجری میں اِسکی ابتدائی تعمیر ہوئی. ۱۴۱۱ھ میں شاہ فہد نے اِسکی مرمت



مسجد الغمامة مسجد غمامہ

مسجد أبي بكر الصديق ؓ مسجد ابوبکر صدیق ؓ



کرائی۔ اسکا رقبہ ۳۲۵ مربع میٹر ہے اور گنبد کی اندرونی بلندی ۱۲ میٹر ہے۔

مسجد علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

مسجد نبوی شریف سے ۲۹۰ میٹر اور مسجد غمامہ سے ۱۲۲ میٹر کے فاصلہ پر واقع ہے. اِس جگہ بھی نبی خاتم ﷺ نے نماز عید ادا فرمائی. شاہ فہد نے ۱۴۱۱ھ میں اِس کی تعمیر نو اور توسیع کرائی. اسکا رقبہ ۳۱×۲۲م = ۸۸۲ مربع میٹر ہے اور مینار کی بلندی ۲۶ میٹر ہے۔

غزوہ بنی قینقاع (یہودی)

اِنکی آبادی مدینہ منورہ کے جنوب مغرب میں قبا کے قلعہ کے قریب تھی۔ یہ صنعتکار اور تاجر تھے۔ میثاق مدینہ کے مطابق مسلمانوں سے اُن کا معاہدہ تھا۔ لیکن غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی فتح کے بعد انہوں نے معاہدہ توڑتے ہوئے کہا: اے محمد (ﷺ) آپ کچھ اناڑی قریشیوں کو قتل کر کے خوش نہ ہوں آپ ہم سے لڑینگے تو پتہ چلے گا کہ کسی جنگجو سے واسطہ پڑا ہے۔ ارشاد ربانی ہوا: آپ کافروں سے کہہ دیجئے کہ عنقریب تم مغلوب ہو جاؤ گے اور جہنم کی طرف ہانکے جاؤ گے... (آل عمران ۱۲)

ایک شرمناک واقعہ: ایک دفعہ ایک مسلمان خاتون باپردہ حالت میں کچھ سامان تجارت بیچنے بازار گئی تو بنو قینقاع قبیلے کے بعض یہودیوں نے اسکو کہا کہ بے پردہ ہو کر سامان بیچو، اُس عزت مند خاتون نے اسلامی تعلیمات کا پاس رکھتے ہوئے انکار کر دیا جب وہ سامان بیچنے بیٹھی تو ایک شریر یہودی نے اُسکے دامن سے دھاگہ اٹکا کر کسی چیز سے باندھ دیا، خاتون کو اس کی خبر نہ ہوئی، کچھ دیر بعد جب وہ اٹھی تو اس کا دامن کھنچا اور وہ بے پردہ ہوگئی، بازار میں بیٹھے یہودی قہقہہ لگانے لگے۔ ایک مسلمان



مسجد عمر بن الخطاب ؓ — مسجد عمر فاروق ؓ

مسجد علي بن أبي طالب ؓ — مسجد علی بن ابی طالب ؓ



نے مسلم خاتون کو بے بسی کی حالت میں دیکھا تو اس کی غیرتِ ایمانی جوش میں آئی اور اس نے عورت کا دفاع کرتے ہوئے شریر یہودی کو قتل کر دیا۔ باقی یہودیوں کو چاہیے تھا کہ مظلوم کی مدد کرنے والے کا ساتھ دیتے یا کم از کم غیر جانبدار رہتے لیکن انہوں نے ظالم یہودی کا ساتھ دیا اور اس غیرتمند مسلمان کو قتل کر دیا۔

مسلم خاتون کی آبرو کے تحفظ اور مسلمان بھائی کا انتقام لینے کیلئے مسلمانوں نے بنو قینقاع کا محاصرہ کیا تو عبداللہ بن ابی منافق نے یہودیوں کی سفارش کی بالآخر انہیں شام کی طرف جلاوطن کر دیا گیا۔ مزید معلومات:

موقع محل	سال	امیر مدینہ	مسلم مجاہد	یہود کی تعداد	جنگ کا فوری سبب
قربان اور عوالی کا علاقہ	شوال ۲ھ =۶۲۴ء	حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ	مسلمانان مدینہ جو اسلحہ اٹھا سکتے تھے	۷۰۰ جنبیں ۳۰۰ درع بند تھے	معاہدے سے دستبرداری، مسلم خاتون کی توہین اور مسلمان کا قتل

مسلم علمبردار	شہداء اسلام	کافر مقتول	مدت محاصرہ	نتیجہ	قرآن کا نزول
حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ	-	-	۱۵ دن	یہود کی جلا وطنی	سورہ آل عمران کی آیت ۱۲، ۱۳، مائدہ کی آیت ۵۱ تا ۵۶

نوٹ: مسجد عثمان اور مسجد بلال شارع قربان پر واقع ہیں، انکی ابتدائی تعمیر پندرھویں صدی ہجری کے شروع میں ہوئی۔ یہ تاریخی مساجد میں سے نہیں ہیں۔



مسجد عثمان بن عفانؓ

مسجد عثمان بن عفانؓ

مسجد بلالؓ

مسجد بلالؓ



مسجد قبلتین

نبی اکرم ﷺ ظہر کی نماز یہیں ادا کر رہے تھے کہ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۱۴۴ میں تحویل قبلہ کا حکم نازل ہوا، ﴿فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَام﴾ آپ ﷺ قبلہ رو ہو گئے۔ اس لئے اِس مسجد کا نام مسجد قبلتین ہے۔ یہ مسجد شارع خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے کنارے اور وادی عقیق کے قریب ہے۔

خادم حرمین شریفین شاہ فہد نے ۱۴۰۸ھ میں اس کی موجودہ تعمیر و توسیع کی، جسمیں دو ہزار نمازیوں کی گنجائش ہے۔ واضح رہے کہ اب خانہ کعبہ ہی ہمارا قبلہ ہے، لہٰذا مسجد قبلتین یا کہیں بھی خانہ کعبہ کی بجائے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا قطعاً جائز نہیں، چاہے وہ فرض نماز ہو یا نفل۔

بنوسلمہ: خزرج کا مشہور قبیلہ ہے۔ اُنکی آبادی حرہ غربیہ کی شمالی جانب وادی عقیق کے قریب اور جبلِ سلع کی مغربی جانب تھی۔ مسجد نبوی سے فاصلہ تقریباً ۳.۵ کلومیٹر تھا۔

☆ جب انہوں نے مسجد نبوی شریف کے قریب منتقل ہونا چاہا تو رسول اکرم ﷺ کی دور اندیش نظر نے اِس علاقہ کے خالی ہو جانے کو دفاعی اور اقتصادی لحاظ سے مناسب نہ سمجھا اور فرمایا: اے بنوسلمہ مسجد نبوی تک اٹھنے والے قدموں کے ثواب کا خیال کرو۔

☆ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۲۲ میں جن دو جماعتوں کا تذکرہ ہے ان میں سے ایک جماعت بنوسلمہ کی ہے۔

☆ بنوسلمہ کے حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے بیعت عقبہ کی۔ آنحضور ﷺ نے اُن کے فرزند حضرت بشر رضی اللہ عنہ کو قبیلہ کا سربراہ مقرر کیا۔

☆ بنوسلمہ کے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی بابت ارشاد نبوی ہوا: ہمارا بہترین شہسوار ابوقتادہ رضی اللہ عنہ ہے۔

☆ بنوسلمہ رضی اللہ عنہم کا قبرستان مسجد قبلتین سے متصل مغربی جانب واقع ہے۔



مسجد القبلتين قديماً وحديثاً

مسجد قبلتین کا جدید وقدیم منظر

منظر جوي للمسجد ومنطقة بني سلمة

مسجد قبلتین کا فضائی منظر

Marfat.com

مسجد ابی ذر رضی اللہ عنہ

مسجد نبوی شریف کی شمالی جانب ۹۰۰ میٹر کے فاصلہ پر واقع ہے، تاریخی نام مسجد سجدہ ہے جسکی بنیاد حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کی روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ بیت المال کے ایک باغ میں تشریف لائے، اور وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کی اور ایک لمبا سجدہ کیا، میرے دل میں خیال آنے لگا کہ کہیں آپکی روح قبض نہ ہوگئی ہو۔ جب آپ ﷺ نے سجدہ سے سر اٹھایا تو فرمایا: کیا بات ہے؟ میں نے عرضؓ کیا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان آپؐ نے اتنا لمبا سجدہ کیا میں ڈر گیا کہیں اللہ تعالیٰ نے آپکو اپنے پاس بلا لیا ہو آپنے فرمایا: کہ جبریلؑ اللہ تعالیٰ کا پیغام لائے ہیں: جو آپ ﷺ پر درود وسلام بھیجے گا اللہ اس پر رحمت وسلامتی نازل فرمائیگا، اس عنایت پر میں نے سجدہ شکر ادا کیا۔

بعد میں اس جگہ مسجد بنا دی گئی جو مختلف تاریخی ادوار سے گذری تا آنکہ حکومت سعودیہ نے ۱۴۲۳ھ میں اسکو خوبصورت انداز میں تعمیر کیا جو ایک تہہ خانہ اور دو بالائی منزلوں پر مشتمل ہے، کل رقبہ ۱۸×۱۸م = ۳۲۴ مربع میٹر ہے۔

رسول اطہرؐ جہاں بھی ٹھہرے وہ منزلیں یاد کر رہی ہیں
جبینِ اقدس جہاں جھکی ہے وہ سجدہ گاہیں ترس رہی ہیں

مسجد بنی دینار

حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا ایک قبیلہ بنو دینار تھا۔ یہ انکی مسجد ہے۔ اِسکو مسجد غسالین اور مسجد مغسلہ بھی کہتے ہیں، چونکہ اِس محلّہ کا نام مغیسلہ ہے جو گورنر ہاؤس کی عمارت کے عقبی علاقہ میں محلّہ کے اندر ہے۔

مسجد أبي ذرؓ قديماً وحديثاً

مسجد ابوذرؓ کا جدید وقدیم منظر

مسجد بني دينار

مسجد بنو دینار



مسجدِ اجابہ

صحیح مسلم میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ ایک دن عوالی سے واپس آتے ہوئے بنو معاویہ کی مسجد سے گذرے تو اسمیں دو رکعت ادا کیں، حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے بھی آپکے ساتھ نماز پڑھی۔ آنحضور ﷺ نے اپنے رب کے حضور طویل دعا کی اور فرمایا: میں نے اپنے رب سے تین دعائیں مانگیں، جنمیں سے دو قبول ہوگئیں. میں نے دعا کی کہ میری امت قحط سالی کی وجہ سے تباہ نہ ہو. نیز میری امت غرق ہوکر تباہ نہ ہو. یہ دونوں دعائیں قبول ہوگئیں. تیسری دعا یہ تھی کہ میری امت باہمی لڑائی جھگڑے سے محفوظ رہے، یہ دعا قبول نہیں ہوئی۔ (۲۸۹۰)

ان دعاؤں کے بعد بنو معاویہ کی یہ مسجد مسجدِ اجابہ کے نام سے مشہور ہوگئی۔

یہ مسجد بقیع سے ۳۸۵ میٹر دور شارع فیصل (شارع ستین) کے کنارے واقع ہے۔ شاہ فہد کے زمانہ میں اسکی تعمیر وتوسیع ہوئی۔ مسجد کے شمال مشرق میں عورتوں کی نماز گاہ ہے جس کا رقبہ ۱۰۰ مربع میٹر ہے۔ مسجد کے جنوبی حصہ میں ۱۱,۷۰ میٹر بلند گنبد ہے جسکا قطر ۹,۵ میٹر ہے اور جنوب مشرق میں ۳۶ میٹر بلند مینار ہے۔

بنو معاویہ رضی اللہ عنہم : اوس کا قبیلہ ہے۔ اُن کی بستی بقیع کی شمالی جانب مسجد نبوی شریف سے تقریباً ۶۰۰ میٹر کے فاصلہ پر واقع تھی۔ مسجد بنی معاویہ انہی کی طرف منسوب تھی، رسول رحمت ﷺ نے اسمیں نماز ادا کی اور دعا فرمائی تو اس کا نام مسجد اجابہ مشہور ہوگیا۔

مسجد الإجابة قديماً وحديثاً   مسجد اجابہ کا جدید وقدیم منظر

موقع مسجد الإجابة من المسجد النبوي والبقيع   مسجد نبوی اور بقیع سے مسجد اجابہ کا محل وقوع


شارع الملك عبدالعزيز
285 m متر
شارع الملك فيصل (الستين)
580 m متر
شارع أبي ذر
مسجد الإجابة

Marfat.com

مسجد بنی ظفر

بنوظفر کی بستی حرہ شرقیہ میں بقیع کی مشرقی جانب تھی وہیں اُن کی مسجد تھی جو اب شارع ملک عبدالعزیز کے دائیں طرف ہیئہ کی بلڈنگ کے قریب ہے۔

☆ اُن کی بستی اسلامی دعوت وتبلیغ کا مرکز تھی، یہیں حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی ملاقات حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ سے ہوئی، اور اُن کا پورا قبیلہ بنوعبدالاشہل مسلمان ہوگیا۔

☆ ایک مرتبہ آنحضور ﷺ اور بعض صحابہ رضی اللہ عنہم اِن کے علاقے میں تشریف لائے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ قرآن سناؤ۔ میں نے عرض کیا: میں قرآن سناؤں اور آپ پر تو قرآن نازل ہوا ہے! آپ ﷺ نے فرمایا: میں کسی اور سے سننا چاہتا ہوں۔ میں نے سورۂ نساء پڑھنی شروع کی، جب اِس آیت پر پہنچا (آیت نمبر ۱۴۱) تو آپ ﷺ نے فرمایا: بس کرو۔ میں نے دیکھا تو آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر ۴۵۸۲)

☆ ایک دفعہ بنوظفر کے ایک صحابی حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ کے گھر بنواُبیرق نے چوری کی تو اُن کے بھتیجے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ کو اطلاع دی۔ ادھر بنوابیرق نے خدمت اقدسؐ میں آ کر عرض کیا کہ قتادہ اور اُن کے چچا نے بغیر گواہی اور ثبوت کے ایک مسلمان پر الزام لگایا ہے۔ آپ ﷺ نے حضرت قتادہؓ سے فرمایا: بغیر گواہی کے ایک مسلمان پر الزام لگا دیا؟ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کے دل میں خیال آیا کہ کاش میں آپ ﷺ کو نہ بتاتا۔ پھر چچا کو صورتحال بتائی تو انہوں نے کہا: اللہ المستعان. ادھر آنحضور ﷺ پر سورہ نساء کی آیت نمبر ۱۰۵ اور اس کے بعد والی آیات نازل ہوگئیں۔



موقع مسجد بني ظفر

مسجد بنوظفر کی جگہ

موقع قبيلة بني ظفر

قبیلہ بنوظفر کا علاقہ



مسجد فضیخ (مسجد بنی نضیر)

بنونضیر یہودی قبیلہ تھا جو مدینہ منورہ آ کر آباد ہو گیا اور مقامی عربوں کی قبائلی جنگوں میں فریق بن گیا، انکی بستی مدینہ منورہ کے جنوب مشرق میں مسجد نبوی شریف سے ۳,۵ کیلومیٹر اور مسجد قبا سے ایک کیلومیٹر کے فاصلہ پر تھی۔ جب نبی آخرالزماں ﷺ ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو ایک وسیع البنیاد معاہدہ کا اہتمام کیا، اس میثاق مدینہ نے قیام اَمن میں مدد دی، لیکن بنونضیر اپنی روایتی سازشوں سے باز نہ آئے، حتیٰ کہ انہوں نے سرتاج مدینہ ﷺ کو قتل کرنے کی سازش کی، آنحضور ﷺ نے انکا محاصرہ کیا جو چھ روز جاری رہا، بالآخر انکو مدینہ منورہ سے نکال دیا گیا، اس دوران جہاں صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کی اَمامت میں نماز ادا فرمائی، وہاں مسجد بنادی گئی جو مسجد بنونضیر کہلائی۔

☆ اسی دوران شراب کی حرمت نازل ہوئی تو جن حضرات کے پاس اِسکی کچھ مقدار تھی انہوں نے سب انڈیل دی، کسی بھی نشہ آور چیز کی بابت معلومات رکھنے والے جانتے ہیں کہ یہ اقدام اطاعت شعاری اور فرمانبرداری کی کتنی اعلیٰ مثال ہے، اسی بناء پر اُسے مسجد فضیخ بھی کہتے ہیں (فضیخ وہ شراب تھی جو انڈیل دی گئی)

غزوہ بنی نضیر: اِن یہودیوں کی مستقل سازشوں کی وجہ سے آنحضور ﷺ نے انکو دس دن کے اندر مدینہ سے نکل جانے کا حکم دیا، لیکن منافقین مدینہ کی شہ پر انہوں نے انکار کر دیا۔ ارشاد ربانی ہے: ”کیا آپ نے منافقوں کو نہیں دیکھا جو اپنے کافر اہلِ کتاب بھائیوں سے کہتے ہیں کہ اگر تمہیں نکالا گیا تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکلیں گے ...“ (سورہ حشر ۱۱) یہودیوں نے نکلنے سے انکار کیا، بالآخر آپ ﷺ نے اُنکا محاصرہ کیا، اور

هو الذي أخرج الذين كفروا
من أهل الكتاب من ديارهم لأول الحشر

موقع مسجد الفضيخ بجانب وادي مذينب — وادی مذینب کے کنارہ مسجد فضیخ کی جگہ

مسجد الفضيخ قديماً وموقعه — مسجد فضیخ اور اسکی جگہ



انہیں خیبر وشام کی طرف جلاوطن کردیا۔ اس غزوہ کی بابت مزید معلومات:

موقع محل	سنہ	امیر مدینہ	مسلم مجاہد	یہود کی تعداد	فوری سبب
قباء میں وادی مذینب کے قریب	ربیع الاول ۴ھ = ۶۲۶ء	عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ	مسلمانان مدینہ جو جہاد کے قابل تھے	قبیلہ بنونضیر	سرکار مدینہ ﷺ کے قتل کی سازش

شہداء اسلام	کافر مقتول	مدت محاصرہ	نتیجہ	قرآن کا نزول
–	۱۰	چھ راتیں	خیبر اور شام جلاوطنی	سورہ حشر، اور شراب کی حرمت

کعب بن اشرف اور اسکا قلعہ

وہ عرب کے قبیلہ نبہان سے تعلق رکھنے والا مالدار شاعر تھا۔ اس کی ماں یہودی تھی۔ یہود اور عرب قبائل سے اس کے اچھے تعلقات تھے۔ ابن جریر طبری حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں کہ سورۃ نساء کی آیت نمبر ۶۰ میں طاغوت سے مراد کعب بن اشرف ہے۔ اس کی اسلام دشمنی کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ اس نے غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی فتح پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا: اگر یہ خبر سچی ہے تو میرا زمین میں دفن ہوجانا باہر رہنے سے بہتر ہے۔ نیز اس نے یہود و مشرکین کے سرداروں کو مسلمانوں کے ساتھ جنگ پر اکسایا اور اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ اس کی اسلام دشمنی اس حد تک پہنچ گئی کہ وہ اپنے اشعار میں نبی اسلام ﷺ، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و صحابیات رضی اللہ عنہن کے خلاف ہرزہ

قلعة كعب الأشرف وبئره کعب بن اشرف کا قلعہ اور کنواں

قلعة كعب الأشرف کعب بن اشرف کے قلعہ کے کھنڈرات

سرائی کرنے لگا۔ نتیجۃً آپ ﷺ کے حکم کے مطابق اسے قتل کر دیا گیا۔

اس کا قلعہ مدینہ منورہ کے جنوب مشرق میں بطحان ڈیم کے رستہ میں دائیں طرف واقع ہے۔ جو گرینائٹ پتھروں کا بنا ہوا تھا، اس کے کھنڈرات اب بھی باقی ہیں اس کے جنوب مشرقی کونے میں ایک کنواں ہے۔

قتل کا واقعہ: ارشاد نبوی ہوا: کعب بن اشرف نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو تکلیف پہنچائی ہے، اسے کون ٹھکانے لگائے گا؟ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: آقا میں حاضر ہوں۔ محمد ابن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اسی مشن کی منصوبہ بندی اور تیاری میں تین دن تک کھانا بھی اہتمام سے نہ کھایا۔ بالآخر کعب کو ملے اور دونوں میں یہ گفتگو ہوئی: میں تم سے قرضہ لینے آیا ہوں۔ بس تم اپنی عورتیں بطور ضمانت میرے پاس رکھ دو۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ جبکہ تم عرب کے خوبصورت شخص ہو۔ چلو اپنے بچے رہن رکھو۔ یوں لوگ انہیں طعنے دیں گے کہ تمہیں رہن رکھا گیا۔ البتہ ہمارا اسلحہ ضمانت رکھ لو۔ کعب مان گیا۔ محمد ابن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اچھا میں اپنے چار ساتھیوں کو بھی لے آؤں۔

آقا ﷺ نے ان سب کو دعائیں دے کر روانہ کیا، رات کو کعب کے قلعے میں پہنچے تو محمد ابن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے ساتھیوں کو کہا: جب میں اس کو قابو کر لوں تو تم وار کر دینا۔ جب کعب آیا تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس کو کہا۔ کیوں نہ بقیہ رات گھوم پھر کر خوش گپیوں میں گذاریں؟ کعب نے ہاں میں جواب دیا۔ تھوڑی دیر سیر کے بعد محمد ابن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: تم سے کتنی اچھی خوشبو آ رہی ہے! کعب نے کہا: چونکہ میری فلاں بیوی عرب کی معطر عورت ہے۔ محمد ابن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: تمہارے سر کی خوشبو سونگھ لوں۔ کعب نے اجازت دی۔ پھر تھوڑی دیر بعد محمد ابن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے خوشبو سونگھنے کی اجازت لیکر اس کے سر کو قابو کر کے کہا: اللہ کے دشمن کو قتل کر دو۔ اور وہ قتل کر دیا گیا۔

جُرف

یہ علاقہ مدینہ منورہ کے شمال مغرب میں وادی عقیق کے کنارہ پر واقع ہے، آبادی کے پھیلاؤ کے بعد وہ مدینہ منورہ کا محلّہ بن گیا ہے اور جامعات روڈ اسکے درمیان سے گذرتی ہے، وہاں ایک تفریحی پارک بھی ہے جسکا نام ''حدیقۃ النخیل'' ہے۔

☆ آقائے مدنی ﷺ نے حضرت اُسامہ بن زید ؓ کی قیادت مین ایک لشکر شام کے عیسائیوں کیساتھ جنگ کے لئے بھیجا، ابھی وہ جُرف میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھا کہ انہیں آنحضور ﷺ کی ناسازیٔ طبع کی اطلاع ملی، انہوں نے فیصلہ کیا کہ آقا ﷺ کی طبیعت بحال ہو جانے کے بعد اگلا سفر طے کریں گے مگر اُس بے نیاز رب کی مرضی کہ ہمارے آقا ﷺ کا سفر آخرت شروع ہو گیا۔ پھر آپ ﷺ کے خلیفۂ اول حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے اس لشکر کو روانہ کیا۔

☆ حضرت مقداد بن اسود ؓ مقامِ جُرف میں فوت ہوئے اور انہیں بقیع میں دفن کیا گیا۔

☆ دجّال جرف میں آ کر ٹھہرے گا لیکن اللہ کے فرشتے اُسے مدینہ منورہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے۔ صحیح مسلم میں ہے کہ مسیح دجّال مشرق کی طرف سے آ کر جبل اُحد کے پیچھے جُرف کی شور (نمکیلی) زمین میں ٹھہریگا تو فرشتے اس کو شام کی طرف بھگا دیں گے اور وہ وہیں ہلاک ہوگا۔ (حدیث نمبر ۱۳۷۹ - ۲۹۴۳) مسند احمد کی روایت میں ہے کہ دجّال وادی قناۃ کی شور زمین میں آئے گا۔ (حدیث نمبر ۵۳۵۳) تو مدینہ میں تین جھٹکے آئنگے جن سے اللہ تعالیٰ ہر کافر و منافق کو مدینہ منورہ سے نکال دیں گے (صحیح بخاری: حدیث نمبر ۱۸۸۱) واضح رہے کہ وادی قناۃ کی گذرگاہ بھی جرف کے قریب ہے۔

مسجد سبق

مسجد نبوی شریف کے شمال مغرب میں ۵۲۰ میٹر کے فاصلہ پر واقع ہے، نویں صدی ہجری میں یہ مسجد اس میدان میں بنائی گئی جہاں آنحضور ﷺ کے زمانہ میں گھڑ سواری کی تربیت ہوتی تھی۔ مسجد کی موجودہ بلڈنگ شاہ فیصلؒ کے زمانہ میں تعمیر ہوئی. اور اسکی مرمت شاہ فہد کے زمانہ میں ہوئی۔ واضح رہے کہ گھڑ سواری یہاں سے شروع ہوکر دو منزلوں پر مکمل ہوتی، پہلی منزل قبیلہ بنوزریق کی بستی اور دوسری منزل مقام حفیاء تھی۔

حفیاء: مدینہ منورہ کے باہر جبل احد کی مغربی جانب غابہ کے قریب ایک جگہ ہے۔ مسجد نبوی شریف سے تقریباً دس کیلومیٹر کے فاصلے پر ہے، نبی اکرم ﷺ کے زمانہ میں گھوڑوں کی ریہرسل یہاں تک ہوتی تھی۔ حضرت عبداللہ بن عمر ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک گھوڑوں کی ریہرسل کرائی۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر ۱۸۷۰) حفیاء اور ثنیۃ الوداع کے درمیان تقریباً 9 کیلومیٹر کا فاصلہ ہے۔

بنوزریق: انصار کا مشہور قبیلہ ہے، اِنکی رہائش مسجد غمامہ اور مسجد نبوی شریف کی جنوبی طرف تھی جوکہ موجودہ شرعی عدالت کے قریب تھی۔

☆ اِنکی بستی میں ایک مسجد تھی جو مسجد بنی زریق کے نام سے معروف تھی۔ اِسکی بابت مؤرخین لکھتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں سب سے پہلے قرآن کریم کی تلاوت یہاں ہوئی چونکہ بنوزریق کے ایک شخص حضرت رافع بن مالک ؓ بیعت عقبہ کے دوران آنحضور ﷺ سے ملے تو آپ ﷺ نے اِن کو قرآن پڑھایا، جواُنھوں نے مدینہ منورہ آکر اپنے قبیلہ کو پڑھایا۔



مسجد السبق　　　　　　مسجد سبق

موقع مسجد االسبق من المسجد النبوي　　　　　　مسجد نبوی سے مسجد سبق کا محل وقوع


520m متر
محطة كهرباء
مكتبة الملك عبد العزيز
مسجد السبق
أحمد إلياس

☆ اِس بستی کا ایک تذکرہ گھڑ سواری کی تربیت کے ذیل میں ملتا ہے کہ ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زریق تک گھڑ سواری ہوتی تھی۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر ۱۸۷۰)

☆ بئر ذروان بھی اِسی بستی میں تھا جہاں ایک جادوگر منافق لبید بن اعصم نے آنحضور ﷺ پر جادو کر کے دفن کر دیا تھا اور حضرت جبریل علیہ السلام کے بتانے پر اُسے نکالدیا گیا۔ (تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو صحیح بخاری. حدیث نمبر ۵۷۶۵) اور اِس جادو کے علاج کے طور پر حضرت جبریل علیہ السلام نے سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھی۔

ثنیۃ الوداع: لغت کے اعتبار سے پہاڑوں کے درمیان والے راستہ کو ثنیہ کہتے ہیں۔ مدینہ منورہ میں دو ثنیہ مشہور ہیں ایک تو شمالی جانب ہے۔ خیبر تبوک اور شام جانے والے یہاں سے گذرتے ہیں، جو پندرھویں صدی ہجری کے آغاز میں سڑک کی توسیع میں آ گیا۔ یہ ثنیہ شارع سید الشہداءؓ اور شارع ابوبکرؓ کے سنگم پر واقع تھا۔ جس کا فاصلہ مسجد نبوی شریف کے شمال مغربی کونے سے تقریباً سات سو پچاس میٹر ہے۔ اس پر ایک مسجد بھی بنی ہوئی تھی جو مسجد ثنیۃ الوداع کے نام سے مشہور تھی۔ دوسرا ثنیہ قباء کی طرف تھا قبا کے راستے سے مکہ مکرمہ آنے جانے والے وہاں سے گذرتے تھے اس کی تقریبی جگہ قباء کے قلعے اور مسجد جمعہ کے قریب ہے۔ آپ ﷺ کا استقبال کرتے ہوئے بنو نجار کی بچیوں نے طلع البدر علینا کا ترانہ یہاں پڑھا تھا۔

ثنیاتِ وداعی پر پہنچ کر یاد آتے ہیں
طلوع بدر کے نغمے بنو نجار کی باتیں
زبان پر اشرق البدر علینا کی صدائیں تھیں
دلوں میں ما دعیٰ للہ داعٍ کی دعائیں تھیں



موقع ثنية الوداع الشامية والمسجد   شمالی ثنیۃ الوداع اور مسجد کا منظر

مسجد الغمامة وموقع بني زريق   مسجد غمامہ اور بنوزریق کا علاقہ



مسجد شیخین

شارع سید الشہداءؓ کے قریب مسجد مستراح کے جنوب میں ۳۰۰ میٹر کے فاصلہ پ
واقع ہے. غزوہ احد کے لئے جاتے ہوئے آپ ﷺ اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے ایک
رات یہاں قیام فرمایا، عصر مغرب اور عشاء کی نماز ادا کی، لشکر کی تنظیم نو کی، کم ع
صحابہ رضی اللہ عنہم کو یہاں سے واپس بھیجدیا۔

اُحد کے دامنوں میں فوج باطل تھی قیام آراء
ہوا شیخین میں اللہ کا لشکر قیام آراء

موجودہ بلڈنگ ترکی دور کی ہے۔ خادم حرمین شریفین شاہ فہد کے دور میں سن
۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۷ء کے دوران اسکی مرمت ہوئی۔

مسجد مستراح

کہا جاتا ہے کہ رحمۃ للعالمین ﷺ نے غزوہ احد سے واپسی پر یہاں آرام کیا
قریب ہی بنو حارثہؓ کا قبیلہ آباد تھا، غزوہ اَحزاب سے قبل جو خندق کھودی گئی وہ یہاں
سے شروع ہوکر مساجد فتح تک چلی گئی تھی۔ یزید بن معاویہ رضی اللہ عنہ کا لشکر اِسی طرف سے
مدینہ منورہ میں داخل ہوا تھا۔

خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز کے زمانہ میں مسجد مستراح کی موجودہ تعمیر
وتوسیع ہوئی. یہ مسجد سید الشہداءؓ روڈ پر واقع ہے۔

بنو حارثہ رضی اللہ عنہم : (اوس) اِنکی آبادی وادی قناۃ کے کنارے، مسجد شیخین کی شمالی
جانب، حرہ شرقیہ کے مغربی حصہ میں اور شارع سید الشہداءؓ کے قریب واقع تھی۔



مسجد الشيخين مسجد شیخین

مسجد المستراح مسجد مستراح کا جدید وقدیم منظر



Marfat.com

☆ یہ اُن دو قبیلوں میں سے ایک ہیں جنکی بابت سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۲۲ ﴿إذ همت طائفتان منكم أن تفشلا...﴾ نازل ہوئی اور انہی کے بارے میں سورہ احزاب کی آیت نمبر ۱۳ ﴿ويستأذن فريق منهم النبي يقولون إن بيوتنا عورة...﴾ نازل ہوئی۔

☆ انہیں نماز عصر کے دوران تحویل قبلہ کی اطلاع ملی تو باقی دو رکعتوں میں وہ قبلہ رو ہو گئے۔

☆ ایک دفعہ نبی اکرم ﷺ بنو حارثہ کے علاقے میں تشریف لائے تو فرمایا: مجھے لگتا ہے کہ تم حدود حرم سے باہر ہو، پھر مُڑ کر دیکھا تو فرمایا: نہیں بلکہ تم حرم میں ہی ہو۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر ۱۸۶۹)۔

☆ خندق کا آغاز انہی کے علاقے سے ہوا اور جبل سلع کے سامنے سے گذر کر جبل بنی عبید کے پاس اختتام پذیر ہوا۔

☆ یزید بن معاویہؓ نے لشکر بھیجا تو اہل مدینہ نے خندق کو از سر نو تازہ کر لیا۔ جب لشکر کو راستہ نہ ملا تو بنو حارثہ کے علاقے سے مدینہ منورہ داخل ہوا، اور قریب ہی وقعہ حرہ پیش آیا۔

☆ انہی بنو حارثہ میں سے حضرت محمد بن مسلمہ ؓ بڑے عالم اور بہادر تھے، بعض غزوات میں آنحضور ﷺ نے انہیں امیر مدینہ مقرر کیا۔ جب کعب بن اشرف یہودی نے مسلم خواتین کا تذکرہ اپنے اشعار میں کیا تو مسلمانوں کو گراں گذرا، آنحضور ﷺ نے فرمایا: کون اِس یہودی کا کام تمام کرے گا؟ محمد بن مسلمہ ؓ نے عرض کیا میں حاضر ہوں۔ اِس ذمہ داری کے احساس میں تین دن تک کھانا پینا چھوڑے رکھا۔ بس اتنا کھاتے کہ جان بچی رہے، تا آنکہ اُسے قتل کر کے دم لیا۔



مسجد المستراح قديماً وبجانبه القلعة

مسجد مستراح اور قلعہ کا قدیم منظر

مسقط جوي لجبل أحد

جبل احد کا فضائی نقشہ


الجنوب
S
N
الشمال
3 km
كم
مسقط جوي لجبل أحـد

جبلِ احد

مدینہ منورہ کی حدود میں شمالی جانب واقع ہے۔ اِسکی لمبائی مشرق سے مغرب کی طرف ہے، اس کی مختلف چوٹیاں ہیں۔ مزید معلومات درج ذیل ہیں:

مسجد نبوی سے فاصلہ	لمبائی	چوڑائی	محیط	سطح زمین سے اس کی اعلی چوٹی	سطح سمندر سے اس کی اعلی چوٹی
۴ کیلومیٹر	۴٫۴ وے کیلو میٹر	۴٫۱ و۳ کیلو میٹر	۱۹ کیلومیٹر	۳۰۰ میٹر	۱ کیلومیٹر

اُحد کی فضیلت: آنحضور ﷺ نے احد پہاڑ کو دیکھ کر فرمایا: یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اُس سے محبت کرتے ہیں۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر ۱۳۹۳)

اُحد کا منظر سحر ہے کتنا جاذب نظر   اُدھر بھی لالہ زار ہے اِدھر بھی لالہ زار ہے

ایک دفعہ نبی اکرم ﷺ اُحد پہاڑ پر چڑھے، حضرت ابوبکر ؓ حضرت عمر ؓ اور حضرت عثمان ؓ بھی ہمراہ تھے، پہاڑ ہلنے لگا، آپ ﷺ نے فرمایا: اُحد ٹھہر جا، تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر ۳۶۷۵)

میدانِ اُحد کی صبح طرب پھرتی ہے ابھی تک آنکھوں میں   اس کیف و سرور کے عالم میں جیسے تھے ہمیں ہم کیا کہیے

جبل رماۃ (تیر اندازوں کا پہاڑ): وادی قناۃ کے کنارے اور شہداء احد کی جنوبی طرف چھوٹا سا پہاڑ ہے جنگ احد کے روز نبی اکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن جبیر ؓ کی قیادت میں پچاس تیر اندازوں کو اس پر کھڑا کیا اور فرمایا: دشمن کے سواروں کو ہمارے پیچھے سے حملہ آور ہونے سے روکنا، جنگ کے نتائج کچھ بھی ہوں تم یہاں ثابت قدم رہنا۔

فلک ٹوٹے زمیں پھٹ جائے موت آئے کہ دم نکلے   مگر ہرگز نہ ہادیؐ کی اطاعت سے قدم نکلے
شکست و فتح کی اچھی بری کوئی بھی صورت ہو   تمہاری رائے میں ہم کو مدد کی بھی ضرورت ہو
جمے رہنا اِسی ٹیلے پہ ہر دم باخبر رہنا   کوئی صورت ہو مضبوطی سے اپنے حال پر رہنا

أحد جبل يحبنا ونحبه

مقبرة شهداء أحد — شہداء احد کا قبرستان اور جبل احد

جبل الرماة — جبل رماۃ

مشرکین کو شکست ہوئی تو اکثر تیر اندازوں نے خیال کیا کہ جنگ ختم ہوگئی ہے لہٰذ وہ مال غنیمت جمع کرنے لگ گئے۔ مشرکین نے یہ محاذ خالی دیکھا تو مسلمانوں کے پیچھ سے حملہ آور ہوئے نتیجۃً بہت سے صحابہ ؓ شہید ہوگئے، رسول رحمت ﷺ بھی زخ ہوگئے اور آپ کے دندان مبارک شہید ہوئے۔

☆ اسی پہاڑ کے مشرقی دامن میں چھپ کر وحشی نے حضرت حمزہ ؓ کو شہی کیا جنہیں آقائے مدنی ﷺ نے سید الشہداءؓ کے لقب سے نوازا۔

☆ اس پہاڑ کے جنوب مشرقی کنارہ پر ایک تاریخی مسجد تھی جو مسجد صبح یا مسج عینین کہلاتی تھی۔ اس پہاڑ کی بابت مزید معلومات:

جبل احد سے جبل رماۃ کا فاصلہ	مقبرہ شہداء اُحد سے فاصلہ	جبل رماۃ کی لمبائی	جبل رماۃ کی چوڑائی	محیط	بلندی
۸۱۵ میٹر	۵۷ میٹر	۱۷۷ میٹر	۵۵ میٹر	۳۸۱ میٹر	۲۰ میٹر

غزوہ اُحد: مشرکین مکہ غزوہ بدر میں شکست کا انتقام لینے کیلئے مدینے پر حمل آور ہوئے تو احد پہاڑ کے قریب پڑاؤ ڈالا۔ آقائے مدنی ﷺ ایک ہزار مجاہد لیکر نکلے جن میں سے تین سو افراد عبداللہ بن ابی منافق کے ہمراہ میدان جنگ سے واپس آ گئے۔

دغا بازی سے نامردوں نے آئینِ وفا توڑا   صفیں کر کے مرتب لشکرِ اسلام کو چھوڑا
خدا کی فوج میں اب سات سو افراد باقی تھے   بروئے لشکرِ شیطاں یہ آدم زاد باقی تھے

آپ ﷺ نے اپنے لشکر کی پشت احد پہاڑ کی طرف کی اور پچاس تیر اندازوں کو قریبی پہاڑی پر کھڑا کیا، جب مسلمانوں کو فتح ہوگئی اور وہ مال غنیمت جمع کرنے کیلئے اپنی جگہ سے ہٹے تو مشرکین نے اُدھر سے دوبارہ حملہ کر دیا، اور نبی رحمت ﷺ کو قتل کرنے کی کوشش کی۔ صحابہؓ نے بھرپور دفاع کیا۔ آپؐ نے احد کی ایک گھاٹی میں پناہ لی، مسلمان از سرِ نو وہاں اکٹھے ہوگئے اور آپؐ نے نماز ظہر بیٹھ کر پڑھی۔ مزید معلومات:

Marfat.com


وادي قناة
ش الكفار
جبل الرماة
خط التفاف جيش خالد بن الوليد والهجوم على المسلمين من الخلف
مقبرة الشهداء
مسجد سيد الشهداء
قع المعركة أولا
نتصار المسلمين
جيش المسلمين
الطريق الذي سلكه النبي ﷺ إلى الشعب بعد هجوم خالد بن الوليد
جبل أحد

موقع محل	سنہ	امیر مدینہ	مسلم مجاہد	کفار کی تعداد	فوری سبب
جبل احد کا میدان	شوال ۳ھ ۶۲۵ء	حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ	۷۰۰ جن میں ۵۰ سوار تھے	۳۰۰۰ جن میں ۲۰۰ سوار تھے	قریش کا حملہ اور اہلِ مدینہ کا دفاع

مسلم علمبردار	کافر علمبردار	مسلم شہداء	کافر مقتول	مدت جنگ	نتیجہ	نزول قرآن
حضرت مصعبؓ پھر حضرت علیؓ	ابوسفیان	۷۰ جن میں ۴ مہاجر تھے	۲۲	چند گھنٹے	مدینے کے دفاع میں کامیابی	۱۲۱ سے ۱۸۰ تک آل عمران کی ۶۰ آیات

مسجد فسح

اُحد پہاڑ کے دامن میں غار کے نیچے واقع ہے، روایات میں ہے کہ جنگ احد کے دن آنحضور ﷺ نے یہاں ظہر کی نماز ادا کی. مسجد منہدم ہو چکی ہے، محراب اور دیواروں کے آثار باقی ہیں. اُس کے اردگرد ایک حفاظتی جنگلہ نصب کیا گیا ہے۔

شہداء اُحد کا قبرستان : رسول رحمت ﷺ کے ارشاد کے مطابق حضرات شہداء احد رضی اللہ عنہم کو میدان قتال میں دفن کیا گیا۔ اُنکی زیارت مسنون ہے۔ وہاں حاضری کے موقع پر یہ مسنون دعا پڑھیں: ''السلام علیکم اهل الديار من المؤمنين والمسلمين وإنا إنشاء الله بكم للاحقون أسأل الله لنا ولكم العافية ''.

زائر کو چاہیے کہ یہاں شرک وبدعت والا کوئی کام نہ کرے مثلاً حضرات شہداء رضی اللہ عنہم سے حاجت روائی اور مشکل کشائی کی دعا کرنا، وہاں نذرانے پیش کرنا، دھاگے



مسجد الفسح   مسجد فسح

منظر جميل لجبل أحد   جبل احد کا حسین منظر


مسجد سيد الشهداء
جبل أحد

باندھنا، پیسے اور خطوط ڈالنا، دیواروں کو چومنا اُن سے چمٹنا یا طواف کرنا وغیرہ۔

غزوہ حمراء الاسد: حمراء الاسد ایک وسیع جگہ ہے جو جبل عیر کے قریب مد
منورہ کی جنوبی سمت تقریباً ۱۶ کلومیٹر کی مسافت پر واقع ہے۔ یہاں ایک پہاڑ بھی ہے
جبل حمراء الاسد کے نام سے متعارف ہے اور ابیار علی میقات سے مکہ مکرمہ جاتے ہو
واضح نظر آتا ہے۔

اس غزوہ کا پس منظر یہ ہے کہ قریش میدان احد سے لوٹے تو ایک دوسر
ملامت کرنے لگے کہ جب تم نے مسلمانوں پر غلبہ پالیا تھا پھر ان کو چھوڑ کیوں د
واپس چلو تا کہ باقی لوگوں کو بھی ختم کر دیں۔ بارگاہ نبوت میں یہ خبر پہنچی تو آپ ﷺ
اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو کفار کے تعاقب کا حکم دیا۔ زخمی صحابہ رضی اللہ عنہم اپنے آقا ﷺ کے اش
پر حمراء الاسد روانہ ہو گئے، قرآن کریم کی یہ آیت اُنکی مدح سرائی میں نازل ہوئی ”ا
مومن جنہوں نے زخم کھانے کے بعد بھی اللہ اور رسول کی پکار پر لبیک کہا...“ (سورۃ
عمران: ۱۷۲) بعض کفار نے مسلمانوں کو ڈرانا چاہا کہ قریش تو تمہیں واپس آ کر ختم کر
پروگرام بنا رہے ہیں تو مسلمانوں نے جواب دیا ﴿حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل
جب کفار کو مسلمانوں کی روانگی اور اپنے اللہ پر پختہ اعتماد کی اطلاع ملی تو وہ واپس مکہ مکر
روانہ ہو گئے۔ اِس غزوہ کی بابت مزید معلومات:

سنہ	مسلم تعداد	کفار کی تعداد	مسلم علمبردار	فوری سبب	نتیجہ
شوال ۳ھ ۶۲۵ء	۵۴۰	۲۹۷۰	سیدنا علی رضی اللہ عنہ	قریش کا دوبارہ حملہ کا پروگرام	قریش مکہ واپس چلے گ

جبل الرماۃ
جبل الرماۃ
مسجد سید الشہداء
حمزۃ بن عبد المطلب
مصعب بن عمیر
عبد اللہ بن جحش

مسجد رایہ

خندق کی کھدائی کے دوران آپ ﷺ کا خیمہ ذباب پہاڑی پر نصب تھا، وہا
مسجد بنادی گئی شاہ فہد کے دور حکومت میں اِسکی ترمیم وتوسیع کی گئی۔

جبل ذباب: اس کو جبل رایہ بھی کہتے ہیں۔ یہ مسجد نبوی کے شمال مغربی کو
سے تقریباً ۴۰۰ میٹر کے فاصلے پر ہے۔ اور جبل سلع کی شمالی جانب ۱۵۰ میٹر دور شار
عثمان ؓ (شارع عیون) کے شروع میں واقع ہے۔ خندق کی کھدائی کے دوران آپ
کا خیمہ اس پر نصب تھا۔ تاکہ آپؐ کام کی نگرانی فرمائیں۔ پھر اس جگہ مسجد بنادیگئی
مسجد رایہ کے نام سے متعارف ہے۔ اس پہاڑ کی شمالی طرف وہ مشہور معجزہ رونما ہوا جس
میں آپؐ کی ضرب سے سخت چٹان ریزہ ریزہ ہوگئی اور ایک چمک نمودار ہوئی جس
پورے مدینے کو روشن کر دیا نیز حضرت جبریلؑ نے خوشخبری دی کہ آپ کی ام
قیصر وکسریٰ کے محلات اور صنعاء کو فتح کرے گی۔

زبانِ پاک سے اللہ اکبر کی صدا نکلی — لگائی ایک ضرب ایسی کہ پتھر سے ضیاء نکلی
ضیاء ایسی کہ چمکے جس سے دامن کوہساروں کے — کھلے اہل نظر پر باب کچھ رنگیں نظاروں کے

اس سے مسلمانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی جبکہ منافقین نے اس خبر کو جھٹلایا۔ ا
سلسلہ میں یہ آیات نازل ہوئیں: آپ کہیں: اے اللہ! ملک کے مالک تو جسے چا
حکومت دے اور جس سے چاہے چھین لے، جسے چاہے عزت دے اور جسے چا
ذلیل کرے، بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ [آل عمران:۲۶]

خندق کی کھدائی

جب مشرکین کے قبائل اکٹھے ہوئے کہ مسلمانوں کے خلاف فیصلہ کن جنگ لڑیں

مسجد الراية

مسجدرایہ

جبل ذباب

جبل ذباب

تو آقائے مدنی ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشورہ کیا۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے خندق کھودنے کی تجویز پیش کی جو آپ ﷺ نے پسند فرمائی اور بنو حارثہ کی آبادی سے بنو عبید کے پہاڑ تک خندق کھودنے کی تجویز طے ہوئی۔

میری رائے میں خندق کھود لیں ہم گردِ لشکر کے   مہیا ہوں ہمارے سامنے انبار پتھر کے
اگر اِک خطۂ محفوظ میں ہو فوج اسلامی   تو دیکھیں گے عدو اس مرتبہ بھی روئے ناکامی
رسول پاکؐ نے اِس رائے کی تحسین فرمائی   پسندِ خاطرِ عالی ہوئی سلمانؓ کی دانائی

اور ہر دس افراد کے گروپ نے ۲۰ میٹر خندق کھودی۔ سرور عالم ﷺ نے بھی اپنے جاں نثاروں کے ہمراہ کام کیا۔ آپؐ یہ دعائیہ اشعار بھی پڑھتے تھے۔

(ترجمہ) اے اللہ اگر تیرا فضل و احسان نہ ہوتا تو ہمیں ہدایت نہ ملتی ہم خیرات نہ کرتے اور نماز نہ پڑھتے، ہم پر سکون نازل کر اور دشمن کے سامنے ثابت قدم رکھ، ان کفار نے ہم پر لڑائی مسلط کی ہے لیکن ہم انہیں فتنہ و فساد پھیلانے نہیں دیں گے۔

جب مشرکین نے خندق دیکھی تو حیران ہو کر کہا: اللہ کی قسم عربوں میں یہ تدبیر متعارف نہ تھی۔

مگر خندق نے کھنڈت ڈال دی اُنکی امنگوں میں   نہ پیش آئی تھی یہ صورت عرب کو اپنی جنگوں میں

الغرض مسلمانوں کی دفاعی تدبیر کامیاب ہوئی، اللہ تعالیٰ نے فتح عطاء کی۔

اندازہ یہ ہے کہ خندق مسجد مستراح کے قریب سے شروع ہو کر جبل ذباب کے شمال سے گذرتی ہوئی مساجد فتح کے قریب پہنچ کر مکمل ہوئی جسکی لمبائی تقریباً ۲،۵ کیلومیٹر، چوڑائی ۴ میٹر اور گہرائی ۳ میٹر تھی۔ واللہ اعلم۔

جنگ خندق: جنگ سے پہلے خندق کھود لینے کے سبب یہ نام متعارف ہوا۔ کفار کے گروہ مسلمانوں کو نیست و نابود کرنے آئے تھے لہٰذا اسے جنگ احزاب بھی


بداية الخندق
شارع سيد الشهداء
شارع سيدنا عثمان (شارع العيون)
منطقة المركزية
جيش الكفار
الجيش الإسلامي
جبل سلع
مساجد الفتح
مسجد بني حرام
شارع المساجد السبعة
نهاية الخندق
الخندق
شوارع

رسم تقريبي للخندق والغزوة

خندق اور جنگ خندق کا تقریبی نقشہ

منظر لجبل سلع

جبل سلع

کہتے ہیں۔ اس میں مسلمانوں کو بڑی مشکلات کا سامنا ہوا۔ نبی خاتم ﷺ نے بہت دعائیں کیں جو بالآخر قبول ہوئیں۔ اللہ کے فرشتوں نے کفار کے خیموں کی طنابیں کاٹ دیں۔ کفار کے گھوڑے ایک دوسرے سے ٹکرائے، انکے دلوں میں رعب آ گیا، فرشتوں نے نعرۂ تکبیر بلند کیا تو کافر بھاگ گئے۔

اُڑتی دوڑتی اُٹھتی ہوئی بڑھتی ہوئی آندھی زمیں کو روندتی افلاک پر چڑھتی ہوئی آندھی
توے الٹے اندھی چولہوں میں ہنڈیاں بجھ گئی آگیں جھلس کر رہ گئے منہ اور کپڑوں میں لگیں آگیں
نہ چولھا تھا نہ ہنڈیا تھی نہ خیمہ تھا نہ ڈیرا تھا فقط دہشت ہی دہشت تھی اندھیرا ہی اندھیرا تھا

غزوۂ خندق کی بابت مزید تفصیلات:

موقع محل	سنہ	مسلمانوں کی تعداد	کفار کی تعداد	مدت جنگ	فوری سبب
سلع پہاڑ کا مغربی دامن	شوال ۵ھ ۶۲۷ء	۳۰۰۰ اور بقول ابن حزم ۹۰۰	۱۰،۰۰۰	۲۲ دن	کفار مکہ اور حلیفوں کا حملہ

مسلم شہداء	مقتول کافر	قائد اسلام	قائد کفار	نتیجہ	نزول قرآن
۸		نبی خاتم ﷺ	ابوسفیان	دفاع مدینہ میں کامیابی	سورۂ احزاب کی آیت ۹ تا ۲۵ آل عمران کی آیت ۲۶

جبل سلع: مدینہ منورہ کے عین وسط میں ایک بڑا پہاڑ ہے، اس کے مغربی دامن میں قبیلہ بنوحرام کی آبادی تھی، قریب ہی وہ غار ہے جس میں نبی اکرم ﷺ جنگ خندق کے دوران رات کو قیام فرماتے۔ اسی پہاڑ کے ایک ٹیلے پر آپ ﷺ کا خیمہ تھا جہاں آپ ﷺ جنگی صورتحال کی نگرانی فرماتے اور اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگتے۔

☆ آپ ﷺ کی بعض دعائیں یہ ہیں: اے اللہ! قرآن نازل کرنے والے، جلدی حساب لینے والے کفار کو شکست دے اور اُنکے قدم اکھاڑ دے۔

لا اله الا الله وحده أعز جنده

وغلب الأحزاب وحده فلا شيء بعده


مسجد الفتح
مسجد ابوبکر
مسجد سعد
مسجد عمر
مسجد علي
مسجد سلمان

منظر للمساجد السبعة قديماً

مساجد سبعہ کا قدیم منظر

مسجد الفتح

مسجد فتح

☆ ایک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس نے اپنے لشکر کو عزت دی، اپنے بندے کی مدد کی اور کفر کی جماعتوں پر اکیلا غالب آیا، اس کے بعد کوئی نہیں۔

☆ بدھ کے دن حضرت جبریل علیہ السلام فتح و نصرت کی خوشخبری لیکر حاضر ہوئے۔ بعد میں وہاں جو مسجد بنائی گئی وہ مسجد فتح کے نام سے متعارف ہوگئی۔

یہ پہاڑ مدینہ منورہ کے درمیان میں ہے، حکومت سعودیہ نے اس کے اردگرد لوہے کے مضبوط جنگلے نصب کر دیئے ہیں، اور اس کی خوبصورتی کیلئے مصنوعی آبشار بنائے ہیں جنگ خندق کے دوران اسی پہاڑ کے دامن میں حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا قیام تھا، اسے اب میدان فتح کہتے ہیں، حکومت سعودیہ نے یہاں ایک خوبصورت باغیچہ بنا دیا ہے جسے باغیچۂ فتح کا عنوان دیا گیا اس کی وسعت ۶۰۷ مربع میٹر تھی لیکن ۱۴۲۴ھ میں بننے والی مسجد خندق سے اس میدان فتح کا رقبہ کم ہوگیا ہے۔ جبل سلع کی بابت مزید معلومات:

مسجد نبوی سے فاصلہ	بلندی	لمبائی	چوڑائی	محیط
۶۹۰ میٹر	۱۰۰ میٹر	۱۰۵۰ میٹر	۳۱۵ سے ۹۲۰ میٹر تک	۲٫۴ کیلومیٹر

پہاڑیوں کے سلسلے جدا جدا ملے   کہیں پہ جوئبار ہے کہیں پہ آبشار ہے
یہیں وہ ارض پاک ہے شرف دیا گیا جسے   کہیں پہ سبزہ زار ہے کہیں پہ مرغزار ہے
نظر نظر پہ چھا گئی دلوں میں پھر سما گئی   مدینے کی بہار کیا بہار در بہار ہے

مساجد سبعہ: سلع پہاڑ کے دامن میں واقع ہیں: مسجد فتح، مسجد سلمان فارسیؓ، مسجد علیؓ، مسجد عمرؓ، مسجد سعد بن معاذؓ، اور مسجد ابوبکرؓ۔ غزوہ خندق کے دوران مسجد فتح کی جگہ آنحضور ﷺ نے دعائیں کیں۔ شاہ فہد کے زمانہ میں انمیں سے بعض مساجد کی ترمیم کی گئی۔ ۱۴۲۴ھ میں جبل سلع کے اسی دامن میں مسجد خندق کے نام سے ایک بڑی مسجد بنادیگئی ہے اور مساجد سبعہ میں سے بعض مسجدیں اسمیں شامل ہوگئی ہیں۔

مسجد أبي بكر

مسجد سلمان الفارسي

مسجد عمر بن الخطاب

مسجد بنی حرام

حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں یہاں مسجد بنی ہوئی تھی، اِس علاقہ میں انصار ک ایک قبیلہ آباد تھا. یہ مسجد سلع پہاڑ کی مغربی سمت اور مساجد سبعہ کے جنوب میں واقع ہے خادم حرمین شریفین شاہ فہد کے دور حکومت میں اسکی تعمیر و توسیع ہوئی اِسکا رقب ۱۲.۵۰×۱۶م = ۲۰۰ مربع میٹر ہے۔

بنو حرام: بنو سلمہ میں ایک شخص کا نام حرام تھا یہ اسی کی اولاد ہیں۔ اس نام سے دشمن پر رعب ڈالنا مقصود ہوتا تھا کہ وہ اِس کے مال و آبرو پر حملہ نہیں کرسکتا۔ گویا یہ اس کے لیے حرام ہیں۔

☆ اُن کی آبادی جبل سلع کے مغربی دامن میں تھی، وہاں اُن کی مسجد ابھی تک مسجد بنی حرام کے نام سے معروف ہے۔

ظہور معجزہ: انہی کے ایک گھر میں آنحضور ﷺ کا معجزہ رونما ہوا تھا حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ خندق کی کھدائی کے دوران میں نے دیکھا کہ سرورِ عالم ﷺ نے پیٹ پر پتھر باندھ رکھا ہے، میں نے ایک چھوٹا سا دنبہ ذبح کیا اور بارگاہِ رسالتؐ میں آکر عرض کیا: تھوڑا سا کھانا ہے۔ آنجناب اپنے ایک دو جاں نثاروں کے ہمراہ تشریف لائیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا: کھانا کتنا ہے؟ آپ ﷺ کو بتایا تو ارشاد ہوا: بہت اچھا۔ اور اپنے تمام صحابہ کو حکم دیا کہ ساتھ چلو۔ آپ ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے روٹی تقسیم کی، سب کھا چکے تو کھانا باقی تھا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: یہ دوسروں کو ہدیہ بھیجو (صحیح بخاری حدیث نمبر ۴۱۰۶)۔

☆ ان کی بستی کے قریب پہاڑ میں ایک غار ہے جو غار بنی حرام کہلاتی ہے۔



مسجد بني حرام قديماً وحديثاً

مسجد بنوحرام کا جدید وقدیم منظر

موقع قبيلة بني حرام

قبیلہ بنوحرام کا علاقہ

آنحضور ﷺ جنگ خندق کے دوران رات کو اس میں قیام فرماتے۔

☆ اِسی قبیلہ کے حضرت عبداللہ بن حرام رضی اللہ عنہ غزوۂ احد کے پہلے شہید ہیں۔ اُن کی بابت آنحضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اُن کے ساتھ بغیر کسی حجاب کے بات کی ہے، یہ سعادت کسی اور کو حاصل نہیں۔ اور فرمایا ہے کہ: مانگو، میں دوں گا۔ انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ! دنیا میں واپس بھیج دیں کہ دوبارہ شہید ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ طے شدہ فیصلہ ہے کہ کسی کو واپس نہیں بھیجوں گا۔ پھر عرض کیا کہ: دنیا والوں کو میری اطلاع کر دیجئے: تو اللہ تعالیٰ نے سورہ آل عمران کی آیت ۱۶۹ تا ۱۷۱ نازل فرمائیں۔

مسجد بنی قریظہ

بنو قریظہ یہودیوں نے غزوہ خندق کے دوران غدّاری کی اور معاہدہ توڑ دیا۔ آنحضور ﷺ نے حکم الٰہی کے مطابق انکا محاصرہ کیا۔ اس دوران آپ ﷺ نے جہاں نمازیں ادا کیں وہاں یہ مسجد بنا دی گئی، جو اب عوالی میں زہراء ہسپتال اور وطنی ہسپتال کے درمیان واقع ہے۔ شاہ فہد کے زمانہ میں اسکی مرمّت کی گئی۔ (اب منہدم ہو چکی ہے)

غزوہ بنی قریظہ (یہودی)

حرہ شرقیہ میں وادی مہزور کے کنارے مدینہ منورہ کے جنوب مشرق میں مسجد نبوی شریف سے چار کیلو میٹر دور بنو قریظہ آباد تھے۔ مسلمانوں کا ان سے امن معاہدہ تھا۔ لیکن جنگ خندق کے دوران انہوں نے غدّاری کی اور معاہدہ توڑ دیا۔ جنگ سے واپسی پر حضرت جبریل علیہ السلام نے پیغام دیا کہ بنو قریظہ کا محاصرہ کر لیا جائے۔ آپ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ وہاں پہنچ کر نماز عصر پڑھیں (صحیح بخاری حدیث نمبر ۴۱۱۸)۔

محاصرہ کے نتیجے میں انہوں نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو فیصل بنایا۔ انہوں



مسجد بني قريظة قديماً — مسجد بنو قریظہ کا قدیم منظر

مسجد بني قريظة بعد الترميم — ترمیم کے بعد مسجد بنو قریظہ کا منظر



کے لئے آج ہی وزٹ کریں : kalmati.blogspot.com



مسجد المیقات [illegible] فی الإطار موقع المسجد المنارتین ۔ مسجد میقات اور [illegible] کے بیچ قدیم مسجد منارتین [illegible]

مسجد منارتین

منارتین دو پہاڑیوں کا نام ہے۔ یہ مسجد اُنکے قریب ہونے کی وجہ سے مسجد منارتین کہلاتی ہے۔ اِسکا محل وقوع مسجد عنبریہ اور دوسری گول سڑک کے درمیان ہے اور پٹرول پمپ سے چند میٹر کے فاصلہ پر ہے، مسجد منہدم ہو چکی تھی اور پتھروں کا ڈھیر اُس کی نشاندہی کرتا تھا۔

☆ اِس مسجد کی تاریخی اہمیت کے پیشِ نظر خادم حرمین شریفین شاہ فہد نے ۱۴۲۴ھ میں اسکی تعمیر و توسیع کرائی۔

بیداء (آیت تیمّم کے نزول کی جگہ)

مدینہ منورہ کے جنوب مغرب میں مسجد نبوی شریف سے تقریباً ۹ کیلومیٹر کے فاصلہ پر صحراء ہے، ذوالحلیفہ (ابیار علی) کے بعد بیداء کا علاقہ ہے پھر ذات الجیش ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک سفر میں جب ہم بیداء یا ذات الجیش پہنچے تو میرا ہار گم ہو گیا۔ آپ ﷺ اس کی تلاش میں ٹھہر گئے، حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم بھی ٹھہرے رہے اور قریب قریب پانی دستیاب نہ تھا۔ بعض لوگوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو شکایت کی کہ دیکھو عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا کیا ہے؟ وہ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو روکے ہوئے ہے، یہاں پانی دستیاب نہیں، اور قافلے کے ہمراہ بھی پانی نہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے ڈانٹا۔ صبح ہو گئی اور رسول اللہ ﷺ کے پاس پانی نہیں تھا تو اللہ تعالیٰ نے وحی بھیج دی کہ ایسی حالت میں تیمّم کر لیا کرو، حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: ابوبکرؓ کی اولاد تمہارے طفیل عطاء ہونے والی یہ کوئی پہلی برکت نہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بالآخر جب اونٹ روانگی کیلئے اٹھا تو میرا ہار اس کے نیچے سے مل گیا۔ (تفصیل: صحیح بخاری حدیث نمبر ۳۳۴)

☆ بیداء کا ذکر ایک اور حدیث میں بھی آیا ہے۔ ارشاد نبوی ہے: ایک لشکر کعبہ پر حملہ کرنے آئے گا۔ وہ بیداء میں دھنس جائے گا۔ (صحیح بخاری نمبر ۲۱۱۸)

انصار کے بعض قبائل

بنونجار: نبی اکرم ﷺ کا ننھیال قبیلہ ہے۔ چونکہ آپ ﷺ کے پردادا جناب ہاشم نے بنونجار کی خاتون سلمٰی بنت عمرو سے شادی کی تھی۔ آپ ﷺ کے دادا جناب عبدالمطلب انہی کے فرزند ہیں۔ بنونجار کے لئے اس سے بڑھ کر سعادت کیا ہو گی کہ پیغمبر آخرالزماں ﷺ کا خاندانی تعلق ان سے ہے۔

آپ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو ہر طرف سے مرحبا مرحبا کی صدائیں بلند ہو رہی تھیں لیکن آنجناب ﷺ بنونجار کے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے ہاں قیام فرما ہوئے، چونکہ حکم الٰہی کے مطابق اونٹنی یہیں آ کر بیٹھی تھی۔

☆ بنونجار کی زمین پر ہی مسجد نبوی تعمیر ہوئی۔ ☆ حضرت حارثہ بن نعمانؓ بنو نجار کے ایک فرد تھے جنہوں نے مسجد نبوی شریف کے اردگرد اپنی مملوکہ زمین نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کر دی کہ اپنی بیویوں کے مکانات بنائیں اور مہاجر صحابہؓ میں تقسیم کر دیں۔ ☆ شاعرِ رسول ﷺ حضرت حسان رضی اللہ عنہ بھی بنونجار میں سے تھے۔

☆ انھیں میں سے حضرت امِّ بُردہؓ تھیں جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کے فرزند حضرب ابراہیم رضی اللہ عنہ کو دودھ پلایا، اور وہ انہی کی گود میں فوت ہوئے۔

☆ انصار کے اولین مبلغ حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کا تعلق اسی قبیلے سے تھا جو بقیع میں سب سے پہلے دفن ہوئے۔

☆ بنونجار کا اطلاق درج ذیل قبائل اور اُن کی اولاد پر ہوتا ہے: بنوعدی، بنو مالک، بنو مازن اور بنو دینار۔ ☆ بنونجار کی خدمات کے پیشِ نظر آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ انصار میں سب سے افضل بنونجار ہیں پھر بنو عبدالاشہل، پھر بنو حارث اور پھر بنو ساعدہ ہیں جبکہ بحیثیت عمومی تمام انصاری قبائل میں فضیلت ہے۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر ۵۳۰۰)

بنو حارث

ان کو بلحارث بھی کہا جاتا ہے۔ اُن کی آبادی عوالی میں سخ مقام پر قربان کے قریب تھی۔ انصار کے قبائل میں فضیلت کے اعتبار سے تیسرے نمبر تھے۔

☆ حضرت ابوبکر ؓ ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے تو انہیں کے ہاں قیام کیا، اور نبی ﷺ نے اسی قبیلہ کے حضرت خارجہ بن زید ؓ کو اُن کا بھائی بنایا۔

☆ حضرت عائشہؓ سے آنحضور ﷺ کی شادی مکہ مکرمہ میں ہو چکی تھی۔ روانگی کی بابت روایت ہے کہ اسی قبیلے میں اُن کے قیام کے دوران ہوئی۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر ۳۸۹۴).

☆ حضرت ابوبکر ؓ نے اسی قبیلے کی خاتون حضرت حبیبہ بنت خارجہ ؓ سے شادی کی۔ آپ کا انتقال ہوا تو وہ حاملہ تھیں پھر ام کلثومؓ نامی بچی پیدا ہوئی۔

☆ اسی قبیلے کے حضرت زید بن خارجہ ؓ نے حضرت عثمان ؓ کے زمانہ میں فوت ہو جانے کے بعد گفتگو کی۔ ☆ حضرت عبداللہ بن رواحہ ؓ اسی قبیلے کے چشم و چراغ تھے، شاعرِ رسول ﷺ تھے۔ غزوۂ موتہ کے امیر تھے وہیں شہید ہوئے۔

☆ انہی میں سے حضرت سعد بن ربیع ؓ غزوۂ احد میں شہید ہوئے تو آخری وقت میں فرمایا: اے ابی بن کعب ؓ، نبی اکرم ﷺ کو میرا سلام عرض کرنا اور کہنا: جزاک اللہ عنا خیرا۔ اور میری قوم کو سلام کہنا اور پیغام دینا کہ: خدارا بیعت عقبہ کی رات آنحضور ﷺ سے کیا ہوا وعدہ پورا کرنا۔ اللہ کی قسم تمہارا کوئی عذر قبول نہیں ہوگا اگر تم میں ایک فرد بھی زندہ ہوا اور رسول اللہ ﷺ کو تکلیف پہنچے۔

☆ انہی حضرت سعد ؓ کی بیوی آپ ﷺ سے میراث کی بابت پوچھنے آئیں تو سورہ نساء کی نمبر ۱۱ اور بعد والی آیات نازل ہوئیں۔

رسم تقريبي لمساكن القبائل
بالمدينة المنورة في عهد النبي ﷺ


القبلة
(الحد الجنوبي لحرم المدينة المنورة)
Ayr Mountain
الطريق الدائري الثاني
4.5 km
حصن كعب بن الأشرف
بنو عمرو بن عوف
مسجد قباء
بنو النضير (يهود)
بنو قريظة (يهود)
إلى مكة المكرمة
Hijra Road
مسجد الجمعة
بنو سالم
بنو الحارث
Quba Road
Qurban Road
Awali Road
Abdul Majid Road (Hizam)
بنو دينار
Anbaria Road
شارع باب السلام
Al-Salam Road
بنو ظفر
بنو زريق
بنو ساعدة
مسجد الإجابة
بنو معاوية
Abdul Aziz Road
بنو حرام
Khalid bin Walid Road
شارع أبي بكر
Sultana Road
(Matar)
Airport Road
بنو عبد الأشهل
Sayed Al-Shuhada Road
بنو حارثة
Al-Uyun Road
SECOND RING ROAD
جبل أحد
Uhud Mountain

بنو بیاضہ (خزرجی)

اِن کی آبادی حرہ غربیہ میں بنو سلمہ سے ایک میل کے فاصلہ پر تھی۔

☆ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو یہاں سنگسار کیا گیا۔

☆ آنحضور ﷺ کی آمد سے قبل یہاں جمعہ کی نماز پڑھی گئی۔ جیسا کہ حضرت عبدالرحمٰنؒ کہتے ہیں کہ میرے والد کعب رضی اللہ عنہ جمعہ کی اذان سنتے تو حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کو دعائیں دیتے۔ میرے پوچھنے پر وجہ بتائی کہ انہوں نے بنو بیاضہ کے علاقے میں پہلا جمعہ پڑھایا تھا اور نمازیوں کی تعداد چالیس تھی۔ (سنن ابوداود، حدیث نمبر ۱۰۶۹)

☆ غزوہ بنو مصطلق سے واپس آتے ہوئے عبداللہ ابن ابی منافق نے کہا: عزت والا ذلیل کو مدینے سے نکال دیگا۔ جب یہ منافق بنو بیاضہ کی بستی میں پہنچا تو اُس کے بیٹے نے تلوار سونت کر کہا: اللہ کی قسم نبی ﷺ کی اجازت کے بغیر تو مدینے میں داخل نہ ہو گا۔ تاکہ تجھے معلوم ہو جائے کہ تو ذلیل ہے یا اللہ کے رسول ﷺ. آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اُسے مدینہ جانے دو۔ بیٹے نے عرض کیا کہ: میرے باپ کا نفاق واضح ہو گیا ہے، اگر اجازت دیں تو قتل کر دوں، چونکہ مجھے گوارا نہیں کہ کوئی اور اُسے قتل کرے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دنیا میں اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ اس پر سورہ منافقون نازل ہوئی۔

بنو عبدالاشہل

اوس کا مشہور قبیلہ ہے۔ اسلام کے لیے اِن کی بڑی خدمات ہیں، اِسی لئے بنو نجار کے بعد فضیلت میں اِن کا درجہ ہے۔ اِن کی بستی حرہ شرقیہ میں بنو ظفر کے شمال مشرقی جانب تھی۔


قبائل الخزرج
بنو النجار
بنو الحارث
بنو ساعدة
بنو سلمة
بنو حرام
بنو سالم
بنو بياضة
بنو زريق
بنو عوف
بنو جشم
بنو كعب
بنو دينار
بنو عدي
بنو زيدمناة
بنو غنم
بنو مازن
بنو مالك
بنو عمرو
بنو طريف
أحمد إلياس

Marfat.com

☆ **تبلیغِ اسلام کا حکیمانہ انداز:** اوس قبیلے کے سردار حضرت سعد بن معاذ ؓ بنو عبدالاشہل کے چشم و چراغ تھے۔ ایک دن بڑے غضبناک ہو کر حضرب مصعب بن عمیر ؓ کو اسلام کی دعوت و تبلیغ سے روکنے کے لئے آئے تو حضرت مصعب بن عمیر ؓ نے فرمایا: ذرا بیٹھ کر ہماری بات سُن لیں، اگر آپ کو اچھی لگے تو قبول کر لیں ورنہ ہم آپ کے علاقے سے چلے جائیں گے۔ حضرت سعد ؓ نے کہا: ہاں تم نے اصول کی بات کی ہے۔ پھر آپ نیزہ گاڑ کر بیٹھ گئے۔ حضرت مصعب ؓ نے انہیں قرآن کریم سنایا اور اِسلام پیش کیا تو وہ مسلمان ہو گئے۔ اور اپنے قبیلے میں واپس آ کر فرمایا: اے بنو عبدالاَشہل: میرے بارے میں تمھاری کیا رائے ہے؟ جواب ملا: تم ہمارے سردار ہو اور سردار زادے ہو اور ہم میں سب سے افضل رائے رکھتے ہو۔ آپ نے فرمایا: تمہارے مردوں اور عورتوں سے میری بول چال حرام ہے تا آنکہ تم مسلمان ہو جاؤ۔ سب نے اسلام قبول کر لیا۔ سوائے ایک شخص اُصیرم کے جو جنگ احد والے دن مسلمان ہوا اور شہید ہو گیا ابھی اس نے ایک نماز بھی نہیں پڑھی تھی۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: عمل تھوڑا کیا اور اجر بہت زیادہ پا گیا۔

☆ جب حضرت سعد بن معاذ ؓ کا انتقال ہوا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا: سعد کی موت سے اللہ تعالیٰ کا عرش ہل گیا۔

بنو ساعدہ

خزرج کا مشہور قبیلہ ہے۔ اُن کی آبادی مسجد نبوی شریف کی شمال مغربی سمت تھی۔ اس میں ایک جگہ سقیفہ بنی ساعدہ تھی جس کا محلِ وقوع اب مسجد نبوی کی دوسری سعودی توسیعی عمارت سے ۲۰۶ میٹر کے فاصلہ پر موجود باغیچہ میں ہے۔

☆ آنحضور ﷺ اس سقیفہ میں تشریف لائے، پانی پیا اور نماز پڑھی، صحابہؓ


بنو حارثة
بنو ظفر
بنو عوف
بنو مرة
بنو عبد الأشهل
بنو غنم
بنو جشم
بنو امرؤ القيس
بنو عمرو بن عوف
بنو معاوية
بنو واقف
بنو كلفة
بنو عمرو
بنو زعوراء
بنو مرة الجعادرة
بنو عمرو النبيت
بنو خطمة
بنو مالك
قبائل الأوس

کرام رضی اللہ عنہم بھی اس کے سائے میں بیٹھتے تھے۔ آنحضور ﷺ کی وفات کے بعد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم یہاں جمع ہوئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیفۂ راشد منتخب کیا۔

☆ اسی سقیفہ کی شمالی جانب کچھ فاصلے پر بنوساعدہ کا کنواں تھا جس کا تذکرہ احادیث شریفہ میں بئر بضاعہ کے نام سے آتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اِس کا پانی استعمال کیا۔

☆ بنوساعدہ کے سربراہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ بڑے سخی اور بہادر تھے۔ انہوں نے اسلام کی بڑی خدمت کی۔

☆ حضرت ابودجانہؓ کا تعلق بھی اسی قبیلے سے تھا، رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ احد میں ان کو اپنی تلوار عطا فرمائی، اور انہوں نے بہادری کے خوب جوہر دکھائے۔

☆ نبی اکرم ﷺ نے بنوساعدہ کو انصار کے چار افضل قبائل میں شمار کیا۔

☆ بنوساعدہ کی تین شاخیں درج ذیل ہیں: بنوعمرو بن ساعدہ، بنوثعلبۃ بن ساعدہ، بنوطریف بن ساعدہ

سقیفہ بنی ساعدہ

مسجد نبوی شریف کی مغربی جانب ۲۰۶ میٹر کے فاصلہ پر ہے. اب وہاں باغیچہ ہے، آنحضور ﷺ نے یہاں نماز ادا کی، آرام فرمایا اور پانی پیا. قبیلہ بنوساعدہ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی مجلس یہیں تھی۔

☆ نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد مہاجرین وانصار کے ذمہ دار خلیفۂ راشد کی تعیین کیلئے یہاں اکٹھے ہوئے تو انصاری خطیب نے فرمایا:

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

ألا أخبركم بخير دور الأنصار؟ قالوا: بلى يا رسول الله. قال بنو النجار ثم الذين يلونهم بنو عبد الأشهل ثم الذين يلونهم بنو الحارث بن الخزرج ثم الذين يلونهم بنو ساعدة.

صحيح البخاري (رقم الحديث ٥٣٠٠)

موقع سقيفة بني ساعدة ومكتبة الملك عبد العزيز   سقیفہ بنو ساعدہ اور کنگ عبدالعزیز لائبریری کا محل وقوع



''ہم اللہ کے دین کے مددگار اور اسلام کی فوج ہیں...''

حضرت ابوبکر ؓ نے فرمایا: ''ہمیں انصار کے فضل واحسان کا اعتراف ہے، لیکن عربوں کا مزاج یہ ہے کہ وہ قریش کے علاوہ کسی اور کی امارت قبول نہیں کرینگے لہذا امیر ہم مہاجرین میں سے ہونا چاہیے اور اسکے وزراء آپ حضرات میں سے ہوں۔ میں اِس مقصد کیلئے عمر بن خطاب ؓ یا ابوعبیدہ بن جراح ؓ کا نام پیش کرتا ہوں۔'' حضرت عمر ؓ نے فرمایا: ''ابوبکر ؓ ایمان قبول کرنے والے پہلے صحابی رسولؐ ہیں، عمر میں بڑے ہیں، دو میں سے دوسرے ہیں (یار غار)، نبی اکرم ﷺ کی خلافت اور آپ لوگوں کے معاملات چلانے کیلئے سب سے زیادہ موزوں ہیں...''

انصاری خطیب نے فرمایا: ''پیغمبر اسلام ﷺ مہاجر تھے لہذا آپکا خلیفہ بھی مہاجرین میں سے ہونا چاہیے اور ہم پیغمبر اسلام ﷺ کے مددگار تھے اب آپکے خلیفہ کے مددگار (انصار) ہونگے۔''

حضرت عمر ؓ نے انکی تصدیق کی اور بیعت کیلئے حضرت ابوبکر ؓ کا ہاتھ بڑھایا تو ایک انصاری نے جلدی سے بیعت کی، پھر حضرت عمر ؓ نے بیعت کی، پھر مہاجرین وانصار رضی اللہ عنہم نے بیعت کی، دوسرے دن مسجد نبوی شریف میں بقیہ مہاجرین وانصار رضی اللہ عنہم نے بیعت عمومی کی۔


مكتبة الملك عبدالعزيز
سقيفة بني ساعدة

موقع سقيفة بني ساعدة — سقیفہ بنو ساعدہ کا محل وقوع

موقع السقيفة من توسعة المسجد النبوي — دوسری سعودی توسیع سے سقیفہ بنو ساعدہ کی جگہ


القبلة
المغرب
206 m متر
محطة كهرباء
سقيفة بني ساعدة

مدینہ منورہ کی وادیاں

وادی عقیق: طائف سے شروع ہو کر مدینہ منورہ سے گذرتی ہے اور حجاز کی طویل ترین وادی ہے۔ راستہ میں اسکے نام نقیع، عقیق الحسا، اور عقیق ہیں۔ یہ وادی مقام غابہ (خلیل) پہنچ کر وادی بطحان اور وادی قناۃ میں ضم ہو کر ختم ہو جاتی ہے۔ وادی عقیق کے دو میدان ہیں۔ ایک چھوٹا جس میں بئر عثمان ؓ اور مدینہ یونیورسٹی ہے دوسرا بڑا میدان جس میں ابیار علی بئر عروہ اور اس کے ارد گرد کا علاقہ ہے۔ صحیح بخاری و مسلم میں ارشاد نبوی ہے: میرے اللہ نے مجھے پیغام بھیجا ہے کہ: اس مبارک وادی (عقیق) میں نماز ادا کر۔

یہ وادی اپنے میٹھے پانی، لطیف ہوا، نرم مٹی، اور زرخیز زمین کی وجہ سے ہمیشہ اعیان حکومت، اصحاب ثروت اور اہل ذوق کی توجہ کا مرکز رہی۔ حضرت عروہ بن زبیر ؓ، سعید بن عاصؒ اور مروان بن حکمؒ وغیرہ کے محلات و باغات یہیں تھے۔

وہ خوش رنگ پتوں میں جنبش ہوا سے
وہ سرسبز شاخیں خمیدہ خمیدہ
وہ شاداب سبزہ کھجوروں کے جھرمٹ
نہالانِ گلشن کشیدہ کشیدہ

وادی بطحان: مدینہ منورہ کی مرکزی وادیوں میں سے ایک ہے۔ یہ قبا کے مشرقی علاقے سے گذر کر مدینہ منورہ کے وسط میں مسجد غمامہ کے قریب پہنچتی ہے وہاں سے جبل سلع کے قریب مساجد فتح کے سامنے سے گذرتی ہوئی غابہ (خُلیل) میں پہنچ کر ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے تین نام ہیں۔ جہاں سے شروع ہوتی ہے ام عشر

رحلة في هذا الوادي المبارك

جسر قديم للقطار على وادي العقيق　وادی عقیق پر ٹرین کا پل

رحلة في هذا الوادي المبارك

منظر من وادي العقيق　وادی عقیق کا ایک منظر

کہلاتی ہے اس کا درمیانی حصہ قربان کہلاتا ہے، یہ وادی چونکہ مدینہ منورہ کی آبادی کے درمیان سے گذرتی تھی شاید اسی پس منظر میں مدینہ کی مرکزی آبادی کے قریب سے وادی کی گذرگاہ قربان کہلائی اور وہ علاقہ آج تک قربان کے نام سے متعارف ہے۔ جب یہ مدینہ منورہ کی مرکزی آبادی سے گذرتی ہے تو ابوجیدۃ کہلاتی ہے۔

☆ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ بطحان جنت کی نہروں میں سے ایک ہے۔ (صحیح جامع صغیر ۲/۷) حکومت سعودیہ نے اس پر تین بند بنا کر اسے ڈیم کی شکل دیدی ہے نیز مدینہ منورہ میں اس کیلئے زیر زمین پختہ گزرگاہ بنادی گئی ہے تاکہ اس کے بہاؤ کے وقت گردوپیش کی آبادی متاثر نہ ہو۔

وادی مذینب: یہ وادیِ بطحان کی ایک شاخ ہے جس کے کنارے بنونضیر (یہودی) آباد تھے یہ مدینہ منورہ کی مرکزی آبادی سے تقریباً دس کیلومیٹر دور سے شروع ہوکر غابہ (خُلیل) میں پہنچ کر ختم ہوجاتی ہے۔

وادی مہزور: یہ مدینہ منورہ کی مشرقی جانب سے شروع ہوتی ہے اور مختلف شاخوں میں تقسیم ہوکر عوالی کے قریب اکٹھی ہوتی ہوئی وادی مذینب میں جاملتی ہے۔ پھر یہ دونوں وادی بطحان میں مل کر غابہ (خُلیل) پہنچ کر ختم ہوجاتی ہیں۔

☆ بنوقریظہ (یہودی) عوالی میں وادی مہزور کے کنارے آباد تھے۔

وادی قناۃ: پانی کے بہاؤ کے اعتبار سے مدینہ منورہ کی سب سے بڑی وادی ہے جو طائف سے شروع ہوکر مدینہ منورہ کے قریب عاقول تک پہنچتی ہے اور حرہ شرقیہ کی شمالی جانب سے گذرتی ہوئی جبل رماۃ کے قریب پہنچ کر بالآخر غابہ

سد وادي بطحان

وادی بطحان ڈیم

منظر لجسر وادي قناة قرب جبل الرماة

جبل رماۃ کے قریب وادی قناۃ کا منظر

Marfat.com

(خُلیل) میں اپنے انجام کو پہنچتی ہے۔ اس کا نام وادی شظاۃ بھی ہے میدان اُحد سے پہلے اسکے جنوبی کنارے پر بنوحارثہ اور بنوعبدالاشہل کی آبادی تھی۔

حضرت حمزہؓ کی قبر کی منتقلی کا واقعہ: وادی قناۃ جبل رماۃ کے دونوں طرف سے یوں گذرتی تھی کہ جبل رماۃ اُسکے درمیان میں آجاتا۔ سید الشہداء حضرت حمزہ اور اُن کے رضاعی بھائی حضرت عبداللہ بن جحش اور حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہم کی قبور شریفہ وادی کے شمالی کنارہ پر تھیں۔ امیر المؤمنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں وادی کا بہاؤ اتنا اونچا اور تیز تھا کہ قبور شریفہ متاثر ہونے کا خطرہ تھا، لہٰذا اِن حضرات کے اجسام مبارکہ کو وہاں سے نکال کر دوسری جگہ منتقل کر دیا گیا جو آجکل قبرستان کی چار دیواری کے درمیان میں ہے، نیز بعض دیگر صحابہؓ کرام رضی اللہ عنہم کی قبور شریفہ کو بھی منتقل کیا گیا۔ وادی کی یہ شمالی شاخ ماضی قریب تک موجود تھی۔ حکومت سعودیہ نے اس کو بند کر دیا اور جنوبی شاخ کو باقی رکھا تاکہ موجودہ قبرستان سے وادی کو ممکنہ حد تک دور کر دیا جائے۔ نیز جبل رماۃ اور قبرستان کا درمیانی علاقہ زائرین کیلئے وسیع ہو جائے۔

عاقول ڈیم اور حجاز کی آگ

وادی عاقول اہالیان مدینہ منورہ کی اہم تفریح گاہ ہے، شارع مطار کے دوار سے ریاض روڈ پر تین کلومیٹر کے فاصلے پر دائیں طرف مڑیں تو مزید تین کلومیٹر کے فاصلے پر وادی عاقول اور ڈیم نظر آئے گا۔ بارش کے بعد وادی قناۃ بہتی ہے تو یہاں پانی جمع ہو جاتا ہے اور تاحد نظر پانی ہی پانی نظر آتا ہے۔ جسکی مقدار کروڑوں

رسم تقريبي للأودية الرئيسية بالمدينة المنورة

A MAP OF VALLIES IN MADINA MUNAWWARA

مدینہ منورہ کی وادیوں کا نقشہ


وادي بطحان
Buthan Vally
الطريق الدائري الثاني
SECOND RING ROAD
وادي العقيق
Aqiq Vally
وادي قناة
Qana Vally
وادي العاقول
A'qool Vally
وادي العقيق
Aqiq Vally
وادي قناة
وادي الحمض
Himdh Vally
أودية Vallies
خطوط التصريف Trunks
الشوارع Roads

مکعب میٹر ہوتی ہے، ماہرین کا کہنا ہے کہ عاقول میں زیرِ زمین پانی کا محفوظ ذخیرہ مدینہ منورہ میں سب سے زیادہ ہے، شاید اکثر لوگوں کو عاقول ڈیم کی تاریخی حیثیت، حجاز کی آگ سے اس کا تعلق اور اسمیں پنہاں دروس وعبر کی تفاصیل معلوم نہیں، واضح رہے کہ اس آگ کے ظہور کی خبر ہمارے محبوب ﷺ نے دی تھی جو سنہ ۶۵۴ ھ میں نمودار ہوئی اور جلے ہوئے پتھر وادی کے رستہ میں یوں جمع ہو گئے کہ وادی قناۃ کا پانی رُک کر ڈیم کی شکل اختیار کر گیا۔ تا آنکہ ۶۹۰ ھ میں پانی کے مسلسل دباؤ نے پتھروں میں سے رستہ بنالیا اور وادی بہنے لگی۔ ان پتھروں کی بڑی مقدار تا حال بن لادن ڈیم کے قریب موجود ہے، نیز عاقول کے اردگرد کالے پتھر اِسی آگ کے جلے ہوئے ہیں۔ ذیل میں مزید تفصیل ملاحظہ ہو:

حجاز کی آگ: ارشاد نبوی ہے: قیامت سے پہلے سرزمینِ حجاز سے آگ نمودار ہوگی جس کی روشنی سے بُصریٰ میں اونٹوں کی گردنیں دیکھی جا سکیں گی (صحیح بخاری کتاب الفتن حدیث نمبر ۷۱۱۸)۔

نیز ارشاد نبوی ہے: قیامت سے پہلے حجاز کی ایک وادی میں آگ نمودار ہوگی جسکی روشنی سے بُصریٰ میں اونٹوں کی گردنیں دیکھی جائیں گی۔ (بُصریٰ با کے ضمہ کے ساتھ تبوک اور شام کے درمیان ایک علاقہ ہے، اس سے مراد عراق کا شہر بصرہ نہیں ہے)۔

علامہ سمہودیؒ کہتے ہیں کہ حجاز کی جس آگ کا تذکرہ اِس حدیث نبوی میں ہوا ہے وہ ۶۵۴ ھ میں نمودار ہوئی تھی اور تین ماہ تک بھڑکتی رہی تا کہ لوگ عبرت حاصل کریں اور آخرت کی آگ سے ڈریں، یہ آگ مکہ مکرمہ، ینبع تیماء اور بُصریٰ سے نظر آتی تھی، جس سے ثابت ہوا کہ یہ وہی آگ ہے جسکی خبر رسول خاتم ﷺ نے دی تھی اور یہ آپ ﷺ کا معجزہ تھا۔

منظر للماء في وادي العاقول — وادی عاقول میں پانی کا منظر

سد وادي العاقول — عاقول ڈیم



علامہ ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ اس حدیث سے مراد وہ آگ ہے جو مدینہ منورہ کے ارد گرد سنہ ۶۵۴ھ میں نمودار ہوئی۔

علامہ قسطلانیؒ (جو اس آگ کے ظہور کے وقت مکہ مکرمہ میں تھے) فرماتے ہیں: جمعہ کے روز دوپہر کے وقت یہ آگ نمودار ہوئی اور فضا اس کے دھویں سے کالی ہوگئی اور اندھیرا چھا گیا، رات کے وقت اس کے شعلے نظر آنے لگے، مدینہ منورہ کی جنوب مشرقی جانب یہ آگ ایک بڑے شہر کیطرح نظر آتی تھی پھر بنو قریظہ یہودیوں کے علاقہ کی طرف بڑھی پھر حرہ شرقیہ میں بڑھتی ہوئی وادی قناۃ میں بھڑکنے لگی جب وہ کسی پہاڑ اور چٹان سے گذرتی تو اُس کو ریزہ ریزہ کردیتی اسکے شعلے پہاڑوں اور ٹیلوں کی طرح محسوس ہوتے تھے، اور یہ پتھروں کو یوں دور پھینکتی تھی جیسے سمندر کی موجیں ہوں وہ یوں بڑھتی اور بھڑکتی تھی جیسے دریا میں طغیانی آگئی ہو اور اُسکی آواز آسمانی بجلی کی گرج کڑک کی طرح تھی۔ وہ بڑے بڑے پتھروں کو بہاتی ہوئی لیجا رہی تھی جو وادی کے آخر میں جمع ہوگئے اور وادی پر ایک طبعی بند کی شکل بن گئی۔ بعد میں جب وادی میں پانی آیا تو یہاں رک گیا اور تا حدّ نظر پانی ہی پانی نظر آنے لگا پھر سنہ ۶۹۰ھ میں پانی کے دباؤ سے یہ بند ٹوٹ گیا اور وادی قناۃ اپنے طبعی انداز میں بہنے لگی۔

سعودی حکومت نے وادی قناۃ عاقول میں مختلف بند باندھ کر پانی کو ڈیم کی شکل دیدی ہے تا کہ یہ پانی زراعت میں استعمال ہو اور وادی کے تیز بہاؤ کی وجہ سے مدینہ منورہ میں سیلاب کی شکل نہ بنے۔

غابہ: (جنگل) مدینہ منورہ کی شمالی سمت اور جبل احد کی مغربی جانب ایک جگہ ہے، جہاں گھنے درخت تھے، چونکہ تمام وادیوں کا پانی مدینہ منورہ سے گذر کر یہاں جمع ہوجاتا ہے۔ اب وہاں ڈیم بنادیا گیا ہے تاکہ اس پانی سے استفادہ کیا جا سکے، آجکل یہ جگہ خُلیل کہلاتی ہے جو مسجد نبوی شریف سے تقریباً بارہ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔

☆ نبی اکرم ﷺ کا منبر اسی جنگل کی لکڑی سے بنایا گیا۔

☆ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کی ملکیتی زمین بھی اسی علاقہ میں تھی۔

☆ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کے بیس اونٹ یہاں چر رہے تھے کہ عبدالرحمٰن فزاری کے لشکر نے حملہ کیا اور چرواہے کو قتل کر کے اونٹ لے گیا۔ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو انہوں نے شامی ثنیۃ الوداع پر ایک آواز لگائی اور اکیلے ہی حملہ آوروں کا تعاقب کیا اور دشمن پر پتھر اور تیر برسائے تو وہ بھاگے، حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ نے تعاقب جاری رکھا تا آنکہ مسلمان کمک بھی پہنچ گئی اور دشمن اونٹ چھوڑ کر بھاگ گئے۔ اس واقعہ کا تذکرہ صحیح بخاری کی حدیث نمبر ۴۱۹۴ میں بھی ہے۔

Marfat.com

مدینہ منورہ کے بعض تاریخی کنویں

مدینہ منورہ کے سات مشہور تاریخی کنویں درج ذیل ہیں۔ بئر عہن، بئر اریس، بئر خاتم، بئر بصۃ، بئر بضاعہ، بئر غرس، بئر رومہ، بئر عثمان، بئر حا۔

بئر رومہ: (بئر عثمان رضی اللہ عنہ) مسجد نبوی شریف سے تقریباً ۴،۵ کیلومیٹر اور مسجد قبلتین سے ایک کیلومیٹر کے فاصلہ پر ازہری محلّہ میں وادی عقیق کے کنارے واقع ہے۔ اور اب محکمہ زراعت کے تابع ہے۔

جب نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو میٹھے پانی کا یہ بڑا کنواں ایک یہودی کی ملکیت تھا، جو لوگوں کو پینے کا پانی قیمتاً مہنگا دیتا تھا۔ نبی خاتم ﷺ نے فرمایا: جو شخص مسلمانوں کیلئے بئر رومہ خریدے گا اسے جنت میں اس سے بہتر انعام ملے گا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے آدھا کنواں خرید کر مسلمانوں کیلئے وقف کر دیا۔ یہودی نے کہا: ایک دن آپ کا اور ایک دن میرا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ والے دن مسلمان اپنی دو دن ضرورت کا پانی بھر لیتے اور یہودی سے نہ خریدتے، وہ کہنے لگا: آپ نے تو میرا کاروبار خراب کر دیا۔ حضرت عثمانؓ نے باقی نصف حصہ بھی خرید لیا، اور امیر، غریب و مسافر سب کیلئے وقف کر دیا۔ (تفصیل کیلئے۔ جامع ترمذی حدیث نمبر ۳۶۹۹، ۳۸۰۲ سنن نسائی)

بئر اریس: (بئر خاتم) مسجد قباء کے قریب مغربی جانب واقع تھا۔ چودھویں صدی ہجری کے آخر میں سڑک کی توسیع کیلئے دفن کر دیا گیا۔ ایک دن نبی رحمت ﷺ نے پنڈلی سے کپڑا ہٹایا اور اس میں پاؤں لٹکا کر بیٹھ گئے، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بطور دربان کھڑے ہو گئے، تھوڑی دیر بعد حضرت ابوبکرؓ آئے اور حاضری کی اجازت مانگی۔

آپؐ نے حضرت ابو موسیٰؓ کو فرمایا کہ: انہیں اجازت دیدو اور جنت کی بشارت سناؤ۔ وہ آکر آپؐ کے دائیں طرف بیٹھ گئے پھر حضرت عمرؓ نے آکر اجازت مانگی۔ آپؐ نے فرمایا: انہیں بھی اجازت دو اور جنت کی خوشخبری سناؤ۔ وہ آپؐ کے بائیں طرف بیٹھ گئے۔ پھر حضرت عثمانؓ آئے اور اجازت مانگی۔ آپؐ نے فرمایا: اجازت دیدو اور جنت کی بشارت سناؤ نیز بتادو کہ ان پر ایک بڑی آزمائش آئیگی، وہ آکر سامنے بیٹھ گئے۔

☆ اس کنویں کو بئر خاتم (انگوٹھی والا کنواں) کہنے کی وجہ یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی استعمال کی جو آپؐ کے بعد خلیفہ اول حضرت ابوبکرؓ اور پھر خلیفہ دوم حضرت عمرؓ کے ہاتھ میں رہی پھر خلیفہ سوم حضرت عثمانؓ کے ہاتھ میں تھی کہ اچانک اس کنویں میں گر گئی۔ اس پر محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا۔ (صحیح مسلم حدیث نمبر ۲۹۱)

بئر حا: مسجد نبوی شریف کی شمالی جانب حضرت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کا باغ تھا، اس میں ایک کنواں تھا جو ماضی قریب تک موجود رہا۔ سنہ ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۴ء میں دوسری سعودی توسیع کے دوران مسجد میں شامل ہو گیا۔ اب اس کی جگہ باب ملک فہد نمبر ۲۱ میں داخل ہو کر چند میٹر کے فاصلہ پر بائیں طرف ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار مدینہ میں حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے زیادہ باغ تھے، مسجد نبوی کے سامنے بیرحا والا باغ انہیں بہت پسند تھا۔ رسول اللہ ﷺ یہاں تشریف لاتے اور بئر حا کا پانی نوش فرماتے، جب یہ آیت نازل ہوئی ''تم ہرگز نیکی کو نہیں پہنچ سکتے جب تک اپنی پسندیدہ چیز اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرو'' [آل عمران: ۹۲]۔ تو حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے اس فرمان الٰہی کے حوالے سے عرض کیا: آقا! بئر حا والا باغ جو مجھے زیادہ پسند ہے اللہ کی راہ میں صدقہ کرتا ہوں۔ آپؐ اسے جہاں مناسب سمجھیں

استعمال فرمائیں۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ٹھہرو۔ یہ تو بڑا نفع بخش سودا ہے، یہ تو بڑا نفع بخش سودا ہے، اب میری رائے ہے کہ تم اسے اپنے رشتہ داروں میں تقسیم کردو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ آقا ایسا ہی کرتا ہوں۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر ۴۵۵۴)

بئر بضاعہ: سقیفہ بنی ساعدہ کی شمالی جانب بنو ساعدہ کا مشہور کنواں تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کا پانی استعمال فرمایا۔ مدینہ منورہ کے مرکزی علاقہ کی تنظیم وتنسیق کے دوران اس کا اثر بھی زائل ہوگیا۔

بئر غرس: مسجد قبا کی شمالی جانب تقریباً ایک کلومیٹر کے فاصلہ پر مدارس شادی کے قریب ہے جسکے گرد دیوار بنا کر اور پر چھت ڈال دی گئی ہے، میرے آقا ﷺ اسکا پانی نوش فرماتے تھے، اور آپ ﷺ نے اپنی وفات کے بعد اسکے پانی سے غسل دینے کی وصیت فرمائی: ایک شاعر کہتے ہیں:

مجھے بیر غرس کی چاہ ہے میری تشنگی ہی گواہ ہے
یہ وہ تشنگی نہیں تشنگی جو بجھے شرابِ سرور سے

بئر سقیا: (ملاحظہ ہو : مسجد سقیا)

بئر عروۃ: حضرت عروۃ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے یہ کنواں کھدوایا تھا۔ مکہ مکرمہ کیلئے قدیم سڑک شارع عمر رضی اللہ عنہ پر وادی عقیق کے پل کے قریب بائیں جانب واقع ہے، مسجد نبوی شریف سے تقریباً ۴,۵ کیلومیٹر دور ہے اور ابھی تک محفوظ ہے۔ قریب ہی قصر عروۃ ہے۔ تاریخی کتب میں یہاں مسجد عروۃ کا ذکر بھی ملتا ہے۔ بئر عروۃ کی بابت مؤرخین لکھتے ہیں کہ اس کا پانی بہت ہلکا اور میٹھا تھا۔ عربی شاعری میں بھی اسکا تذکرہ ملتا ہے۔

بئر غرس بئر غرس (کنواں)

قصر عروة بن الزبير عروہ بن زبیر کا قلعہ نما محل

قصرِ عروہ

رسول رحمت ﷺ نے حضرت بلال بن حارث ؓ کو عقیق کی زمین عطا فرمائی اور یہ تحریر لکھ دی: بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللہ کے رسول محمد ﷺ نے بلال بن حارث ؓ کو عقیق کی یہ زمین عطا کی تا کہ وہ اسے آباد کرے۔"

☆ جب حضرت عمر ؓ مسند آرائے خلافت ہوئے تو فرمایا: اے بلال ؓ اس عطائے نبوی کو آباد کرو، جتنی زمین آباد کرلو وہ تمہاری ہے اور باقی زمین میں لوگوں میں تقسیم کردوں گا، حضرت بلال ؓ نے عرض کیا: تم اللہ کے رسول ﷺ کا عطیہ مجھ سے واپس لینا چاہتے ہو؟ آپؓ نے فرمایا کہ اللہ کے رسول ﷺ نے تمہیں یہ زمین اِس شرط پر دی تھی کہ تم آباد کرو گے نہ اس لئے کہ تم اِس پر قبضہ جمائے رکھو۔

الغرض جس زمین کو حضرت بلال ؓ آباد نہ کرسکے حضرت عمر ؓ نے وہ اُن سے واپس لے کر مسلمانوں میں تقسیم کردی۔ اور بئر عروہ کی جگہ کھڑے ہوکر فرمایا: یہ بڑی اچھی زمین ہے کون لینا چاہتا ہے؟ حضرت خوات بن جبیر ؓ نے عرض کیا کہ مجھے دیدیں۔ آپؓ نے اُنکو دیدی۔

☆ سنہ ۳۱ھ میں حضرت عروہ بن زبیرؓ نے اِسمیں سے کچھ جگہ خرید کر باغ لگایا اور بہت بڑا قلعہ نما محل بنایا جسکے آثار آج تک موجود ہیں۔



عین الزرقاء

مدینہ منورہ کے رہائشی کنووں کا پانی استعمال کرتے تھے، جب امیر المومنین حضرت معاویہ ؓ نے دمشق میں آب رسانی کا جدید نظام قائم کیا تو مدینہ منورہ کے گورنر حضرت مروان کو لکھا کہ: مجھے حیا آتی ہے کہ دمشق کے باسیوں کو گھر کے قریب پانی میسّر ہو اور مدینہ منورہ کے باسی دور دراز کنوں سے پانی لائیں، لہذا وہاں بھی آب رسانی کا بہتر نظام قائم کرو۔ مروان نے ماہرین کے مشورہ کے بعد قبا کے کنووں کو باہم ملایا اور اُنکے پانی کو ایک زیر زمین نہر میں جاری کیا جو قبا سے شروع ہو کر مدینہ منورہ سے گذرتی، اور مختلف جگہ اُسے اِس انداز سے کھولا کہ لوگ اپنی ضرورت کا پانی لے سکیں۔

یہ نہر چودھویں صدی کے وسط تک اہلِ مدینہ کو سیراب کرتی رہی، ۱۳۴۹ھ میں ملک عبدالعزیزؒ نے ایک نگران کمیٹی تشکیل دی جس نے اسکی مرمت کی اور پھر اِسمیں پائپ ڈال کر آب رسانی کے ایک جدید نظام کی بنیاد رکھی۔ تا آنکہ ہر گھر میں سرکاری پانی کا کنیکشن دیدیا گیا پھر پانی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے پیش نظر سمندری پانی کو صاف کر کے اِسمیں ملا دیا، اب محکمہ آب رسانی نے مختلف علاقوں میں بیس ٹینکیاں بنادی ہیں جہاں سے پانی سپلائی ہوتا ہے۔ سب سے بڑی اور خوبصورت ٹینکی قبا میں ہے جسکی بلندی ۹۰ میٹر ہے۔

ہمیں اللہ تعالیٰ کی اس عظیم نعمت کی قدر کرتے ہوئے پانی کے استعمال میں میانہ روی سے کام لینا چاہیے۔

رسم تقريبي لمجرى العين الزرقاء ومناهلها سنة ١٣٥٤هـ


1 منهل بوادي بطحان
2 منهل
3 منهل
4 منهل باب قباء
5 منهل الباب المصرى
6 منهل باب السلام
7 منهل حارة الأغوات
8 منهل بقلعة الباب الشامي
9 منهل الزكي
10 منهل العطن
قرية قباء
مبدأ العين الزرقاء
مسجد قباء
العوالي
قربان
قلعة قباء
مسجد الجمعة
منازل بني النجار
طريق قباء
مجرى العين الزرقاء
الحرة الغربية
باب قباء
باب العنبرية
سور المدينة المنورة
المسجد النبوي
البقيع
جبل سلع
الباب المجيدي
الباب الشامي
مسجد السبق
جبل سلع
السعادية
ثنية الوداع
مسجد الراية
طريق أحد
الحرة الشرقية
فائض العين الزرقاء
مسجد المستراح وبجانبه القلعة
مسجد الشيخين
مقبرة شهداء أحد
العيون
جبل أحد
مسجد
قلعة
بستان
منهل
مجرى العين الزرقاء
طريق
سور المدينة المنورة
مد إلياس

مسجد نبوی شریف کی لائبریری

سنہ ۱۳۵۲ھ میں یہ لائبریری قائم ہوئی اور شیخ احمد یاسین خیاری (متوفی ۱۳۸۰ھ) اس کے پہلے نگران مقرر ہوئے، سنہ ۱۳۹۹ھ میں اِسے مسجد نبوی شریف کی شمالی سمت باب عمر ؓ سے متصل ہال میں منتقل کر دیا گیا، مسجد نبوی شریف کی دوسری سعودی توسیع کے بعد اب یہ لائبریری مسجد کے درمیان میں آچکی ہے دوسری سعودی توسیع کے ایک دروازہ کا نام باب عمر ؓ رکھ دیا گیا ہے لہٰذا لائبریری سے متصل اس دروازہ کو باب عمر ؓ قدیم کہا جاتا ہے، مسجد کی توسیع کے ساتھ ہی لائبریری کو بھی وسعت دیگئی جو سات مطالعہ ہالوں پر مشتمل ہے اور اسمیں ساٹھ ہزار سے زائد مطبوعہ کتب ہیں جنکی تفصیل درج ذیل ہے:

پہلا اور دوسرا مطالعہ ہال باب عمر ؓ قدیم سے متصل ہے پہلے ہال میں علوم حدیث اور دوسرے ہال میں علوم تفسیر سے متعلقہ کتب ہیں، باب عثمان ؓ قدیم سے متصل تین ہالوں میں سے تیسرا ہال اصول فقہ اور فقہ کی کتب پر مشتمل ہے جو مذہب حنفی مذہب مالکی مذہب شافعی اور مذہب حنبلی کے عنوانات کے تحت مرتب ہیں، چوتھا ہال تاریخی کتب اور پانچواں ہال مخطوطات پر مشتمل ہے، ۲۲ نمبر دروازے کے قریب تہہ خانہ میں رسائل ومجلات کی لائبریری ہے جبکہ ۲۹ نمبر دروازہ سے متصل خواتین کی لائبریری ہے۔

مسجد نبوی شریف کی لائبریری صبح ۳۰،۷ سے شام ۹ بجے تک مسلسل کھلی رہتی ہے، سنہ ۱۴۲۳ھ میں دو لاکھ سے زائد افراد نے اس سے استفادہ کیا۔



مكتبة المسجد النبوي الشريف مسجد نبوی شریف کی لائبریری

مكتبة المسجد النبوي الشريف مسجد نبوی شریف کی لائبریری



ملک عبدالعزیز لائبریری

ملک عبدالعزیز لائبریری مدینہ منورہ کی بڑی لائبریری ہے جس کا نظم ونسق سعودی وزارت مذہبی امور کے سپرد ہے۔ اِسمیں بہت سی مطبوع کتابوں کے علاوہ مخطوطات کا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔

شاہ فیصل مرحوم نے ۱۳۹۳/۱/۳ھ - ۱۹۷۳/۲/۷ء میں اسکا سنگ بنیاد رکھا، پھر ۱۴۰۳/۱/۱۶ھ - ۱۹۸۲/۱۱/۲ء میں خادم حرمین شریفین شاہ فہد نے اسکا افتتاح کیا۔

یہ لائبریری مسجد نبوی شریف کی مغربی جانب مناخہ روڈ پر واقع ہے، اِسکی چار منزلیں ہیں، جو شعبہ قرآن کریم، شعبۂ مطبوعات، شعبۂ مخطوطات، شعبہ برائے خواتین اور کانفرنس ہال وغیرہ پر مشتمل ہیں۔ اسمیں قرآن کریم کے ۱۸۷۸ مخطوط نسخے موجود ہیں جن میں قدیم ترین دو نسخے سنہ ۴۸۸ھ اور سنہ ۵۴۹ھ کے لکھے ہوئے ہیں۔ جبکہ عام مخطوط کتب کی تعداد ۱۳۰۰۰ ہے جنکی حفاظت کا خاطر خواہ بندوبست کیا گیا ہے، جبکہ نادر مطبوعہ کتابوں کے لئے ایک ہال مخصوص کیا گیا ہے جنکی تعداد ۲۵۰۰۰ ہے اور دیگر مطبوعہ کتب ۴۰۰۰۰ سے متجاوز ہیں، اس لائبریری میں ایم اے اور پی ایچ ڈی کے مقالہ جات اور علمی مجلّات کو جمع کرنے کا بھی اہتمام ہے۔

اس لائبریری کی ایک اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ اِسمیں مدینہ منورہ کی


مسجد الغمامة
مسجد ابي بكر
مسجد علي

ساحة مصلى العيد (المناخة)

عیدگاہ (مناخہ)

مكتبة الملك عبدلعزيز

کنگ عبدالعزیز لائبریری



بہت سی قدیم وجدید لائبریریوں کو جمع کر دیا گیا ہے۔ جسمیں عارف حکمت لائبریری، محمودیہ لائبریری، مدینہ منورہ کی پبلک لائبریری اور مدرسہ احسانیہ، مدرسہ ساقزلی، مدرسہ شفاء، مدرسہ عرفانیہ، مدرسہ قازانیہ، مدرسہ کیلی ناظری، اور رباط سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ رباط جبرت، رباط قرہ باش، رباط بشیر آغا، اور مدینہ منورہ کے بعض علماء کی لائبریریاں شامل ہیں۔

یہ لائبریری صبح وشام کھلتی ہے۔ مطالعہ کے علاوہ اہم مضامین کی فوٹو کاپی کرنے کی سہولت بھی موجود ہے نیز یہاں مختلف اوقات میں علمی اجتماعات بھی منعقد ہوتے رہتے ہیں۔

فون: ۸۲۲۵۹۳۸ ، فیکس: ۸۲۳۲۱۲۶ ، پوسٹ بکس نمبر ۶۴۳۴ مدینہ منورہ

کنگ فہد قرآن پرنٹنگ پریس

خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز نے اِسکا سنگ بنیاد ۱۴۰۳/۱/۱۶ھ - ۱۹۸۲/۱۱/۲ء کو رکھا۔ اور ۱۴۰۵/۲/۶ھ - ۱۹۸۴/۱۰/۳۰ء کو اِسکا افتتاح کیا۔ یہ ادارہ وزارت مذہبی امور کی نگرانی میں سرگرم عمل ہے۔ اِسکے اہم مقاصد درج ذیل ہیں:

۱- قرآن کریم کی طباعت واشاعت

۲- مشہور قراءکرام کی آواز میں قرآن کریم کی ریکارڈنگ

۳- قرآن کریم کے تراجم وتفاسیر کی اشاعت

۴- علوم قرآن پر ریسرچ وتحقیق

۵- سیرۃ وسنتِ نبویہ شریفہ پر تحقیقی کام

۶- اسلامی لٹریچر کی تیاری اور اسکی اشاعت

۷- اندرون وبیرونِ مملکت حسبِ ضرورت ادارہ کی مطبوعات کی فراہمی

۸- مجمع کی مطبوعات کو انٹرنیٹ پر متعارف کرانا

اس مجمع میں سالانہ مختلف قسم کے دس ملین سے زیادہ نسخے چھپتے ہیں جو ہدیۃً تقسیم کیے جاتے ہیں البتہ ایک مخصوص مقدار فروخت کے لئے بھی چھاپی جاتی ہے۔ ابھی تک بیس مختلف سائزوں میں قرآن کریم چھپ چکے ہیں جبکہ چھ مختلف آوازوں میں اسکی ریکارڈنگ بھی مکمل ہوگئی ہے جو کہ آڈیو کیسٹ اور سی ڈی پر دستیاب ہیں۔ ابھی تک مجمع نے درج ذیل زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم شائع کیے ہیں:

۱	اسپینی	۲	البانی	۳	انڈونیشی	۴	انگریزی
۵	اَنکو	۶	اردو	۷	اَوروی	۸	الیغوری
۹	پشتو	۱۰	بروہی	۱۱	بنگالی	۱۲	بوسنی
۱۳	برمی	۱۴	تغالو	۱۵	تامیلی	۱۶	ترکی
۱۷	تھائی لینڈی	۱۸	زولو	۱۹	صومالی	۲۰	چینی
۲۱	فارسی	۲۲	فرنسی	۲۳	قازاقی	۲۴	کشمیری
۲۵	کوری	۲۶	مقدونی	۲۷	ملیباری	۲۸	ہوسا
۲۹	یوربا	۳۰	یونانی	۳۱	ایرانونی	۳۲	روسی
۳۳	نجری	۳۴	جرمن	۳۵	مندری	۳۶	شیشوا
۳۷	امازیغی	۳۸	پرتگالی	۳۹	ویتنامی	۴۰	امہری

☆ مجمع میں ملازمین کی تعداد تقریباً ۱۷۰۰ ہے، اِسکا رقبہ دولاکھ پچاس ہزار مربع میٹر ہے جسمیں مسجد، دفاتر، رہائش، سٹور، مارکیٹ، ڈسپنسری اور لائبریری وغیرہ ہیں۔

☆ مجمع میں مختلف کمیٹیاں ہیں جو اپنے اپنے دائرہ میں قرآن کریم، سیرۃ وسنت اور دیگر اسلامی موضوعات پر تحقیقی کاموں میں مصروف ہیں۔ مزید معلومات کیلئے:

www.qurancomplex.org - www.qurancomplex.net

ای میل : kfcphq@qurancomplex.org

ص.ب ۶۲۶۲ ، مدینہ منورہ ، فون ۸۶۱۵۶۰۰ ، فیکس ۸۶۱۵۵۲۵

مجمع الملك فهد لطباعة المصحف الشريف
مصحف المدينة النبوية
هدية خادم الحرمين الشريفين للمسلمين في أرجاء الأرض

جامعہ اسلامیہ (مدینہ یونیورسٹی)

سنہ ۱۳۸۱ھ میں وادی عقیق کے کنارہ پر یہ یونیورسٹی قائم ہوئی جسمیں بی اے کی سطح پر پانچ تخصصی شعبے ہیں: کلیۃ القرآن الکریم-کلیۃ الحدیث الشریف-کلیۃ الشریعۃ- کلیۃ الدعوۃ واصول الدین-کلیہ لغۃ عربیۃ۔ اِس مرحلہ میں اعلیٰ نمبروں میں پاس ہونے والوں کو ایم اے اور پی ایچ ڈی میں داخلہ دیا جاتا ہے۔ یونیورسٹی کے ماتحت ایک مڈل اور میٹرک سکول ہے نیز عربی سکھانے کا ایک شعبہ اور دارالحدیث مدینہ منورہ، دارالحدیث مکہ مکرمہ بھی ہیں۔

یہاں تقریباً ۱۳۸ ملکوں کے چھ ہزار طلبہ تعلیم حاصل کرتے ہیں جنکی سالانہ آمدورفت کے اخراجات، رہائش، علاج اور نصابی کتب یونیورسٹی کے ذمہ ہیں بلکہ انہیں معقول ماہانہ وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔

جامعہ اسلامیہ میں نمائش کتب کا سالانہ اہتمام ہوتا ہے نیز اندرون وبیرون ملک مختلف تربیتی پروگرام منعقد ہوتے ہیں جن سے ہزاروں لوگ استفادہ کرتے ہیں، جامعہ نے مختلف زبانوں میں بہت سی کتب شائع کی ہیں اور مملکت سعودیہ کے سوسالہ جشن میں بھی شرکت کی ہے۔ (طیبۃ والملک ص ۷۵-۷۷)

ای میل: 0(iu@ill.edu.sa ویب سائٹ: www.iu.edu.sa
پوسٹ بکس نمبر ۱۷۰، مدینہ منورہ، فون وفیکس ۸۴۷۲۴۱۷

فلولا نفر من كل فرقة منهم طائفة ليتفقهوا في الدين
ولينذروا قومهم إذا رجعوا إليهم لعلهم يحذرون

مدخل الجامعة الإسلامية — جامعہ اسلامیہ کا مین گیٹ

إدارة الجامعة الإسلامية — مدیر جامعہ کا دفتر

إدارة الجامعة

مرکز تحقیقات- مدینہ منورہ

یہ ادارہ مدینہ منورہ سے متعلق معلومات کو مختلف مصادر و مراکز سے جمع کرتا ہے اور تحقیق و ریسرچ کے بعد انہیں نشر و اشاعت کیلئے تیار کرتا ہے نیز اسکے تحقیقی کام کو ویب سائٹ سے منسلک کر دیا گیا ہے تاکہ مدینہ منورہ پر تحقیقی کام کرنے والے اُس سے استفادہ کر سکیں۔

ابھی تک اس مرکز نے سی ڈی پر مختلف پروگرام تیار کیے ہیں اور بعض تحقیقی کتابیں شائع کی ہیں جنمیں فیروزآبادی کی ''المغانم المطابة فی معالم طابة'' سرفہرست ہے یہاں سے ایک سہ ماہی تحقیقی رسالہ بھی شائع ہوتا ہے مرکز نے مدینہ منورہ کے تین تاریخی ماڈل تیار کیے ہیں:

۱- قدیم فصیل (دیوار) کے درمیان مدینہ منورہ کے خدّوخال. (ماڈل کا سائز: ۸,۵×۵,۵م=۴۵ مربع میٹر ہے۔

۲- اَ: شارع ملک فیصل کے درمیان ترقیاتی سکیم سے قبل مدینہ منورہ کا منظر. ماڈل کا سائز ۳×۴=۱۲ مربع میٹر ہے۔

ب: ترقیاتی سکیم کی تکمیل کے بعد کا منظر ۳×۴=۱۲ مربع میٹر ہے۔

مزید تفصیل کیلئے ویب سائٹ: www.almadinah.org

ای میل: info@almadinag.org

ص.ب ۳۶۶۲، مدینہ منورہ، فون ۸۲۷۰۵۶۱، فیکس ۸۲۲۶۴۸۵

جانب من مجسم المدينة المنورة (منظر قديم)

مدینہ منورہ کا ماڈل (قدیم منظر)

مجسم المنطقة المركزية بعد التطوير

تعمیر و ترقی کے بعد منطقہ مرکزیہ کا ماڈل



Marfat.com

مدینہ منورہ، ترقیاتی پروگرام

خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز -حفظہ اللہ- نے فرمایا:

☆ حرمین شریفین اور مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ کی ترقی کیلئے میں جو کچھ کرسکتا ہوں اسمیں ایک لمحہ بھی تردّد نہیں کروں گا۔

☆ ان شاء اللہ ہم اسلام، مسلمانوں، بیت اللہ اور مسجد نبوی شریف کی خدمت کرتے رہیں گے۔

☆ آج مدینۃ الرسول ﷺ میں یہ اعلان کرتے ہوئے مجھے خوشی محسوس ہورہی ہے کہ جب سے میں نے اپنے وطن عزیز کا اقتدار سنبھالا ہے اس دن سے میری شدید خواہش تھی کہ میں اپنے لئے صاحب الجلالہ کی بجائے خادم حرمین شریفین کا لقب اپناؤں جو کہ میرے لئے باعث شرف ہے۔

☆ حکومت سعودیہ کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے کہ جب تک اللہ کو منظور ہے طواف اعتکاف اور رکوع وسجدہ کرنے والوں کے لئے حرمین شریفین پاک صاف رہیں اور ہر اُس چیز سے دور رہیں جو حج وعمرہ اور صحیح عبادت کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔

خادم حرمین شریفین -حفظہ اللہ- نے مدینہ منورہ کی ترقیاتی سکیموں کو آگے بڑھا کر اپنے اِن اقوال کو عملی جامہ پہنایا، مسجد نبوی شریف کی تعمیر وتوسیع، تاریخی مساجد کی تعمیر وترمیم، بقیع شریف کی توسیع، منطقہ مرکزیہ کی تنظیم نو اور سڑکوں کا جال اس حقیقت کا عملی ثبوت ہے۔ پہلی رنگ روڈ کی تنظیم وتوسیع، ۲۷ کیلومیٹر لمبی دوسری

منظر للمدينة المنورة سنة ١٣٢٠هـ

1905 میں مدینہ منورہ کا ایک منظر

منظر للمدينة المنورة بعد التطوير

مدینہ منورہ کا ایک جدید منظر

رنگ روڈ اور ۷۰ کیلو میٹر لمبی تیسری رنگ روڈ، مسجد نبوی شریف سے ۱۳ کیلو میٹر لمبی کنگ عبد العزیز روڈ اور جبل احد تک کنگ فہد روڈ کے علاوہ بہت سی سڑکوں کی تعمیر نے وقت کی بچت کے ساتھ ساتھ نقل و حرکت کو آسان بنا دیا ہے اور تعمیر و ترقی کی نئی راہیں کھلی ہیں۔

☆ یہاں اس خوبصورت حقیقت کا اظہار بھی مناسب ہے کہ مدینہ منورہ کی مرکزی اور ذیلی شاہراہوں کو خلفاء راشدین اور صحابہ کرام وعلماء امت رضی اللہ عنہم کیطرف منسوب کیا گیا ہے مثلاً: شارع سلطانہ کا نیا نام شارع ابو بکر صدیق ؓ، شارع مکہ قدیم کا نام شارع عمر فاروق ؓ، شارع عیون کا نام شارع عثمان ذوالنورین ؓ، شارع عوالی کا نام شارع علی مرتضی ؓ ہے نیز شارع تبوک کا نام شارع خالد بن ولید ؓ اور احد جانے والی ایک سڑک کا نام شارع سید الشہداء ؓ ہے وغیرہ۔

دوسرے شہروں سے ملانے کیلئے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ۴۴۳ کیلو میٹر لمبی شارع ہجرہ اور ینبع کو ملانے کیلئے ۱۷۳ کیلو میٹر اور قصیم کو ملانے کے لئے ۴۵۰ کیلو میٹر لمبی سڑکیں بچھائی گئی ہیں جبکہ قدیم سڑکیں اِن سے لمبی اور تنگ تھیں۔

ترقی کے دیگر شعبوں میں تعلیم عام کرنے کے لئے سکول کالج اور یونیورسٹیوں کا قیام، زراعت کی ترقی، تفریحی پارک، پانی، بجلی اور اتصالات وغیرہ شامل ہیں۔ جبکہ تمام شعبہ ہائے زندگی میں مسلسل ترقی کیلئے شبانہ روز محنت جاری ہے جسے ہر وہ شخص عملاً دیکھتا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے قیام مدینہ منورہ اور زیارت کا شرف بخشا ہے۔

المنطقة المركزية


شارع السلام
شارع عمر
Umar Road
مسجد السبق
مسجد الصديق
مسجد عمر
مسجد علي
مسجد الغمامة
مسجد عثمان
King Faisal Road (1st Ring Road)
شارع أبي ذر
Abuzar Road
شارع الملك فيصل (الطريق الدائري الأول)
شارع العوالي
Awali Road
شارع الملك
عبد العزيز
أسواق الحرم
Haram Markets
المحكمة الشرعية
سقيفة بني ساعدة
Saqeefa Bani Sa'eda
مسجد
Mosque

اہم مصادر و مراجع

١. القرآن الكريم	
٢. آثار المدينة المنورة .	عبدالقدوس الأنصارى (ت: ١۴٠٣ھـ
٣. أخبار مدينة الرسول ﷺ	محمد محمود بن النجار (ت: ٦۴٣ھـ)
۴. أسبوع العناية بالمساجد	١۴١٣ھـ، وزارة الأوقاف
٥. الاستبصار فى معرفة الصحابة من الأنصار .	ابن قدامة المقدسي
٦. تاريخ المدينة المنورة .	عمر بن شبة النميري (ت: ٢٦٢ھـ)
۷. تاريخ معالم المدينة المنورة قديماً وحديثاً .	أحمد ياسين الخياري (ت: ١٣٨٠ھـ)
٨. تحقيق النصرة بتلخيص معالم دار الهجرة .	زين الدين المراغي (ت: ١٣٨٠ھـ)
٩. التعريف بما آنست الهجرة من معالم دار الهجرة .	محمد المطرى (ت: ۷۴١ھـ)
١٠. تفسير القرطبى .	أبو عبدالله محمد القرطبي (ت: ٦٨١ھـ)
١١. تفسير الطبرى .	أبو جعفر محمد بن جرير الطبري (ت: ٣١٠ھـ)
١٢. تفسير القرآن العظيم .	عماد الدين إسماعيل بن كثير (ت: ۷۷۴ھـ)
١٣. الجامع لأبى عيسى الترمذى .	(ت: ٢۷٩ھـ)
١۴. الجامع الصحيح .	أبو عبدالله محمد بن إسماعيل البخاري (ت: ٢٥٦ھـ)
١٥. جوامع السيرة النبوية	ابن حزم (ت: ۴٦٥ھـ)
١٦. الجواهر الثمينة في محاسن المدينة	محمد كبريت الحسيني (ت: ١٠۷٠ھـ)
١۷. خلاصة الوفاء	نور الدين السمهودي (ت: ٩١١ھـ)
١٨. الجامع الصحيح .	أبو الحسين مسلم بن الحجاج (ت: ٢٦١ھـ)

١٩. دليل الإنجازات السنوى ١٣٠٩هـ .	وزارة الحج والأوقاف
٢٠. السنن لأبى داود السجستانى .	(ت: ٢٧٥هـ)
٢١. السنن لأبى عبدالله محمد بن يزيد بن ماجه	(ت: ٢٧٣هـ)
٢٢. السيرة النبوية	أبو محمد عبدالملک بن هشام
٢٣. الطبقات الكبرى	محمد بن سعد (ت: ٢٣٠هـ)
٢٤. عمدة الأخبار فى مدينة المختار.	أحمد بن عبدالحميد العباسي (ت: القرن الحادى عشر الهجرى)
٢٥. فتح البارى .	الحافظ ابن حجر العسقلاني (ت: ٨٥٢هـ)
٢٦. مجمع الزوائد ومنبع الفوائد .	نور الدين الهيثمي (ت: ٨٠٧هـ)
٢٧. مجموع فتاوى شيخ الإسلام ابن تيمية	
٢٨. المدينة المنورة بين الماضى والحاضر .	إبراهيم العياشى (ت: ١٣٠٠هـ)
٢٩. المدينة المنورة تطورها العمرانى .	صالح لمعى مصطفى
٣٠. المدينة المنورة في رحلة العياشي	أبو سالم عبدالله العياشي
٣١. مرآة الحرمين الشريفين .	إبراهيم رفعت باشا (ت: ١٣٥٣هـ)
٣٢. المساجد الأثرية في المدينة النبوية .	د/ محمد إلياس عبدالغنى
٣٣. المسند	الإمام أحمد بن حنبل
٣٤. المغانم المطابة فى معالم طابة .	مجد الدين محمد الفيروز آبادى (ت: ٨١٧هـ)
٣٥. وصف المدينة المنورة .	علي بن موسى الأفندى
٣٦. وفاء الوفا بأخبار دار المصطفى ﷺ	نور الدين علي السمهودي (ت: ٨١١هـ)
٣٧. هذه بلادنا .	وزارة الإعلام ١٣٠٩هـ)

فہرست مضامین

عنوان — صفحہ
مقدمہ 5
مدینہ منورہ کے نام ۷
مدینہ منورہ کی حدود (جدید نقشہ) 8
مشرقی محلہ (تقریبی نقشہ) ۱۰
مغربی محلہ ۱۰
جبل عیر، جبل ثور ۱۰
مدینہ منورہ کیلئے آقا ﷺ کی دعا ۱۱
مدینہ منورہ میں رہنے کی فضیلت ۱۴
مدینہ منورہ میں موت کی فضیلت ۱۴
عنوان — صفحہ
بقیع شریف (نقشہ اور فضائی منظر) ۱۴
طیبہ ، طابہ ۱۶
مدنی کھجور کی فضیلت ۱۶
مدنی مٹی کی فضیلت ۱۸
مدینہ منورہ میں ظلم کی سخت سزا ۱۸
مدینہ منورہ کا قدیم نقشہ ۱۹
مدینہ منورہ میں دجال نہ آئے گا ۲۰
دجال کی بابت مفصل حدیث ۲۰

مدینہ منورہ کی تاریخی مساجد

مسجد نبوی شریف کی فضیلت و آداب ۲۴
مسجد نبوی شریف کی تعمیر و توسیع ۲۶
مسجد نبوی شریف کے مینار ۲۸
دوسری سعودی توسیع کی بابت معلومات ۳۰
ریاض الجنہ (نقشہ اور تصویر) ۳۲
منبر کی فضیلت ۳۲
ستون حنانہ ۳۲
ستون عائشہ ؓ ۳۴
ستون ابی لبابہ ؓ ۳۴
حجرہ شریفہ (نقشہ) ۳۶
تدفین کا واقعہ ۳۸
مسجد نبوی شریف کے مختلف مناظر ۴۰-۴۴
مسجد قباء (نقشہ اور تصویر) ۴۶
قبیلہ بنو عمرو بن عوف ؓ ۴۶
مسجد دار سعد ؓ (نقشہ اور تصویر) ۴۸
قوت ایمانی کا حسین مظاہرہ ۴۸
مسجد جمعہ (تصویر) ۵۰
قبیلہ بنو سالم ؓ ۵۰
مسجد عتبان ؓ (موقع محل اور تصویر) ۵۲
مسجد بنی انیف ؓ (تصویر) ۵۲
مسجد سقیا (تصویر) ۵۴

عنوان ..... صفحہ

سقیا کنواں ۵۴
عیدگاہ (مفصل نقشہ) ۵۶
مسجد غمامہ (تصویر) ۵۸
مسجد ابوبکر رضی اللہ عنہ (تصویر) ۵۸
مسجد عمر رضی اللہ عنہ (تصویر) ۵۸
مسجد علی رضی اللہ عنہ (تصویر) ۶۰
غزوہ بنو قینقاع ۶۰
مسجد عثمانؓ و مسجد بلالؓ کی بابت نوٹ ۶۲
مسجد قبلتین (تصویر) ۶۴
قبیلہ بنو سلمہ رضی اللہ عنہم ۶۴
مسجد ابوذر رضی اللہ عنہ (تصویر) ۶۶
مسجد بنو دینار رضی اللہ عنہم (تصویر) ۶۶
مسجد اجابہ (نقشہ اور تصویر) ۶۸
قبیلہ بنو معاویہ رضی اللہ عنہم ۶۸
مسجد بنو ظفر (موقع محل) ۷۰
قبیلہ بنو ظفر رضی اللہ عنہم ۷۰
مسجد فضیخ (موقع محل) ۷۲
غزوہ بنو نضیر ۷۲
کعب بن اشرف یہودی کا قلعہ (تصویر) .. ۷۴
جُرف ۷۷
مسجد سبق (موقع محل اور تصویر) ۷۸
قبیلہ بنو زریق رضی اللہ عنہم (موقع محل) ۷۸
حفیاء ۷۸

عنوان ..... صفحہ

ثنیۃ الوداع (موقع محل) ۸۰
مسجد شیخین (تصویر) ۸۲
مسجد مستراح (تصویر) ۸۲
قبیلہ بنو حارثہ رضی اللہ عنہم ۸۲
احد پہاڑ اور اسکی فضیلت (تصویر) ۸۶
تیراندازوں کا پہاڑ (تصویر) ۸۶
جنگ اُحد (نقشہ) ۸۸
مسجد فسح (تصویر) ۹۰
شہداء احد کا قبرستان (تصویر) ۹۰
غزوہ حمراء الاسد ۹۲
مسجد رایہ (تصویر) ۹۴
ذباب پہاڑی (تصویر) ۹۴
خندق کی کھدائی (نقشہ خندق) ۹۴
جنگ خندق ۹۶
سلع پہاڑ (تصویر) ۹۸
مساجد فتح (سبعہ) (تصاویر) ۱۰۰
مسجد بنو حرام (تصویر) ۱۰۲
قبیلہ بنو حرام رضی اللہ عنہم ۱۰۲
مسجد بنی قریظہ (قدیم تصویر) ۱۰۴
غزوہ بنی قریظہ ۱۰۴
مسجد میقات (تصویر) ۱۰۶
مسجد منارتین (تصویر) ۱۰۸
بیداء ۱۰۸

عنوان صفحہ عنوان صفحہ

انصار کے بعض قبائل

بنو نجار رضی اللہ عنہم ۱۰۹
بنو حارث رضی اللہ عنہم ۱۱۰
انصار کی بستیوں کا محل وقوع (نقشہ) ۱۱۱
بنو بیاضہ رضی اللہ عنہم ۱۱۲
بنو عبد الاشہل رضی اللہ عنہم ۱۱۲
خزرج قبیلہ کی شاخیں ۱۱۳
دینی دعوت کا انداز ۱۱۴
بنو ساعدہ رضی اللہ عنہم ۱۱۴
اوس قبیلہ کی شاخیں ۱۱۵
سقیفہ بنو ساعدہ (محل وقوع) ۱۱۶

مدینہ منورہ کی بعض وادیاں

وادی عقیق (تصویر) ۱۲۰
وادی بطحان (تصویر) ۱۲۰
وادی مذینب ۱۲۲
وادی مہزور ۱۲۲
وادی قناۃ (تصویر) ۱۲۲
حضرت حمزہؓ کی قبر کی منتقلی کا واقعہ ۱۲۴
عاقول ڈیم (اہم دینی و تاریخی معلومات) ۱۲۴
وادیوں کا نقشہ ۱۲۵
حجاز کی آگ ۱۲۶
غابہ (جنگل) ۱۲۹

مدینہ منورہ کے بعض تاریخی کنویں

بئر عثمان رضی اللہ عنہ (بئر رومہ) ۱۳۰
بئر خاتم (بئر اریس) ۱۳۰
بئر حاء ۱۳۱
بئر بضاعہ ۱۳۲
بئر عروہ اور حضرت عروہ کا محل ۱۳۲
عین زرقاء اور آب رسانی کا نیا نظام ۱۳۶
عین زرقاء کا نقشہ ۱۳۷

مدینہ منورہ کے اہم اسلامی مراکز

مسجد نبوی میں لائبریری (تصویر) ۱۳۸
کنگ عبدالعزیز لائبریری (تصویر) ۱۴۰
کنگ فہد قرآن پرنٹنگ پریس (تصویر) ۱۴۳
جامعہ اسلامیہ (مدینہ یونیورسٹی) (تصویر) ... ۱۴۶
مدینہ منورہ کا تحقیقاتی مرکز ۱۴۸
مدینہ منورہ، ترقی کی ایک جھلک ۱۵۰
منطقہ مرکزیہ کا نقشہ (پہلی دائری سڑک) ... ۱۵۳
فہارس ۱۵۴-۱۶۰

آثار مؤلف

1	تاریخ مكة المكرمة	160 صفحہ	(عربی، مطبوع)
2	تاریخ مکہ مکرمہ خانہ کعبہ، حجر اسود، میزاب رحمت، حطیم، غلاف کعبہ، زمزم، مقام ابراہیمؑ صفا مروہ، مسجد حرام، منیٰ، مزدلفہ، عرفات، حدود حرم اور میقات کا تذکرہ	166 صفحہ	(اردو، مطبوع)
3	تاریخ مکہ مکرمہ (SEJARAH MEKAH)	136 صفحہ	(انڈونیشی، مطبوع)
4	تاریخ المدينة المنورة	160 صفحہ	(عربی، مطبوع)
5	تاریخ مدینہ منورہ مدینہ منورہ کے فضائل، حدود، تاریخی مساجد، صحابہؓ کے قبائل، انکا محل وقوع بعض وادیوں، کنووں، پہاڑوں، غزوات اور انکے محل وقوع کا تذکرہ	160 صفحہ	(اردو، مطبوع)
6	تاریخ مدینہ منورہ (HISTORY OF MADINAH)	192 صفحہ	(انگریزی، مطبوع)
7	تاریخ المسجد النبوی الشریف	208 صفحہ	(عربی، مطبوع)
8	تاریخ مسجد نبوی شریف مسجد نبوی شریف کے فضائل وآداب، تعمیر و توسیع، ریاض الجنہ منبر و محراب حجرہ شریفہ، اجسام مبارکہ کی منتقلی کی سازشیں اور گنبد خضراء کا تاریخی جائزہ	160 صفحہ	(اردو، مطبوع)
9	تاریخ مسجد نبوی شریف	160 صفحہ	(انڈونیشی، مطبوع)
10	بیوت الصحابہؓ حول المسجد النبوی الشریف	208 صفحہ	(عربی، مطبوع)
11	مسجد نبوی شریف کے پاس صحابہؓ کے مکانات حجرات شریفہ، اہل بیت، صفہ اور اصحاب صفہ، صحابہؓ کے مکانات سقیفہ بنی ساعدہ، جنازہ گاہ، قبر سیدہ فاطمہؓ اور بقیع کا مفصل تذکرہ	160 صفحہ	(اردو، مطبوع)
12	المساجد الأثریة فی المدینة النبویة	280 صفحہ	(عربی، مطبوع)
13	مدینہ منورہ کی تاریخی مساجد پینتیس تاریخی مساجد کا مفصل تذکرہ، قرآن وحدیث میں وارد شدہ واقعات سے ان کا ربط، موجودہ محل وقوع اور توسیع وترمیم کا بیان	160 صفحہ	(اردو، مطبوع)

اے میرے اللہ یہ سب تیری ہی عنایت وتوفیق سے ہے، بس قبول کرلیجیے۔

تراکرم ہے مری قلم پہ ☆ ترے حرم پہ جھکی ہوئی ہے

مزید کتب پڑھنے کے لیے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com


تاریخ
مكة المكرمة
قديما وحديثا

تاریخ
مکہ مکرمہ


SEJARAH
MEKAH


تاريخ
المدينة المنورة
المصورة


تاریخ
مدینہ منورہ


HISTORY OF
MADINAH
MUNAWWARAH


تاريخ
المسجد النبوي الشريف


بيوت الصحابة
حول المسجد النبوي الشريف


المساجد الأثرية
في المدينة النبوية


مسجد نبوی شریف


مسجد نبوی شریف کے پاس
صحابہ کے مکانات
پچاس مکانات، سقیفہ، سو مساجد، جنازگاہ اور بقیع


مدینہ منورہ
کی
تاریخی مساجد

اس کتاب میں

- مدینہ منورہ کی تقریباً ۱۵۰ قدیم وجدید تصاویر ونادر نقشے ہیں۔
- تمام معلومات احادیث صحیحہ اور معتمد کتابوں سے منقول ہیں۔
- مدینہ منورہ کے فضائل، اسکی حدود اور بعض انصاری قبائل کا موقع محل واضح کیا ہے۔
- تاریخی مساجد، انکا محل وقوع اور خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز کے دور میں انکی تعمیر وتوسیع کا تذکرہ ہے۔
- بعض تاریخی کنوؤں، وادیوں، پہاڑوں اور غزوات کے مقامات کا بیان ہے۔
- مدینہ منورہ کی بعض ترقیاتی سرگرمیاں اور اسلامی مراکز کا مختصر تذکرہ ہے۔

15 S.R.